روحانی وجسمانی امراض،نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

MAY 2022

جلد نمبر 13
شمارہ نمبر 1
قیمت 70 روپے

علاج بذریعہ جنتر منتر

مجرب عملیات وتعویذات

قران زہرہ ومشتری تسخیر کا باقوت عمل

اعمال حروفِ صوامت

استخارہ کے خاص اعمال

رشتہ،شادی کے مجرب اعمال

السر: علامات، پرہیز اور علاج

جدول قاضی الحاجات

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جاسکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جاسکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

سورج گرہن آغاز 30 اپریل رات 23:45۔ اختتام یکم مئی رات 03:37۔

چاند گرہن آغاز 16 مئی صبح 06:32۔ اختتام 16 مئی دوپہر 11:50۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- اَفَحَسِبْتُم کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 شوال المکرم ۱۴۴۳ھ / مئی 2022ء شمارہ 1

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

قیمت 70 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1440 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1740 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2340 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 29،28،27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید/موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ/بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجیے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1 منی آرڈر: بنام دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔

2 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

- easypaisa: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- JazzCash: 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977
- 2 #0*786* ملائیں اور Till Id 0016 5958 درج کریں۔
- UBL Omni: بنام خالد مقبول۔ 03437772772
- Upaisa: بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3 بینک اکاؤنٹس: درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات: بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات: بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجیے: darulamal.org/payment

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

دارالعمل چشتیہ پاکستان لاہور
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0322-7772772, 0343-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

مئی 2022ء

شوال المکرم ۱۴۴۳ھ

عنوان	صفحہ
اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
حلقۂ مریدین میں "مرشد کامل کی محبت" کے انداز	6
باطنی بیماریوں کے بارے میں سلطان العاشقین کے اقوال	7
روحانیات و تصوف (قیصر احمد بی اے، کراچی)	11
خاص خاص نوافل (حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ)	12
مجرب عملیات و تعویذات (حضرت مولانا امان اللہ رحمہ اللہ)	13
اعمال حروف صوامت (حضرت پیر صوفی غلام سرور شباب قادری)	16
مجرب قرآنی عملیات (حضرت ڈاکٹر سیّد محمود الحسن رحمہ اللہ)	19
تعویذ حقیقت اور احتیاط (مولانا محمد عظیم معین)	21
جسمانی بیماریوں کے لیے روحانی اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	27
رشتہ شادی کے مجرب اعمال (حضرت مولانا غلام یاسین مدظلہٗ)	28
جدول قاضی الحاجات (فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلویؒ)	29
ختم خرچہ بے خرچان (فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلویؒ)	30
علاج بذریعہ جنتر منتر (قیصر احمد بی اے، کراچی)	31
شرفِ قمر کے اعمال (خالد مقبول حفظہ اللہ)	36
قمر در عقرب......جدائی کا عمل (کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ)	36
چاند گرھن (حسن، کراچی)	37
قوت باہ......عدد 9 کی انگوٹھی (باوانادعلی بہلول، راجن پور)	38
کاروبار کی ترقی (محمد عارف)	38
قران زہرہ و مشتری تسخیر کا باقوت عمل (سائیں عبداللطیف دامانی)	39
اعمالِ گرھن (حافظ زاہد محمود سلامت پوری، لاہور)	41
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	43
عاملین کے مسائل اور ان کا حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	45
آسان عملیات (مولانا اعجاز احمد خان سنگھانوی مدظلہٗ، کراچی)	47
استخارہ کے خاص اعمال (صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ)	48
مستند فضائل سورۂ فاتحہ (الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ)	49
مجرب روحانی اعمال برائے حل المشکلات وقضائے حاجات	51
تشخیص پر توجہ دیں (اظہر عنایت شاہ، کوہاٹ)	52
چار (4) عام نفسیاتی مسائل اور ادویات کے سائڈ افیکٹس	57
السر: علامات، پرہیز اور علاج (اراکین مطب العارف)	58
علم سیمیا کے نوادرات (صوفی غلام سرور شباب علوی، حویلی لکھا)	60

حق سبحانہٗ وتعالیٰ

تیری آرزو مری زندگی، مری بندگی تری جستجو
یہ ہے روز و شب مرا مشغلہ، مرا سلسلہ یہی کو بکو
تری ذات منبع نور ہے، ترا نور کل کا ظہور ہے
تو مجیب اسود و طور ہے، تو نہاں کہیں کہیں رُو برو
کوئی ایسا دیدہ و دل کہاں، تری ذات جس پہ نہ ہو عیاں
تو قدیم و خالق کن فکاں، تو محیط عالم رنگ و بو
تری راہ صبح کے رابطے، ترے فاصلے مرے رت جگے
یہ نیاز و ناز کے مرحلے، کہیں تشنہ لب کہیں آبجو
تری عظمتوں کے سرور سے ہوئی فکر میری نہال جب
تو ملا کمال سخن مجھے، بنی آئینہ میری گفتگو
ہو بیان کیا تری برتری، ترا نام جب بھی لیا کوئی
تو زبان خلق ہے کہہ اٹھی، تری شان جل جلالہٗ

(رزاق افسر، بنگلور)

کوئی مثل مصطفٰے کا کبھی تھا، نہ ھے، نہ ھوگا

کوئی مثل مصطفٰے کا کبھی تھا نہ ہے نہ ہو گا
کسی اور کا یہ رتبہ کبھی تھا نہ ہے نہ ہو گا
کسی وہم نے صدا دی! کوئی آپ کا مُمثل ؟
تو یقیں پکار اُٹھا، کبھی تھا! نہ ہے نہ ہو گا!
مری طاقِ جاں میں نسبت کے چراغ جل رہے ہیں
مجھے خوف تیرگی کا کبھی تھا ، نہ ہے ،نہ ہوگا
مرے دامنِ طلب کو ہے اُنہی کے در سے نسبت
کہیں اور سے یہ رشتہ؟ کبھی تھا نہ ہے، نہ ہوگا
میں ہوں وقفِ نعت گوئی کسی اور کا قصیدہ
مری شاعری کا حصہ کبھی تھا، نہ ہے نہ ہوگا
سرِ حشر ان کی رحمت کا صبیح میں ہوں طالب
مجھے کچھ عمل کا دعویٰ، کبھی تھا ہے نہ ہوگا

شاعر: صبیح الدین صبیح رحمانی

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ جون 2022 سے اپریل 2023 تک جاری کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے 870 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1240 روپے اور TCS ممبر شپ کیلئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں۔ ☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہو گا۔ رابطہ 0322-4773786

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ نوٹ فرمالیں۔

اہم گزارش

جن ممبران کی ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ اپریل 2022 میں ختم ہوگئی ہے۔ ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ جلد از جلد اپنی ممبر شپ کی تجدید کروائیں تاکہ آپ کو باقاعدگی سے ماہنامہ خزینہ روحانیات ارسال ہوتا رہے۔ ممبر شپ فیس لازمی جمع کروائیں۔

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک: 940 روپے۔ سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک: 1340 روپے
سالانہ ممبر شپ ای میل / واٹس ایپ: 700 روپے

رابطہ: 042-35410586–0322-4773786

ادارہ دارالعمل چشتیہ کا آفیشل یوٹیوب چینل
https://bit.ly/3LYmOM9

اداریہ

مدیر: ماہنامہ خزینہ روحانیات
مولانا علی آفاق

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ ادارہ دارالعمل چشتیہ لاہور کی جانب سے پوری دنیا میں موجود تمام مسلمانوں کو اور ہمارے اہل خانہ جیسے عزیز قارئین کو عید کی دلی خوشیاں مبارک ہوں۔ ہمارا عزم بطور ادارہ انفرادی اعتبار سے ہر فرد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنا ہے۔ رمضان المبارک کا مقدس گزشتہ ماہ ہمیں یہی سبق دے کر رخصت ہو چکا ہے کہ ہم سب کو اپنے دل، دماغ، اعضاء وجوارح، نیتوں اور اعمال کو درست کرنا ہے۔ اللہ کے حکم کے تابع بنانا ہے۔ ہر جائز اور ناجائز کام کو پورا ماہ ترک کر کے تربیت کی بنیاد ڈال چکے ہیں کہ ہم آئندہ اللہ کے احکامات کی 100 فیصد پابندی اور اہتمام کریں گے۔ سچ اپنائیں گے، جھوٹ ترک کر دیں گے، کم ناپنا، کم تولنا، دکھانا کچھ اور دینا کچھ اور۔ ان تمام عادات اور برے خصائل سے اپنے معاشرے اور روزی کے سلسلوں کو پاک کریں گے۔ اپنی آنکھ کی حفاظت، کانوں کی حفاظت، زبان کی حفاظت، شرمگاہ کی حفاظت، ہاتھ ظالم کا ساتھ نہ دے، پاؤں ظلم کے خلاف اٹھائیں، ظالم کے ساتھ کھڑے ہونا کسی صورت ہمارا ضمیر گوارہ نہ کرے۔ صدقہ، خیرات، زکوٰۃ، فطرانہ، ہدیہ اور صرو مواسات کا ماہ ہونے کے ناطے ہم اپنے معاشی اور کمائی کے طریقوں میں سنت کو جگہ دینے کے ساتھ ساتھ محتاجوں کی مندرجہ بالا مدات میں سے مدد کریں گے اور خرچ کرنا، غریبوں، محتاجوں، مسکینوں کے کام آنے کے جذبے میں ان کی عزت نفس کو ہرگز مجروح نہیں ہونے دیں گے۔ راشن، صدقہ، نقد روپیہ پیسہ ایسی چیزیں ہیں کہ غریبوں کا حق ہیں۔ ان کے حق میں ڈنڈی نہیں ماریں گے۔ ہر ماہ کے اعتبار سے مریضوں، محتاجوں کی خبر گیری، ضرورت مندوں کی امداد، یتیموں اور بیواؤں کے کام آنا، ان کی بیٹیوں کی شادی وغیرہ میں تعاون، تعلیمی سہولیات اور ضروریات میں لوگوں کے شانہ بشانہ چلنا اور عاجزی وانکساری سے ان خدمات کو سرانجام دینے کے جذبات سے سرشار ہو کر ہر موقع پر خدمت کرنے کے جذبات پیدا کرنا ضروری ہے۔ اب یہ رمضان، روزے، افطاری، سحری، تراویح، صدقات، عطیات، ہدیہ، زکوٰۃ وغیرہ اللہ کے ہاں مقبول ہیں یا مردود؟ اس کا فیصلہ بھی آج ہی ہو جانا ضروری ہے اور اس کا پیمانہ بھی ایک سادہ سا ہے کہ رمضان میں اختیار کردہ اعمال اور رمضان کے گزر جانے کے بعد کے اعمال، خشوع، خضوع، تقویٰ، پرہیز گاری، اطاعت رسول ﷺ اور احکامات خداوندی کا رنگ ہمارے اعضاء وجوارح پر چڑھ گیا۔ یا پھر یہ سب کچھ عارضی تھا، رات گئی بات گئی والی بات ہو گی، مساجد ویران، بازار سو فیصد آباد ہو گئے۔ ہم اپنے رب سے تعلق کے اعتبار جمعے کی نماز تک محدود ہو گئے۔ تو سخت اللہ کی ناراضگی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ لہٰذا رمضان کی اس ٹریننگ کو تقویٰ کی ورکشاپ کو اللہ کے راستے میں خرچ کرنے، غیب پر یقین رکھنے، نماز کا اہتمام کرنے کے ساتھ اپنے اندر عاجزی، انکساری فطرت سلیمہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

یہ ساری تمہید تو تھی رمضان سے متعلق۔ اب چلتے ہیں روحانی اعمال کی مشق، ریاضت، چلہ کشی کی طرف اور مریضوں کو پوری دنیا میں پیش آنے والے حالات کی طرف کہ الحمدللہ، ہمارے طلباء کرام کی ایک بہت بڑی تعداد پوری دنیا میں روحانی مریضوں کو فیض پہنچا رہی ہے۔

کچھ ہمارے ادارے سے وابستہ لوگ تعویذات کے ذریعے مریضوں کا علاج کر رہے ہوتے ہیں اور چند ایک ہونہار طلباء کرام اب دوسری پلاننگ اپنا رہے ہیں کہ (۱) مریض کو سالہا سال کے مسائل سے نجات دلائی جائے۔ (۲) مریض کو آئندہ اپنے گرد مضبوط حصار، تحفظ، دفاع اور سکیورٹی کا احساس ہو کہ پہلے ہر پندرہ دن یا ایک ماہ کے بعد پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا، اب آئندہ دشمن ہمارے خلاف سو جتن کرے مگر ناکام ہو جائے۔ (۳) آئندہ ہم علاج اور حصار میں کام آنے والے اعمال کے مالک ہوں۔ ساری دنیا مل کر بھی ہم سے وہ طاقت اور ہتھیار چھیننے میں ناکام رہے۔ (۴) دشمن ہمارے خلاف ہر حربہ آزمائے مگر ناکامی کے علاوہ کوئی چیز ہاتھ نہ آئے۔ (۵) آئندہ استخارہ، حساب اور تشخیص کا ہم مکمل اختیار رکھتے ہوں، سدا اور ساری زندگی روحانی مسائل اور مشکلات سے نجات پا کر محفوظ اور مضبوط زندگی، پُرامن زندگی اور عافیت ہمارا مقصد بنے۔

سارے ساتھی دوست، ادارے سے وابستہ احباب وافراد سمیت تمام مریضوں کو بھی یہی لائحہ عمل دینا آج کا ہمارا موضوع اور عنوان ہے کہ آپ سب اس لائحہ عمل پر توجہ دیں تاکہ لوگوں کے منت ترلے اور سماجتیں نہ کرنی پڑیں۔ معمولی محنت، مناسب اخراجات کی برکت سے آئندہ ہر روحانی کامیابی، معاشی کامیابی، میاں بیوی کے مسائل اور ناچاقی سر نہ اٹھا سکے۔ ہمارا سسرال خاموش اور شوہر بات مانتا ہو، ملازمت، روزگار اور کاروبار کے عروج پر پہنچنے کیلئے عمل حاصل کریں۔ آیئے چلتے ہیں کامیابی کی طرف قدم اٹھانے کے لئے۔

حلقۂ مریدین میں "مُرشد کامل کی محبت" کے انداز

شیخ الطریقت حبیب الامت حضرت مولانا ڈاکٹر محمد ادریس حفظہ اللہ

حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے مشہور خلیفہ حضرت جمال الدین بانسویؒ کے منجھلے صاحبزادے اور جانشین شیخ برہان الدینؒ کے نامور صاحبزادے شیخ قطب الدین منورؒ نے ابتدائے حال سے انتہائے سلوک تک سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاءؒ کی نظر شفقت میں پرورش پائی۔ آپؒ پر سلطان المشائخؒ کی خاص توجہ تھی اور اس لحاظ سے آپؒ تمام احباب میں ممتاز تھے۔ آپؒ کو اور شیخ نصیر الدین محمودؒ (چراغ دہلی) کو سلطان المشائخؒ نے ایک ہی دن خلافت عطا فرمائی اور فرمایا کہ تم دونوں بھائی ایک دوسرے سے بغل گیر ہوجاؤ اور ایک دوسرے کو مبارک باد دو۔ چنانچہ صاحب سیر الاولیاء نے اس کا تفصیلی ذکر بیان کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ قصبہ بانس میں چار قطب آپؒ ہی کے مقبرہ میں آرام فرماتے ہیں۔ اول شیخ جمال الدین بانسویؒ، دوم شیخ احمدؒ، سوم شیخ برہان الدین بانسویؒ (شیخ جمال الدین بانسویؒ کے جانشین اور منجھلے صاحبزادے)، چہارم شیخ قطب الدین منورؒ (جن کا ذکر مندرجہ بالا سطور میں کیا جارہا ہے یعنی شیخ برہان الدین بانسویؒ کے نامور صاحبزادے اور شیخ جمال الدینؒ بانسوی کے پوتے) شیخ قطب الدین منورؒ کو اپنے مرشد کامل سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاءؒ سے بے حد محبت تھی۔ جب کبھی آپ سلطان المشائخؒ کا نام لیتے تھے یا سنتے تھے تو آپؒ پر بے اختیار گریہ طاری ہوجاتا تھا۔ کسی نے خوب کہا ہے:

؎ نہ تنہا عشق از دیدار خیزد   بسا کیں دولت از گفتار خیزد

ترجمہ: عشق صرف دیدار سے نہیں پیدا ہوتا۔ بلکہ کبھی کبھی محبوب کے ذکر مبارک سے بھی عشق پیدا ہوجاتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ جب تک مرید کو پیر کے ساتھ اتنا عشق و محبت نہ ہو فیض کیسے حاصل ہو؟

شیخ برہان الدین غریبؒ سلطان المشائخؒ سے اس درجہ اعتقاد و محبت رکھتے تھے کہ جب تک شیخ حیات رہے، آپؒ نے کبھی غیاث پورہ کی طرف پیٹھ نہ کی۔ صاحب سیر الاولیاء لکھتے ہیں کہ یہ بات یاران اعلیٰ میں سے کسی کو حاصل نہ تھی۔ آپ دل دادگان عشق و محبت کے لئے مرہم اور درماندگان دردِ عشق کے لئے دوا تھے۔

سلطان المشائخؒ کے دس نامور خلفاء میں ایک مولانا وجیہ الدین یوسف ثانیؒ تھے۔ شیخ برہان الدین غریبؒ آپ ہی کی بدولت سلطان المشائخؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ آپؒ کو سلطان المشائخؒ سے عجیب عشق تھا۔ ایک دن آپؒ سرائے دھاری سے، جو دہلی سے چھ سات کوس دور ہے، حضرت سلطان المشائخؒ کی زیارت کے لئے روانہ ہوئے۔ چند قدم چلنے کے بعد آپؒ کے دل میں خیال آیا کہ پیری خدمت میں سر کے بل جانا چاہئے۔ بس آپ نے غیاث پورہ کی جانب سر کے بل چلنا شروع کیا۔ چنانچہ صدق اعتقاد کی وجہ سے تیسری قلابازی کے بعد آپؒ نے اپنے آپ کو سلطان المشائخؒ کے دروازے پر پایا۔ سلطان المشائخؒ نے آپؒ کو چندیری بھیج دیا، جہاں آپؒ رشد و ہدایت کے کام میں لگے رہے اور وہیں آپ کا وصال ہوا۔

شیخ برہان الدین غریبؒ کا شمار سلطان المشائخؒ کے نامور خلفاء میں ہوتا ہے۔ آپؒ دولت آباد چلے گئے۔ وہیں ۱۲/صفر ۷۳۲ھ میں آپؒ کا وصال ہوا۔ سلطان المشائخؒ کے وصال کے بعد آپ محض چند برس حیات رہے۔ آپؒ کے نامور خلفاء میں سب سے مشہور شیخ زین الدینؒ ہیں جن کا دولت آباد میں عظیم الشان مقبرہ ہے۔ جس کے ایک گوشہ میں اورنگ زیب عالمگیر مدفون ہیں۔ شیخ زین الدینؒ اپنے پیر کامل شیخ برہان الدین غریبؒ کے وصال کے بعد مسند نشین ہوئے اور ان کی بدولت سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ دکن میں بہت پھیل گیا۔ شیخ برہان الدین غریبؒ کے ایک دوسرے نامور مرید شیخ رکن الدین حمادؒ ہیں جو کتاب شمائل الاتقیاء کے مصنف ہیں۔ شیخ برہان الدین غریبؒ کے بڑے بھائی قاضی منتجبؒ، حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے مرید تھے۔ مقامی لوگ انہیں زریں زر بخش کے نام سے یاد کرتے تھے۔ ان کا مزار بھی دولت آباد میں ہے۔ شہر برہان پور بھی شیخ برہان الدین غریبؒ کے ہی نام نامی پر آباد ہوا تھا۔

باطنی بیماریوں کے بارے میں سلطان العاشقین کے اقوال

سلطان محمد نجیب الرحمن مدظلہٗ

1۔ مال کی محبت

* مال اپنے ساتھ بیماری مصیبت اور پریشانی بھی لاتا ہے۔
* اگر مال میں کچھ بھی بھلائی ہوتی تو اللہ اپنے نبیوں کو ضرور عطا کرتا۔
* مال کی محبت دل میں جاگزیں ہوکر اللہ کی محبت کو نکالنے کا سبب بنتی ہے۔
* مال کی کثرت انسان میں ننگ وناموس، عزّوجاہ یا جاہ وحشمت اور شہرت کی شہوت یا خواہش پیدا کرتی ہے۔
* طلبِ مال اور عزّوجاہ ہی تمام برائیوں کی جڑ ہے۔

2۔ تکبر

* انسان کی ہر صلاحیت اور اچھائی اللہ کی عطا کردہ ہے، اس کا اپنا کوئی کمال نہیں جس پر وہ مغرور ہو۔
* شہوت سے کیے گئے گناہ کی معافی مل سکتی ہے، تکبر سے کیے گئے گناہ کی نہیں۔
* تکبر اور اپنے آپ کو بڑا جاننا ایک نہایت ہی مذموم خصلت ہے اور درحقیقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ دشمنی کرنا ہے۔
* اطاعت پر غرور اللہ سے دور کر دیتا ہے۔
* تکبر ایسی روحانی بیماری ہے کہ اگر یہ رائی کے دانے کے برابر بھی قلب میں جاگزیں ہوجائے تو کوئی بھی عبادت بھی قبول نہیں ہوتی۔
* نفس کے اندر نسب کا تکبر ایک ایسی چھپی ہوئی رگ (بیماری) ہے کہ اس سے اعلیٰ نسب والے خالی نہیں ہوتے خواہ وہ نیک بخت اور عقلمند ہی کیوں نہ ہوں۔

3۔ حسد

* حسد رضائے الٰہی کے خلاف ہے۔
* حسد راہِ فقر کے سفر کو بعض اوقات بالکل ختم کر دیتا ہے۔
* حسد ایسا غم ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی غم نہیں ہوسکتا۔

4۔ عُجب (خود پسندی)

* عُجب (خود پسندی) صفت ذمیمہ میں سے ہے۔ اس کا جنم انسانی دل میں ہوتا ہے اور شیطان اسے پیدا کرنے میں پیش پیش ہوتا ہے۔
* عُجب (خود پسندی) میں غرور شامل ہوتا ہے۔ اس سے راہِ فقر میں توفیقِ الٰہی ختم ہوجاتی ہے۔
* عُجب (خود پسندی) انسان کے ذلیل وخوار انجام کا پیش خیمہ بن جاتا ہے۔
* عُجب (خود پسندی۔ خودنمائی) ایک فریب ہے جس میں انسان خود ہی اپنے آپ کو مبتلا کرلیتا ہے اور دنیا اور آخرت میں نقصان اٹھاتا ہے۔

5۔ ریاکاری

* عارفین کے نزدیک ریاکاری بہت بڑا گناہ اور حجاب ہے اور یہ شرک کے قریب ہے۔
* اخلاصِ نیت سے صرف اللہ تعالیٰ کے لیے کیا گیا عمل بارگاہِ الٰہی میں قبول ہے۔
* ریاکار کا کوئی عمل یا عبادت قبول نہیں ہوتی بلکہ یہی عمل اور عبادت اس کے لیے وبالِ جان بن جاتی ہے۔
* ریاکار منافق ہوتا ہے۔
* راہِ فقر میں جو طالب 'ریاکاری' میں مبتلا ہوجاتا ہے، یہ اُسے دین و دنیا دونوں جہانوں میں روسیاہ کر دیتی ہے۔

6۔ غصّہ، بغض اور کینہ

* راہِ فقر کے مسافروں کا ایک وصف یہ ہے کہ وہ غصّے سے بچتے ہیں۔
* بغض اور کینہ شفقت، محبت، رحم اور عفو کی ضد ہے۔ اگر دل سے بغض اور کینہ ختم ہو

جائے تو دل میں شفقت، محبت، رحم اور عفو کا جذبہ پیدا ہو گا۔ یہ حالت مرشد کامل اکمل کی صحبت اور اسمِ اللہ ذات کے ذکر و تصور سے حاصل ہوتی ہے۔

7۔ بخل

* راہِ فقر بخل کی نہیں، سخاوت کی راہ ہے۔
* جس دل میں اللہ کی محبت آ جاتی ہے وہ دل سخاوت کا گھر بن جاتا ہے۔
* بخل کوئی اچھی چیز نہیں ہے بلکہ شر ہے۔
* بخل ایسی باطنی بیماری ہے جو انسان کو اس کی انسانیت سے دور کر دیتی ہے۔
* غنی وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے رزق پر قناعت کرتا ہے۔

8۔ جھوٹ

* راہِ فقر پر گامزن طالبِ مولیٰ کا اللہ تعالیٰ سے پہلا وعدہ یہ ہوتا ہے کہ وہ جھوٹ کبھی نہیں بولے گا، خواہ اس کے لیے کتنا ہی نقصان اور تکالیف کیوں نہ برداشت کرنی پڑے۔ کیونکہ سچائی (حق) کے راستہ پر چلنا مشکل ہے لیکن کامیابی صرف سچائی کو ہی حاصل ہوتی ہے۔ جھوٹ کو دنیا میں کبھی بھی عروج اور کامیابی نہیں ملی۔ آخر کار کامیابی سچائی کے ہی حصہ میں آتی ہے۔
* جھوٹ بولنے سے اللہ کی رحمت سے دوری ہوتی ہے اور جھوٹا اللہ تعالیٰ کی لعنت کا شکار ہوتا ہے۔
* جھوٹ بولنے والے کی روزی کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔
* حق کو چھپانا بھی جھوٹ کے زمرے میں آتا ہے۔
* جھوٹ غم و فکر پیدا کرتا ہے۔
* جھوٹ دل کو سیاہ کرتا ہے۔
* جھوٹ سے غفلت پیدا ہوتی ہے اور یہ اُم الخبائث ہے۔
* راہِ فقر پر صرف صدیق اور سچے طالب کو کامیابی حاصل ہوتی ہے۔
* اللہ تعالیٰ حق ہے اور حق ہی کو پسند کرتا ہے اور سچے لوگوں کا تعلق حق سے ہوتا ہے۔

9۔ غیبت اور چغل خوری

* غیبت بہت مہلک باطنی بیماری ہے، اس سے دلوں میں بدگمانی پیدا ہوتی ہے۔
* چغل خوری، بدزبانی، متکبرانہ ہٹ دھرمی اور ناجائز طرف داری دوزخ میں لے جانے والے کام ہیں۔
* سب سے زیادہ خطرناک سچ وہ ہوتا ہے جس میں جھوٹ شامل کر دیا جائے یا واقعہ اور بات کا رخ بدل دیا جائے۔ چغل خور کا یہ بھی طریقۂ واردات ہے۔
* چغل خور قسمیں کھا کر یقین دلاتا ہے۔

10۔ غفلت

* راہِ فقر میں غفلت بہت بڑی کوتاہی ہے جس کی وجہ سے طالبِ مولیٰ حق تعالیٰ کی پہچان سے محروم رہتا ہے۔
* غفلت مقصدِ حیات کی دشمن ہے۔
* غفلت لذتِ آشنائی کا حجاب ہے۔
* غفلت عشق کی تڑپ پیدا ہونے نہیں دیتی۔
* غفلت چشمِ دل روشن ہونے نہیں دیتی۔
* غفلت شیطان کا اہم ہتھیار ہے۔
* بندے کی زندگی کا مقصد اللہ تعالیٰ کو پانا ہے۔ اس لیے جو اس مقصد سے غافل رہے گا، وہ ناکام و نامراد ہو جائے گا۔
* جلد بازی شیطان کا ہتھیار ہے مومن کا نہیں۔
* جو دنیا میں مگن اور مقصدِ حیات سے غافل رہے، وہ زندگی بھر جانور رہے اور جانور ہی کی حالت میں اس دنیا سے رخصت ہوئے۔

11۔ طمع و حرص

* فقیر کے لیے لازم ہے کہ وہ ایک دن یا ایک ماہ سے زائد کا اہتمام نہ کرے۔ اس سے زائد سے طویل امیدوں کی طرف راغب ہو گا تو قناعت ختم ہو جائے گی اور وہ حرص و طمع ہو گی۔
* طمع و حرص (لالچ) شیطان کا بہت بڑا آلہ ہے جس کے ذریعے وہ لوگوں کو راہِ فقر سے گمراہ کرتا ہے۔

فلیتۂ قاف کا پیڈ

منفی اثرات جلانے کے لئے *فلیتۂ قاف* انتہائی قوی ترین فلیتہ ہے۔

روحانی معالجین عموماً جادو جنات بندش نظر بد کے مریضوں کو پلانے اور پہننے کے تعویذات کے ساتھ ساتھ جلانے کے تعویذات بھی دیتے ہیں۔ان کے لئے بنے بنائے دم شدہ فلیتے کسی نعمتِ عظمیٰ سے کم نہیں کہ اس میں معالج کو کچھ کرنے کی حاجت نہیں۔ جب بھی مریض آئے پیڈ سے نکال کر استعمال کا طریقہ بتادینا ہے۔ چھوٹے بچوں کی نظر بد کے لئے جائے علاج پر خواتین کے ہجوم کا مشاہدہ ہے۔ خواتین کا بڑا مسئلہ بچوں کی نظر بد بھی ہے۔ معالجین بچوں کی فوری نظر بد کی کاٹ کے لئے اسے استعمال کروائیں، ان شاءاللہ فوری اثر ظاہر ہوگا۔ علاوہ ازیں بعض بچے مسلسل روتے رہتے ہیں گھر والوں بلکہ ڈاکٹرز بھی وجہ نہیں جان پاتے، ایسے بچوں کے لئے بھی یہ فلیتہ مفید ترین ہے۔ اس فلیتے کو تشخیص کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ طریقہ المجیات میں درج کیا گیا ہے۔

فلیتہ قاف کے طرق استعمال اس کے متعدد طریقے ہیں، چند عرض کیے جاتے ہیں: **بیماری سمجھ نہ آتی ہو تو** ایسا مریض جس کا مرض ڈاکٹروں اور عاملین وغیرہ کی سمجھ سے باہر ہو، اس کی تشخیص کیلئے یہ عمل کیا جائے۔ ان شاءاللہ تین دن کے اندر اندر علامات واضح ہو جائیں گی۔

عمل کی ترکیب یہ عمل رات کے وقت کرنا ہے۔ عمل کے لیے روئی ایک عدد، مٹی کا چراغ، سرسوں کا تیل اور فلیتہ قاف درکار ہوگا۔ فلیتہ قاف تہہ کر کے اس پر روئی لپیٹ کر بتی بنالیں۔ اب چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر بتی چراغ میں رکھ کر جلائیں اور مریض کے پلنگ کے قریب رکھ دیں۔ مریض کو تاکید کریں کہ وہ اس چراغ کی لَو میں دیکھتا رہے۔ عامل آیتِ نجات پڑھتا رہے۔ یہ عمل لگاتار تین دن کیا جائے۔ اور مریض کو تاکید کی جائے کہ وہ جو بھی خواب دیکھے یاد رکھے اور عامل کو بتائے۔ تین دنوں کے اندر ان شاءاللہ کامیاب و واضح تشخیص ہوگی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ خواب میں تشخیص کے ساتھ علاج بھی بتادیا جائے۔

جادو اور ہر قسم کی بندش کا توڑ جادو اور بندش کے مریضوں کیلئے گیارہ عدد فلیتہ تہہ کر کے بتی بنا کر رکھ لئے جائیں۔ اور روزانہ ایک فلیتہ مٹی کے چراغ میں تیل ڈال کر مریض کو سامنے بٹھا کر جلائیں۔ اور عامل مسلسل یہ پڑھتا رہے: ”وَمَن یَتَّقِ اللّٰہَ یَجعَل لَّہٗ مَخرَجًا یَاقُدُّوسُ یَاعِطرَائِیلُ بِحَقِّ قَاف۔ موکلین اللہ کے حکم سے فلاں بن فلاں کے جسم سے۔۔۔ جسم کے ہر ہر حصہ سے۔۔۔ اہل خانہ سے۔۔۔ کاروبار سے۔۔۔ جادو بندش کے اثرات نکال کر جلادو، راکھ کردو، بھسم کردو۔“ گیارہ دن میں ان شاءاللہ جادو بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اس عمل میں منگل یا ہفتہ مرض اور عامل دونوں کی طرف سے صدقہ لازم ہے

آسیب و نظر بد کیلئے دن میں تین مرتبہ صبح۔۔۔ دوپہر۔۔۔ رات پورے جسم پر مل کر جلا دیا جائے۔ ملتے وقت کامل تصور ہو کہ تمام اثرات تعویذ میں آرہے ہیں اور جلاتے وقت یہ نیت ہو کہ تمام اثرات جل رہے ہیں۔ یہ فلیتہ ہانڈی کے اعمال میں بھی استعمال کیا جاتا ہے

ھانڈی کا خاص عمل یہ عمل جادو جنات بندش وغیرہ جملہ منفی اثرات کے جڑ سے خاتمہ کیلئے مفید ترین ہے۔ اس عمل کیلئے مندرجہ ذیل اشیاء درکار ہوں گی۔ آدھا پاؤ کالی ماش، آدھا پاؤ عود صلیب، ایک عدد مٹی کی ہانڈی ڈھکن سمیت۔ عامل کو چاہیے کہ وہ 70 مرتبہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم 170 مرتبہ وَمَن یَتَّقِ اللّٰہَ یَجعَل لَّہٗ مَخرَجًا یَاقُدُّوسُ یَاعِطرَائِیلُ بِحَقِّ قَاف پڑھ کر تمام اشیاء پر دم کر کے اشیاء ہانڈی میں ڈال دے اور مریض کو سیدھا کھڑا کر کے وہ ہانڈی اس کے سر سے پاؤں تک سات باروارے، نیت یہ ہو کہ تمام اثرات ہانڈی میں قید ہو رہے ہیں۔ سات باروارنے کے بعد ہانڈی فوراً ڈھک دیں اور ڈھکن پر آٹے سے لیپ کر دیں۔ اس کے بعد ہانڈی چولہے پر چار گھنٹے کیلئے رکھ دی جائے اور مریض وہیں بیٹھا رہے۔ ضرورۃً اٹھ سکتا ہے۔ چار گھنٹے پورے ہونے کے بعد اس ہانڈی کو کسی کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے یا سمندر میں ڈال یا جائے۔ اس عمل سے پہلے اور بعد مریض و عامل دونوں کی طرف سے صدقہ لازم ہے۔

ایک پیڈ میں 800 فلیتے ہوں گے۔ ایک پیڈ کا ہدیہ: 800 روپے، نصف پیڈ کا ہدیہ: 450 روپے علاوہ ڈاک خرچ ہے۔

1 بچوں کے احکام و مسائل اور اسلامی نام

ترتیب و تزئین: عاصم عبداللہ عام قیمت: 450 روپے صفحات: 240

اسلامی معاشرے میں بچے کی حیثیت ✱ کان میں اذان و اقامت کہنا ✱ ساتویں دن عقیقہ کرنا ✱ بالوں کے ہم وزن چاندی خیرات کرنے کی حکمت ✱ عقیقہ کا جانور ذبح کرتے وقت کی دعا ✱ لڑکا ہے تو اس کا ختنہ کرانا ✱ ساتویں دن اچھا سا نام رکھنا ✱ نام انسان کی شخصیت پر دلالت کرتا ہے ✱ اچھے نام رکھنے کی ترغیب ✱ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ نام ✱ روز قیامت ہر ایک کو اس کے باپ کے نام سے پکارا جائے گا ✱ انبیائے کرام علیہم السلام کے نام پر نام رکھنا مسنون ہے ✱ رسول اللہ ﷺ نے اپنے بیٹے کا نام ابراہیم رکھا ✱ روحوں کے ساتھ فرشتوں کا معاملہ ✱ وہ خوش نصیب افراد جن کے نام امام کائنات محسن انسانیت ﷺ نے رکھے ✱ اچھے نام سے حضور ﷺ کا شگون لینا ✱ ہر وہ نام رکھنا منع ہے جس کا معنی غلط ہو ✱ رسول اللہ ﷺ نے جن ناموں کو تبدیل کیا ✱ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو غصہ دلانے والے نام ✱ نام رکھنے میں ہم دین و شریعت کے پابند بنائے گئے ہیں ✱ دین کے دشمنوں کا نام مت رکھیے ورنہ؟ ✱ بچوں پر نام کے اثرات ضرور پڑتے ہیں ✱ حدیث مبارکہ کا ایک اور واقعہ پڑھیے ✱ نام ایسا ہو جس سے مسلمانیت جھلکے ✱ ماڈرن نام رکھنے سے بھی گریز کیجئے ✱ حضور ﷺ کی شفاعت کا شرف ✱ عورت کے لیے بھی کنیت رکھنا جائز ہے ✱ اولاد کے نیک و صالح ہونے کے لیے چند دعائیں ✱ نام محمد کے برکت کا واقعہ، جنت میں داخلہ ✱ بچوں کے بعض دیگر اسلامی نام ✱ بچوں کے مزید اچھے نام۔

عصر حاضر کی جدید انقلابی طبی تحقیق

2 تحقیقات بائیو کیمک علاج بمطابق قانون مفرد اعضاء

قانون مفرد اعضاء کے مطابق بارہ خلیاتی نمکیات پر مشتمل چالیس سالہ تحقیقات کا نچوڑ

محقق و مصنف: پروفیسر حکیم محمد شفیع طارق قادری // عام قیمت: 500 روپے صفحات: 459

بائیو کیمک میں غذا کی اہمیت ♠ جسم انسانی اور نمکیات ♠ بائیو کیمک دواسازی ♠ بائیو کیمک نمکیات ♠ فارما کوپیا ♠ اعصابی عضلاتی مجربات ♠ دماغ و اعصاب ♠ امراض چشم ♠ کان، ناک، منہ اور گلے کے امراض ♠ چہرہ، منہ، دانت، زبان ♠ سینہ و پھیپھڑے ♠ امراض معدہ و امعاء ♠ جگر و طحال ♠ امراض گردہ و مثانہ ♠ امراض مخصوصہ مردانہ ♠ امراض مخصوصہ زنانہ ♠ جوڑ و مفاصل ♠ عضلاتی اعصابی مجربات ♠ دماغ اعصابی مجربات ♠ دماغ واعصاب ♠ امراض چشم ♠ کان ناک اور منہ کے امراض ♠ امراض قلب ♠ امراض جلد۔

مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ 0323-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 +maktabatulaarif

(3) تحفۃ الوردہ شرح قصیدہ بردہ

ترتیب و پیشکش: مفتی عاصم عبداللہ صفحات: 128 عام قیمت: 330 روپے

(4) گلدستہ درود شریف

جملہ حاجات، مشکلات، مصائب و آفات کے خاتمہ کے لیے نسخۂ اکسیر

تالیف و ترتیب: مفتی عاصم عبداللہ صفحات: 192 عام قیمت: 400 روپے

(5) مخصوص سورتوں اور آیتوں کے فضائل و برکات

مؤلف: حضرت مولانا محمد عبداللہ اعظمی صفحات: 118 عام قیمت: 180 روپے

(6) صدقہ کے فضائل و برکات

افادات: حضرت مولانا عبدالواحد صفحات: 64 عام قیمت: 140 روپے

(7) درود شریف کے فضائل و برکات

افادات: حضرت مولانا عبدالواحد صفحات: 64 عام قیمت: 140 روپے

(8) احادیث مبارکہ کی مستجاب دعائیں

حضور اقدس ﷺ کی تعلیم کردہ دعاؤں کا مختصر مجموعہ

مؤلف: حضرت مولانا محمد عبداللہ اعظمی صفحات: 126 عام قیمت: 200 روپے

(9) قرآن کریم کی مستجاب دعائیں

قرآن کریم میں مذکور انبیاء و دیگر اہل ایمان کی دعاؤں کا مجموعہ

مؤلف: حضرت مولانا محمد عبداللہ اعظمی صفحات: 128 عام قیمت: 200 روپے

(10) دس سورتیں (مع عملیات)

ترتیب و تزئین: عاصم عبداللہ صفحات: 84 عام قیمت: 200 روپے

(11) رزق میں وسعت کے دروازے

ترتیب و تزئین: عاصم عبداللہ صفحات: 96 عام قیمت: 180 روپے

(12) قرآن کریم کی پُر نور دعائیں

ترتیب و تہذیب: مولانا مفتی عاصم عبداللہ صفحات: 66 عام قیمت: 70 روپے

(13) صلوۃ التسبیح کی فضیلت و اہمیت

جمع و ترتیب: مولانا مفتی عاصم عبداللہ صفحات: 31 عام قیمت: 50 روپے

(14) گھریلو بیماریوں اور پریشانیوں کا آسان روحانی علاج قرآن و حدیث کی روشنی میں

عطا فرمودہ: مفتی سحبان محمود صفحات: 55 عام قیمت: 30 روپے

(15) صبح و شام کے مختصر مجرب اور مستند اوراد و وظائف

افادات: حضرت مولانا عبدالواحد صفحات: 40 عام قیمت: 40 روپے

(16) اپنی حفاظت اللہ کے سپرد کیجیے

ترتیب: عاصم عبداللہ صفحات: 24 عام قیمت: 40 روپے

مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ 0332-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif

روحانیات وتصوف

قیصر احمد بی اے (کراچی)

لالچ بری بلا ہے

کسی شخص کا امیر رشتہ دار انتقال کر گیا تھا اور مرنے والے کی ساری دولت اسے مل گئی تھی۔ اس نے نہ تو زندگی میں کبھی اتنی دولت دیکھی تھی۔ نہ بغیر محنت کے ہاتھ آئی ہوئی دولت کی اسے قدر تھی۔ پھر وہی ہوا جو اس طرح ہاتھ آئی دولت کے مالک کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہ شخص عیش وعشرت میں پڑ گیا تھا۔ بہت جلد وہ ساری دولت غلط کاموں پر خرچ ہو گئی تو وہ شخص کنگال ہو کر بیٹھ گیا۔ اس نے اللہ سے دعا کی۔

''اے میرے پروردگار جو کچھ تو نے مجھے دیا تھا۔ وہ تو سب ختم ہو گیا ہے، اب میں بہت مشکل میں ہوں یا تو مجھے دولت دے دے یا موت کا فرشتہ بھیج جو میری روح قبض کر کے لے جائے اور مجھے اس مشکل سے نجات ملے۔''

اس نے دعا کے ساتھ چیخ و پکار بھی بہت کی۔ اسے پھر سے ویسی ہی دولت چاہیے تھی جو محنت کے بغیر ہاتھ لگ جاتی ہے۔ اللہ سے مانگنے والا خالی ہاتھ نہیں لوٹتا۔ ایک رات اس لالچی شخص نے خواب میں دیکھا کہ ایک فرشتہ اسے یہ خوشخبری دے رہا ہے کہ اے خوش نصیب! یہاں کیا کر رہے ہو؟ اللہ نے تمہاری دعا قبول کر لی ہے۔ مصر کے فلاں علاقے میں، فلاں بستی میں ایک مکان میں خزانہ دفن ہے، جاؤ اور اس خزانے کو حاصل کر لو۔ وہ شخص مصر تو پہنچ گیا مگر جو پیسے پاس تھے وہ سب خرچ ہو گئے، بھوک نے ستایا مگر جیب خالی تھی۔

سینکڑوں ارماں ہیں سینے میں لاکھوں حسرتیں
ہاتھ ہی جب اپنا خالی ہو تو کیا کریں

بھیک مانگنے کا خیال آیا تو سہی مگر ہمت نہ ہوئی کہ کسی کے آگے ہاتھ پھیلائے۔ رات کو چوروں کی وارداتوں سے لوگ تنگ تھے۔ کوتوال شہر پولیس کے ساتھ رات کو گشت کرتا تھا۔ خلیفہ وقت نے یہ احکامات جاری کر رکھے تھے کہ چوری میں ملوث مشکوک شخص کے ہاتھ کاٹ ڈالا کرو۔ سپاہیوں کی نفری بڑھا دی گئی تھی۔ اس کی اطلاع ملتے ہی چوروں نے ڈر کے مارے رات کو چوری کی غرض سے نکلنا بند کر دیا تھا۔

یہ شخص تو بغداد سے مصر پہنچا تھا اور اس صورت حال سے بے خبر تھا۔ کوتوال شہر نے اسے پکڑ کر پوچھا۔ ''تم کون ہو اور رات کو اس وقت یہاں کیا کر رہے ہو؟''

اس نے روتے ہوئے جواب دیا۔ ''مجھے مت مارو، میں ساری حقیقت بتاتا ہوں۔'' اس نے بغداد سے مصر تک کے سفر کے بارے میں اور خزانے والے خواب کے بارے میں ساری بات کوتوال شہر کو بتا دی۔ کوتوال شہر نے اس سے کہا۔ ''تو بھی بڑا بے وقوف ہے، خواب کو سچ سمجھ کر تو خزانے کے لالچ میں بغداد سے مصر پہنچ گیا۔ اب میری سن۔

میں نے مصر میں رہ کر خواب دیکھا کہ بغداد کے ایک مکان میں خزانہ دفن ہے لیکن مجھ میں اتنی جرأت نہ تھی کہ وہاں جا کر خزانہ نکالتا۔ میرا دل مجھ سے کہتا تھا تیرا خزانہ تیرا گھر ہے اور تو اس خزانے پر اطمینان سے بیٹھا ہے۔ تجھے کس شے کی کمی ہے۔ کوتوال شہر کے ہاتھوں مار کھانے کے بعد اس شخص کو پتہ چلا کہ کوتوال نے بغداد کے جس محلے اور مکان کا ذکر کیا تھا وہ تو اسی شخص کا گھر تھا، اس نے اللہ کے شکر سے پہلے کوتوال شہر کا شکریہ ادا کیا اور پھر واپس بغداد کے لئے روانہ ہو گیا۔

خاص خاص نوافل

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

نماز حلِ مشکلات

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ چار رکعت نمازِ نفل ایک تکبیر تحریمہ سے پڑھے۔

پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو(100) دفعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـجِي الْمُؤْمِنِيْنَ (الانبیاء:۸۷-۸۸)۔

دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو(100) دفعہ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (الانبیاء:۸۳)۔

تیسری رکعت میں بعد الحمد شریف کے سو(100) دفعہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ (المومن:۴۴)۔

چوتھی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سو(100) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران:۱۷۳) پڑھے۔

پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں سر رکھے اور سو(100) بار اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (القمر:۱۰) پڑھے اور پھر اپنی حاجت خداوند تعالیٰ سے چاہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پوری ہو (مجرب اور آزمودہ ہے)۔ کوئی مشکل ایسی نہیں جو حل نہ ہو اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ چاروں آیتیں اسمِ اعظم ہیں کہ ان کے وسیلہ سے جو سوال کرے پاوے۔

عمل نماز قضائے حاجات

واسطے قضائے حاجت کے بہت ہی سریع التاثیر اور مجرب ہے اور حضرت مشائخ چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم کا اس پر عمل ہے۔ بدھ اور جمعرات کو دو رکعت نماز نفل پڑھے۔

پہلی رکعت میں الحمد شریف ایک (1) بار اور سورۃ اخلاص سو (100) بار۔

دوسری رکعت میں سورۃ الحمد سو (100) بار اور اخلاص ایک (1) بار۔

پھر سلام کے بعد سو (100) دفعہ یہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ اور سو (100) دفعہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ اٰلِهٖ وَسَلِّمْ۔ پھر سو (100) بار کہے ''اے آسان کنندہ دشوار یہا وائے روشن کنندہ تاریکیہا''۔ پھر حضورِ دل سے حاجت چاہے اور تیسری شب کو بعد فارغ ہونے کے سر برہنہ کرکے اور آستینیں گردن میں ڈال کر اور آنکھوں میں آنسو لا کر جو حاجت ہو پچاس (50) دفعہ عرض کرے۔ ان شاء اللہ برآوے، مجرب ہے۔

عمل نماز سیف قاطع ''کاٹنے والی تلوار''

اس عمل پر بزرگان دین کا قیام ہے اور تاثیر میں سیف قاطع ہے۔ اس کے سچے ہونے میں کچھ شک وشبہ نہیں۔ کیفیت اس کی یہ ہے کہ شب جمعہ کو عشاء کی نماز کے بعد خلوت میں دو (2) رکعت نماز پڑھے۔ اس حاجت کی نیت سے جو چاہتا ہے۔

پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ انعام جو ساتویں پارہ میں ہے، اول سے آخر تک پڑھے۔ پھر دوبارہ از سرِ نو شروع کرے اور اس آیت تک پڑھے وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ (الانعام:۹۳) اور رکوع میں جاوے۔

پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى سے آخر سورۃ تک پڑھ کر رکوع کرے۔ پھر نماز ختم کرنے کے بعد ہزار (1000) بار یہ درود شریف پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ۔ اس کے بعد دعا مانگے اور گڑگڑا کر اپنی حاجت چاہے۔ ان شاء اللہ العزیز قبول ہوگی۔ اگرچہ اس میں اور اس کی حاجت میں بُعد المشرقین ہو۔ یہ عمل مجرب ہے خواہ آپ اس کو عمل کرے یا دوسرے سے کرائے۔

مجرب عملیات و تعویذات

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ (میلسی)

برائے مخفی علم

جو شخص کسی مخفی علم کو دریافت کرنا چاہے تو پاک وصاف کپڑے پہن کر چالیس (۴۰) روزے رکھے۔ حلال روزی سے افطار کیا کرے۔ ہر شب سوتے وقت سورۃ والشمس، واللیل، والضحیٰ، الم نشرح...... سات سات (7-7) بار پڑھا کرے۔ اس کے بعد قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۖ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ (ال عمران: ۲۶-۲۷) ...... سات (7) بار پڑھا کرے۔ پھر تین (3) دفعہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے کہ ''یاالٰہی! فلاں علم جو اکثر مخلوق سے پوشیدہ ہے، میرے لئے ظاہر فرما۔'' ان شاء اللہ، چالیس (۴۰) یوم کے اندر معلوم ہوجائے گا۔

برائے تلی وناف

آیت ذیل مع بسم اللہ شریف لکھ کر ناف کے نیچے باندھے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا يَاطِحَالُ ارْجِعِيْ اِلٰى مَكَانِكِ بِاَبِيْ بَكْرٍ يامحطط

مرض اٹھراء کا مستقل اور مجرب علاج

یہ تعویذ بنا کر مکان کے چاروں کونوں میں دفن کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ۔ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ۔ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

یہ تعویذ اور نیچے والی آیات دونوں لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔

یارب میکائیل	یاقیوم	یارب جبرائیل
یاقیوم	یاقیوم	یاقیوم
یارب عزرائیل	یاقیوم	یارب اسرافیل

آیات یہ ہیں:

اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا۔ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا۔ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا۔ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا۔ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا۔

اور اس کے ساتھ اصحاب کہف کے نام لکھے۔ وہ یہ ہیں:

اِلٰهِيْ بِحُرْمَتِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ طَبْيُوْنَسْ كَشَافَطْيُوْنَسْ اٰذَرْفَطْيُوْنَسْ يُوَانِسْ بُوْسْ وَ كَلْبُهُمْ قِطْمِيْرْ۔

اور ہر ماہ کی پہلی، دوسری، تیسری تاریخ کو یہ تین (3) تعویذ استعمال کریں۔ کل ستائیس (27) تعویذ، نو (9) مہینے کے لیے

۷۸۶

یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ

اور یہ اسم حمل سے پہلے اور حمل کے بعد مسلسل استعمال کرائیں۔ صبح، دوپہر، شام۔

۷۸۶

یَارَحْمٰنُ

اعمال تسلیط (نئی کتاب)

صفحات 62

مجرب المجرب عملیات ونقوش۔ صدیوں پرانے مجرب المجرب نقوش، طلسمات وعملیات جو ہمارے بارہا کے آزمودہ ہیں

قیمت 2000 روپے

مصنف: باباسلطان قلندری باباجارج پطرس مسیح

● عشق ومحبت ● تسخیر ومحبت ● زبان بندی دشمن ● سخت عمل محبت (کالا جادو) ● بندش لگانا ● دشمن پر بیماری لگانا ● دشمن پر قابو پانا ● دشمن کی بندش ہر قسم ● عمل تسلیط ● اعمال تسلیط حب ودب ● عمل تسلیط برائے حب ● عمل محبت ناری ● طلسم جلب ناری فوری الاثر ● دشمن کی نیند باندھنا ● محبت شدید ● نفرت، جدائی وطلاق ● نیند بندی حب ودب ● کشش مال وسعت رزق ● آسیب جن کو بھگانا، جلانا ● نقش برائے ہر کام ● کامیابی مقدمہ ● تباہی دشمن ● دشمن پر غلبہ حاصل کرنا ● دشمن کی ہلاکت ● طلسم کابوس برائے دشمن ● آوارگی دشمن ● تباہی دشمن ● دشمن تین دن میں بیمار ● دشمن کو گھر سے نکالنا، جگہ قبضہ خالی کروانا ● گھر سے بھاگی لڑکی کی واپسی ● ہلاکت دشمن ● الحب عجیب ● تصویر والا عمل محبت ● مطلوب ہمیشہ کیلئے آپ کا ● لڑائی جدائی طلاق ● دشمن کو بھگانا ● محبت وعشق ● حب شدید مجرب ● عمل تسلیط بذریعہ ہاتف ● دربدر وآوارگی دشمن ● چوری شدہ مال کی واپسی ● جلب ومحبت سریع ● عمل محبت آنکھوں والا ● عمل حب زرقا ابلیس ● نقش ابلیس سفلی (ہر کام کیلئے) ● عورت کا خون جاری کرنا (نقش ابلیس) ● حاضری مطلوب ● طلسمی آئینہ ● قوت باہ کا عمل ● نظر بندی کا عمل ● محبت وشی کرن ● سخت دل دشمن یا محبوب کیلئے ● تسخیر وحاضری ● بنگالی ڈھائیہ حب ● دشمن کا پیشاب باندھنا ● عرق النساء کا دم۔

اعمال دعوات وتسخیر (نئی کتاب)

صفحات 81

25 سالہ ریاضت کا ثمر وحصول۔ اس کتاب میں دعوات وزکوٰۃ کے طریقہ جات اور مجرب المجرب تسخیر وحاضرات سفلی ارواح کے مجرب المجرب عملیات ہیں

مصنف: میاں فیصل حمید نقشبندی — **قیمت: 3000 روپے**

☆ دعوت الم نشرح ☆ ریاضت سورۂ اخلاص ☆ دعوت اخلاص مع موکل ☆ دعوت سورۂ ہمزہ ☆ دعوت یا لطیف ☆ زکوٰۃ ودعوات سورۂ مزمل ☆ دعوت سورۂ مزمل باموکل ☆ زکوٰۃ ودعوات سورۃ الفیل ☆ دعوت برہتیہ ☆ زکوٰۃ ودعوات الحمد شریف ☆ زکوٰۃ ودعوات سورۂ والشمس ☆ دعوت سورۃ الکوثر ☆ دعوت دوم سورۂ کوثر ☆ دعوت یاوہاب ☆ دعوت وزکوٰۃ آیت قطب ☆ دعوت سورۂ یٰسین۔ حصہ دوم ☆ سفلی تسخیر وحاضرات ☆ تسخیر مہادیوی ☆ حاضری گنیش دیوتا ☆ حاضری ملیتری دیوی ☆ حاضری وسیکھپا دیوی ☆ حاضری بجری دیوتا ☆ ادنی موہنی کی تسخیر ☆ تسخیر مہاموہنی ☆ حاضری کامیشوری دیوی ☆ حاضری رتی پریا ☆ تسخیر بانے بیر ☆ تسخیر بیتالہ راکش وبھوت ☆ تسخیر بابا ایشوری ☆ تسخیر جوگن ☆ تسخیر کنکوتی دیوی ☆ حاضری مستانی دیوی ☆ تسخیر موہنی ☆ تسخیر چوراہیہ مسان ☆ تسخیر دھودھا ☆ تسخیر وحاضری بھیرو بیر ☆ حاضری بھیرو ☆ تسخیر کالی دیوی ☆ تسخیر نارسنگھ بیر۔

طلسمی عملیات تسخیرات موکلات والارواح

مصنف: حکیم وڈاکٹر محمد نعیم الحسن — **قیمت: 2500 روپے**

(حصہ اول) صفحات: 180

♠ جا اعمال اور وجہ بخورات ♠ کیا عدد آٹھ (8) نحس ہے ♠ عمل ٹیلی پیتھی ♠ روحانی موکل کی تسخیر ♠ لطیفہ نفس کی بیداری ♠ عمل برائے محبت ♠ عمل برائے تسخیر محبوب ♠ عمل برائے جادوئی حاضرات ♠ باطنی نگاہ، جنات کو دیکھنے کا عمل ♠ مجرب استخارہ ♠ قرآنی استخارہ ♠ پرائز بانڈ لاٹری کا نمبر معلوم کرنا ♠ عمل دست غیب واجد رام پوری ♠ دست غیب (لکشمی دیوی کا عمل) ♠ قرض واپس لینے کا عمل ♠ سوئی ہوئی قسمت کو بیدار کرنے کا روحانی عمل راز ♠ باطنی نگاہ کھولنے روشن ضمیری کیلئے ♠ کشف القبور کا مجرب آسان عمل ♠ روحانی مخلوق سے ملاقات کا عمل ♠ کوہ کاف کی سیر ♠ روحانی سیر کرنے کا عمل ♠ خفیہ عمل، ڈنڈے برسنا ♠ تالا گرانے کا عمل ♠ اکیس روز میں وسعت رزق کیلئے تجربہ شدہ عمل ♠ رجوع خلق وتسخیر خلق ♠ تسخیر شمس الجن ♠ جن کے بچے کی تسخیر وحاضرات کا نایاب عمل ♠ شانی پری کی حاضری ♠ تسخیر موہنی دیوی کا مجرب عمل ♠ عمل گروجن کی حاضری ♠ عمل برائے حاضرات کالی دیوی ♠ لوح محبت عمل ♠ عمل حصول رشتہ ♠ صرف گیارہ یوم میں معشوق حاضر ہو کر عاجزی کرے ♠ نقش جنات کی چوری روکنا ♠ ہر بند چیز کھولنا ♠ نقش حصول ملازمت ♠ کثرت مال ورزق اور حصول دولت ♠ چوری کی عادت چھڑوانا ♠ لوح دفع سحر وجادو ٹونہ ♠ تسخیر مال دولت ♠ مندرہ مشکل کشا ♠ رشتہ اور شادی ہونے کیلئے مجرب اعمال ♠ بیوی عزت کرے اور شوہر کے علاوہ کسی طرف مائل نہ ہو۔ اس کے علاوہ بہت ہی قیمتی ونایاب عملیات موجود ہیں۔

(حصہ دوم) صفحات: 102

♠ سفلی عمل، حاضری بھوت، پریت، پری، دیو ♠ عمل فوائد ''الف'' منزل شرطیں ♠ سورۂ مزمل شریف معہ موکلات اور اسناد ♠ عمل دست غیب گارنٹی شدہ ♠ تسخیر شمس جن ♠ طلوخوش جن کی حاضری کا عمل ♠ یاسمین پری کی تسخیر ♠ سفلی دیوی گرہن ♠ اکسیری ٹیبلٹ ♠ طب الشفاء حکیمی نسخہ جات ♠ شبابی سیکس اپ کیپسول ♠ ٹیبلٹ شہ زور ♠ مصنوعی مشک (کستوری) منانے کا نسخہ ♠ ٹیبلٹ برہمی پلس زعفرانی ♠ سیکس اپ زعفرانی کیپسول ♠ سفوف مقوی باہ ♠ سفوف سیلان ♠ سفوف فشار الدم قوی ♠ تریاق شوگر ♠ اکسیر شوگر ♠ اکسیر وجع القلب ♠ تسخیر سحر گلاب ♠ تسخیر عینما زوش پری کا لاجواب صدری سچا آزمودہ است عمل ♠ تسخیر وحاضری لچھیا دیوی ♠ عمل تسخیر مہاموہنی دیوی برائے دست غیب ♠ فتح نامہ ♠ عمل برائے حاجت کیلئے ♠ ہمزاد کو حاضر کرنے کا لاجواب صدری عمل ♠ تسخیر ہمزاد ♠ حصول انعام، پرائز بانڈ کے نمبر حاصل کرنا بذریعہ ہمزاد ♠ مندرہ مشکل کشا ♠ حاضرات کا مجرب سچا عمل ♠ مجرب حاضری تسخیر محبوب ♠ عمل حصول رشتہ

اعمال حروفِ صوامت

علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری (حویلی لکھا)

قدرت کے اس کارخانہ میں سب سے پہلی تقسیم دو کی ہے، جس میں دن رات، گرم سرد وغیرہ کی بے شمار تقسیمیں مثبت و منفی کا کردار ادا کرتی ہیں۔ سورج مثبت اور چاند منفی ہے۔ سورج کی تاثیر گرم اور چاند کی ٹھنڈی ہے۔ سورج میں قوت انعکاس ہے، چاند میں قوت جاذبہ ہے۔ ہر تاثیر الگ الگ ہے۔ اثر تکلیف دہ بھی ہوتا ہے اور مفید بھی۔ مثلاً گرمی بھی آدمی کو تکلیف دیتی ہے اور سردی بھی۔ سورج اور چاند قدرت کی دو قوتوں کے عظیم منبع ہیں، جن کے جدا ہونے سے یعنی جدا جدا تاثیر کام کرنے سے اس دنیا کے اندر زندگی اور نشوونما ظہور پاتی ہے۔ آپ کے جسم میں گرمی کم ہو جائے تو دیوانہ بنا دیتی ہے۔ اگر گرمی زیادہ ہو جائے تو بھی پاگل سا بنا دیتی ہے۔ اب ایک اور حالت بھی ہے۔ جب کہ ہر دو مختلف حالتیں ایک ہو جاتی ہیں۔ اس ایک ہونے سے ذائقہ اور رنگ تک بگڑ جاتا ہے۔ مثلاً مولی کے پتوں کی تاثیر گرم ہے۔ بیجوں کی تاثیر سرد ہے۔ دونوں مل جائیں تو ایک نئی تاثیر اور نیا ذائقہ بنے گا۔ روشنی اور اندھیرا جب ملتے ہیں مثلاً صبح کا وقت سردی کا ہوتا ہے صبح وشام کے وقت روشنی اور اندھیرے کا عارضی ملاپ اپنے اندر ایک خاص تاثیر رکھتا ہے۔ اگر سب رنگوں کو گھول کر ایک جگہ کر دیں تو سفید رنگ ہو جائے گا۔ اسی طرح جب چاند اور سورج آپس میں ملتے ہیں تو ایک عکس دوسرے پر پڑتا ہے تو تمام دنیا میں اس کی تاثیر پھیلنے لگتی ہے۔ یہ اس قدر مؤثر ہوتی ہے کہ حاملہ عورت اس وقت قینچی سے کچھ کاٹے اور خیال ذرا بھی پیٹ کی طرف گیا تو بچے کا کوئی عضو کٹ جائے گا۔ اگر اس وقت اپنے ماتھے پر کوئی نشان بنایا جائے تو بچے کی پیشانی پر بھی وہی نشان ظاہر ہوگا۔ بعض بچوں کے پاؤں ٹیڑے ہوتے ہیں تو اس کی وجہ ماں کی وہ پوزیشن ہوتی ہے، جس میں وہ گرہن کے وقت بیٹھی ہوتی ہے۔ گرہن کے وقت ایک ایسی تاثیر پیدا ہوتی ہے جو زمین کو متاثر کرتی ہے۔ یہ گرم سرد مادی تاثیر روحانیت میں بدل جاتی ہے۔ مقناطیسی لہروں کا زور باہر کی طرف ہو جاتا ہے۔ ذرا سی تاثیر ہزار گنا بڑھ جاتی ہے اور نیا کام کر دکھاتی ہے۔

اسی لیے عاملین و کاملین چاند اور سورج گرہن میں مختلف اعمال کی زکات ادا کرتے ہیں اور اپنے شاگردوں کو ایسے اعمال کی اجازت دیتے ہیں۔ گرہن میں عام طور پر حروف صومت کی زکات ادا کی جاتی ہے۔ جس کا سادہ طریقہ یہ ہے کہ حروف صوامت (احدرسص طعک لموہ) کو کسی بھی چاند یا سورج گرہن میں پاک صاف جگہ پر باوضو رو بہ قبلہ بیٹھ کر لوبان کی اگربتی سلگا کر سفید کاغذ پر بالکل خاموش رہ کر 543 مرتبہ تحریر کریں اور پھر ان تمام کاغذات کو کسی پاک وصاف جگہ پر دفن کر دیں۔ اب آپ حروف صومت کے صاحب زکات ہو گئے۔ اب مدوات کے طور پر روزانہ تیرہ (13) مرتبہ لکھتے رہیں۔ بہتر ہوگا کہ ایک چھوٹی سی سفید کاغذ کی کاپی تیار کرلیں۔ اس کاپی پر ایک جانب روزانہ تیرہ (13) مرتبہ لکھتے رہیں۔ جب یہ کاپی پُر ہو جائے تو اسے حسب سابق کاغذات کی مانند پاک وصاف جگہ دفن کر دیں اور دوسری تیار کردہ کاپی پر مداومت جاری رکھیں۔ زکات کا یہ طریقہ زکات اصغر کہلاتا ہے۔ پھر ہر سال ایک مرتبہ ضرور اس زکات کو دہرایا کریں۔ زکات اصغر ادا کرنے کے بعد دوسروں کو اجازت نہ دے سکیں گے۔ اگر اجازت دے دی تو یہ زکات دوسرے کو منتقل ہو جائے گی۔ اور آپ خود کورے رہ جائیں گے۔

حروف صوامت کی زکات کے بعد ہر قسم کی بندش مثلاً زبان بندی، قدم باندھنا، بارش باندھنا، جاری خون باندھنا، گرتے حمل کو باندھنا، نظر بد باندھنا، بھاگنے والے جانور یا انسان کو باندھنا، کسی شخص کی بدعادات کو باندھنا، غرض انسانی حاجات کا چوتھائی حصہ پر عامل کو قدرت حاصل ہو جاتی ہے کہ وہ ان کو اپنے عمل کے زور سے باندھ دے۔

حروف صوامت کے بے شمار عامل ہمارے شاگرد ہیں اور کامیابی سے اعمال بندش کے کام کر رہے ہیں۔ ایک زمانہ ہوا ہم نے حروف صوامت کی زکات اکبر کبائر ادا کی تھی۔ اور بے شمار عاملین ہماری اجازت سے حروف

صوامت کی زکات ادا کر کے کامیاب ہو چکے۔ مزید تفصیل کے لیے کتاب ’’عملیات حروف صوامت‘‘ کا مطالعہ کریں۔ یہاں پر ہم حروف صوامت سے بندش کی چند سطور درج کرتے ہیں۔

1 بستم دَردِ سر درد نہ ہو۔ (سر درد باندھنا)

2 بستم نکاح و نسبت فلاں ماسوائے فلاں۔ (نکاح باندھنا)

3 عقد الدم رحم والحمل لا یدموا۔ (خون جانے سے حمل گرنے کا خطرہ ہو تو)

4 بستم عادت شراب نوشی فلاں ترکِ شراب ابدا۔ (شراب نوشی کی عادت باندھنا)

5 ضبطِ نطفہ فلاں (مرد) حمل قرار نہ باید۔

6 عقد الزنا مابین فلاں و بین فلاں لاتزنی ابدا۔ (زنا باندھنا)

7 بستم ملازمت فلاں دَر دفتر فلاں نہ تبدیلی دفتر نہ عہدہ۔ (تبدیلی باندھنا)

8 عقد الساقط الحمل فلاں لا السقط والسقط۔ (حمل ساقط نہ ہونا)

9 عقد التعلق زن و شوہر مجامعت ابدا۔ (مجامعت باندھنا)

10 عقد العقل والخرد فلاں فی حق فلاں صم بکم عمی فہم لا یعقلون۔ (عقل و خرد باندھنا)

11 بستم قدم فلاں بسوئے خانہ فلاں تانتواند رسد۔ (کسی کے ہاں جانے سے روکنا)

12 بستم رغبت دل فلاں در محبت فلاں تا محبت نہ شود۔ (محبت کو ختم کرنا)

13 بستم قدم دریں مکان فلاں بیرون قرار نہ باید۔ (گھر سے باہر رہنے والے کے قدم باندھنا)

14 عقد اللسان کل مخلوق معلوم و نا معلوم فی حق فلاں۔ (مخلوق کی زبان بندی کرنا)

15 بستم دکان فلاں فی حق مقبوضہ فلاں تا طلب خالی کردن نہ کند۔ (قبضہ باندھنا)

16 بستم قلب فلاں دَر محبت فلاں تا رجوع نہ کند۔ (محبت باندھنا)

17 بستم دست دزدی فلاں ارادتاً عمداً افعلاً دزدی نہ تواند کرد۔ (چوری کی عادت باندھنا)

18 بستم زبان فلاں دَر غرض و حق فلاں کبھی خلاف نہ بولے۔ (زبان بندی کرنا)

19 بستم اجرائے خون سینہ و حلق فلاں خون نہ آئے۔ (جاری خون باندھنا)

20 بستم دست سزا فلاں فی حق فلاں سزا کے لیے ہاتھ نہ ہلیں۔ (مارنے کی عادت باندھنا)

21 بستم انزال و سرعت منی فلاں قطعی منزل نہ ہو۔ (انزال واحتلام باندھنا)

22 بستم زبان و دست فلاں فی حق فلاں صم بکم عمی فہم لا یرجعون۔ (مارنے اور گالی دینے کی عادت باندھنا)

23 ضبط نطفہ فلاں (عورت) حمل قرار نہ شود۔ (حمل باندھنا، ایسی صورت میں دونوں میاں بیوی کو عمل تیار کر کے دیں۔)

24 بستم رخصتی و بارات فلاں بن فلاں بہ فلاں بنت فلاں کہ ہرگز برائے طلبیدن رشتہ جمع نہ شود تا من نکشایم ہیچ کس نکشائید بحق یا قابض۔ (رخصتی باندھنا)

اسی طرح دیگر مسائل کے لیے مطلوبہ سطر تحریر کی جاتی ہے۔

اَب حروف صوامت کے چند بندش کے اعمال درج کرتے ہیں۔

طلسم زبان بندی

گرہن کے وقت ایک سرب کی تختی پر (احدرسص طعک لموہ یا حرا کیل) لکھ کر انگوٹھی کے نگ کے نیچے لگالیں۔ تمام بدگویوں اور حاسدین کی زبان بند ہو جائے گی۔ کوئی خلاف نہ بول سکے گا۔

حفاظت مکان اور دکان

اگر کوئی شخص گرہن کے وقت یہ چھ حروف معہ موکل سرب کو لوح پر لکھ کر گھر کی دیوار یا صندوق میں قبلہ رخ لگا دے تو وہ گھر، مکان یا دکان یا صندوق آگ اور چوری سے محفوظ رہے گا۔ جن کے ہاں چوری کا خطرہ رہتا ہو یا عموماً چوری ہوتی ہو، ان کو فائدہ اٹھانا چاہئے۔ حروف یہ ہیں:

ازورزہ یا حرا کیل

خرابی ظالم دشمن

جو شخص خلق خدا پر ظلم کرتا ہو یا کسی کو ناحق تکلیف دیتا ہو، اس کے نام کے اعداد مع والدہ نکالیں۔ اس میں حرا کیل کے عدد، "ف، ش، ذ" کے عدد اور عدد "۴۵۵۰" ملائیں۔ ان تمام کے مجموعہ سے دو (2) عدد نقش مربع معکوس کے سیاہ روشنائی اور سرکہ سے تیار کریں۔ پرانے کپڑے پر لکھیں جو باہر سے اٹھایا گیا ہو۔ ایک کو سر برہنہ کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔ نقش کے ہمراہ تھوڑی سی ہینگ اور سرخ مرچ رکھیں۔ دھونی بھی انہی چیزوں کی دیں۔ اور وہاں سے تھوڑی سی مٹی قبر کی لے کر دوسرے نقش کے ساتھ رکھ کر ظالم دشمن کے گھر یا گزرگاہ یا چوکھٹ میں دفن کریں۔ وہ شخص غضبِ خدا میں گرفتار ہوگا۔ ناحق کسی پر عمل نہ کریں ورنہ خود بھی سزا کے لیے تیار رہیں۔ یہ یاد رکھیں۔ اس نقش میں باقی نہ آئیں۔ اگر تقسیم سے باقی آئے تو اسم الٰہی (یامذل، یاقھار، یامھیمن اور کوئی جلالی وقہاری) کے اعداد بھی ملالیں تاکہ باقی نہ آئے۔ چال مربع معکوس یہ ہے:

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

دافع کرم جانوراں

جس کسی جانور بیل، گائے، بھینس وغیرہ کے کرم پڑ جائیں اور مالک اس کا بیان کرے کہ میرے بیل کے کرم پڑ گئے ہیں ہے تو عامل اس کے بیل کا رنگ دریافت کرے۔ مثلاً رنگ اس کا سفید ہے اور مالک بیل کا عامل کے سامنے نہ آئے، کسی اُوٹ میں کھڑا ہوکر کہے کہ میرے سفید بیل کے کرم پڑ گئے ہیں۔ عامل ایک رومال کے کنارے کو پکڑ کر بل دے اور ایک بار یہ کہے "اللہ دِی واری، محمد دِی واری، گورے بیل دے کیڑے، کردے ودپارے۔"

عامل اس رومال کے کونے پر دم کرکے اس کے بٹ یا بل کو کھول کر اس کو پکار کر کہے کہ "کیڑے مرگئے۔ پس بیل والا کہے ہاں مرگئے۔"

اسی طرح سات (7) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس جانور کے کیڑے مرجائیں گے۔ اور اگر کوئی اور جانور ہے تو اس کا نام لے کر پڑھیں۔ اگر کوئی فرد اس کا عمل بنا چاہے تو چاند یا سورج گرہن میں سات سو (700) مرتبہ مندرجہ بالا عمل کو پڑھے۔ اور پھر ہر روز سات (7) بار پڑھا کریں۔ عمل قابو میں آجائے گا۔

مخلوق کی زبان بندی کا خصوصی عمل

جو شخص دشمنوں سے، بدوں سے، حاسدوں سے، چغل خوروں سے اندیشہ رکھے یا کوئی ملازم اپنے افسر سے ڈرتا ہو یا کوئی عورت اپنے شوہر کی سختی وسخت کلامی سے ڈرتی ہو یا کوئی مرد اپنی عورت کی زبان درازی سے نالاں ہو یا کوئی کمزور زبردست سے کسی وجہ سے ڈرتا ہو تو اس نقش اور دعا کو لکھ کر پاس رکھے تو دوسروں کی زبان بند ہوجائے گی۔ اور وہ مہربان رہیں گے۔ اور ان کی نظروں میں عزیز ہوں۔ اس نقش اور نیچے دعا کو گرہن کے وقت کریں اور پھر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھیں۔ نقش معہ دعا درج ہے۔

۲۶۸۵	۲۶۸۸	۲۶۹۱	۲۶۷۷
۲۶۹۰	۲۶۷۸	۲۶۸۴	۲۶۸۹
۲۶۷۹	۲۶۹۳	۲۶۸۶	۲۶۸۳
۲۶۸۷	۲۶۸۲	۲۶۸۰	۲۶۹۲

يَارَبِّ بَيْتُ الْحَرَامِ يَارَبِّ شَهْرَ الْحَرَامِ يَارَبِّ الْبَلَدَ الْحَرَامِ يَارَبِّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ يَارَبِّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ يَارَبِّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ يَارَبِّ النُّوْرِ وَالظَّلَامِ يَارَبِّ الْقُدْرَةِ وَالْاَنَامِ عَقَدَتْ لِسَانُ بَنِيْ آدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا وَسَدَدَتْ اَفْوَاهُهُمْ مِنْ صَغِيْرٍ وَ كَبِيْرٍ وَ ذَكَرٍ وَ اُنْثٰى وَ حُرًّا وَ عَبْدٍ عَلٰى حَامِلِ هٰذَا الدُّعَآءِ (نام طالب معہ والدہ) بِاَمْرِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔

بواسیر کا روحانی علاج

چاند یا سورج گرہن میں مندرجہ ذیل منتر کو ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھ لیں۔ پس آپ اس کے عامل ہوجائیں گے۔ (بقیہ ص 28)

اسمائے حسنیٰ کے مجرب اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

انکساری پیدا کرنا، عزت بڑھ جانا، نرم دل کر دینا

یَاعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ۔ موافق اسم کے اعداد نکال کر پڑھنے سے عزت بڑھتی ہے۔ اور خود اپنے دل میں عاجزی پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر متکبر مغرور کے سامنے پڑھیں، نرم دل اور پانی پانی ہو جاتا ہے۔

دفینہ کا خواب میں معلوم ہونا

یَاهَادِیُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ۔ نصف شب کے بعد اس کی کثرت کرے اور ہر سو (100) بار کے بعد یہ کہے ''اِهْدِنِیْ یَاهَادِیُ، اَخْبِرْنِیْ یَاخَبِیْرُ، وَبَیِّنْ لِیْ یَامُبِیْنُ۔ پھر جس چیز کا حال دریافت کرنا ہو اس کا نام لے۔ جب نیند غالب ہو، سو جائے۔ خواب میں ان شاء اللہ معلوم ہو جائے گا۔ اسی طرح باوضو بستر پاک پر لیٹ کر بعد نمازِ عشاء یَابَاسِطُ بکثرت پڑھے۔ خواب میں علم ہو جائے گا۔

فائدہ: اگر اور کوئی بات معلوم کرنا ہو تو اس کو زبان سے ادا کرے۔

اگر شوہر پورے حقوق نہ دے

خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل حضرت مولانا مفتی جمیل احمد تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے میرے خاندان کی ایک خاتون کو بتایا تھا۔ الحمد للہ! اختتام سے قبل ہی ان کے شوہر راہِ راست پر آ گئے تھے۔ جو لوگ بھی یہ عمل کریں وہ ایک سو (100) مرتبہ یا تینتیس (۳۳) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت رحمہ اللہ کو بخش دیں۔ عمل یہ ہے:

اکتالیس (۴۱) دن تک گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار ''یَالَطِیْفُ'' پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11-11) بار درود شریف۔ عمل بعد نمازِ عشاء پڑھنا ہے اور جس جگہ نمازِ عشاء پڑھی ہے، وہاں سے اٹھنا نہیں ہے، وہیں عمل پڑھنا ہے۔ گیارہ (11) ثابت سیاہ مرچیں رکھ لیں۔ ہر سو (100) بار کے بعد ایک مرچ پر دم کر کے سائیڈ پر رکھ لیں۔ آخری مرچ پر ایک سو گیارہ (111) بار پڑھ کر دم کرنا ہے۔ اختتام کے بعد ان سیاہ مرچوں کو جلا دیں۔

(یہ عمل بلاناغہ کرنا شرط ہے۔ چونکہ حیض کے دوران اسماء الحسنیٰ پڑھنے کی ممانعت نہیں ہوتی، اس لئے عورتیں اس عمل کو دورانِ حیض بھی پڑھیں گی۔ بس اتنا خیال رکھیں کہ کپڑے پاک ہوں۔ عشاء کے وقت وضو کریں۔ پاؤں نہ دھوئیں۔ باقی پورا وضو کریں۔ پھر جائے نماز پر بیٹھ کر یہ عمل کریں۔ نیز اس بات کی پابندی کریں کہ عشاء کی نماز اذان ہونے کے کتنے دیر بعد پڑھتی ہیں۔ یعنی اگر ایک گھنٹہ بعد پڑھتی ہیں تو آخر تک ایک گھنٹہ بعد ہی پڑھیں۔ وظائف میں وقت کی پابندی کا لحاظ نہ رکھنے والوں کے وظیفوں میں وہ تاثیر نہیں رہتی جو وقت کا لحاظ رکھنے والوں کے رہتی ہے۔ خ)

محبت اور تسخیر القلوب کا خاص عمل

یہ ایک خاص عمل ہے جس کی اجازت عام نہیں۔ اس میں ''الودود'' کی غیبی روحانی قوتوں سے کام لیا جاتا ہے۔ مکمل شرائط کے ساتھ یہ عمل پڑھیں۔ ایک وقت مقرر کر کے ''الودود'' کو بیس (20) مرتبہ اور سات (7) مرتبہ یہ دعوت پڑھے: اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ اَنْتَ الَّذِیْ اَوْدَعْتَ سِرَّ الْمَحَبَّةِ وَالْمَوَدَّةِ فِیْ قُلُوْبِ اَهْلِ الْاِسْرَارِ، وَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الَّذِیْ اَكْمَلْتَ ذَوَاتِ الطَّالِبِیْنَ بِنُوْرِ الْاَنْوَارِ، وَتَجَلَّیْتَ بِالْعِزِّ وَالنُّوْرِ الْقَائِمِ عَلَى الْاَرْوَاحِ، فَاَلَّفْتَ بَیْنَ الْاَشْبَاحِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ وُدِّكَ وَسِرَیَانَ حُبِّكَ فِیْ قُلُوْبِ اَنْبِیَائِكَ وَ اَوْلِیَائِكَ اَنْ تُلْقِیَ وُدِّیْ وَحُبِّیْ فِیْ قُلُوْبِ عِبَادِكَ وَسَخِّرْهُمْ لِیْ، اَللّٰهُمَّ كَمَا اَلْقَیْتَ الْوَحْیَ عَلٰى قَلْبِ نَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ. اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ رُوْحَانِیَّةَ هٰذَا الْاِسْمِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ اِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تُرِیْدُ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا اِلٰى یَوْمِ الدِّیْنِ. سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

مجرب قرآنی عملیات

حضرت مولانا ڈاکٹر سید محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ (بھوپال)

سورۂ یٰسین شریف...... ایک کثیر الفوائد سورت

جو شخص روزانہ یٰسین شریف کو اپنا اس طرح ورد بنالے کہ ایک مرتبہ قبل نماز فجر اور پھر ایک بار بعد نماز فجر، اسی طرح ہر نماز سے قبل اور بعد ایک ایک بار...... یہ دس ہوئے گویا دس (10) مرتبہ اس نے روزانہ پڑھی۔ اگر نہ ہو سکے تو صبح کو سات (7) بار اور شام کو تین (3) بار پڑھیں۔ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مزاج میں استقلال اور لا پرواہی پیدا ہو جائے گی۔ روزانہ خرچ کا انتظام خود بخود ہوگا۔ نہ یہ حاجت رہے گی کہ کل کی کیا ہوگا؟ حتیٰ کہ شادی بیاہ اور تمام ضرورتیں خود بخود پوری ہوتی چلی جائیں گی۔ افسران خوش رہیں گے۔ ہر بات اور ہر مشورہ کو مخلوق صحیح مانے گی اور اس پر عمل در آمد کرے گی۔ کتنی قلیل المعاشی ہو، غیب سے سامان ہوتا رہے گا۔ اگر صاحب اولاد ہے، سب اچھی حالت میں رہیں گے۔ اور ہمیشہ خواب میں اپنے والدین کو اچھی حالت میں دیکھے گا۔ چہرہ پر جلال رہے گا۔ اور ہر شخص قدر و منزلت کرے گا۔ جس مریض پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا، شفاء حاصل ہوگی۔

اللہ پاک نے عجیب و غریب صفات اس سورۃ میں مخفی رکھی ہیں۔ جس قدر تعداد اس کی بڑھتی جائے گی، اسی قدر فائدہ مرتب ہوتا چلا جائے گا۔ نہایت خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھتے جائیں۔

خوش اسلوبی سے ہر کام پورا ہو

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (التوبہ:۱۲۹)

تمام مہمات کے لئے کافی ہے۔ ہر کام احسن طریقہ سے انجام کو پہنچتا ہے۔ مخلوق معاون اور مددگار ہوتی ہے۔ جو دعا مانگے گا، خداوند عالم آسان طریقہ سے اس کا ذریعہ پیدا کرے گا اور آپ کو معلوم بھی نہیں ہوگا کہ کس طرح کام ہو گیا۔ بہترین عمل ہے۔

روزانہ ایک تسبیح صبح و شام پڑھ لیا کریں۔ اس کے علاوہ جو فائدہ پہنچے گا، اس کا علم خود آپ کو ہو جائے گا۔ اگر چار بجے صبح آسمان کے نیچے برہنہ سر کھڑے ہو کر ایک تسبیح پڑھا کریں، بڑا زبردست توکل حاصل ہوگا۔ اور مستغنی عن الغیر ہو جائے گا۔ تیر بہدف عمل ہے۔

نظر بد کا علاج

اگر بچہ کو نظر لگ جائے، سورۂ مزمل شریف پوری پڑھ کر تین (3) بار دم کریں۔ ان شاء اللہ نظر زائل ہو جائے گی۔

نہایت مؤثر اور مجرب عمل
برائے مطلوب و دافع اعداء و تلاشِ روزگار

سورۂ اخلاص کا ایک بار پڑھنا تہائی قرآن شریف کے برابر ہے۔ اوّل و آخر سو سو (100) بار درود شریف اور ایک ہزار (1000) بار سورۂ اخلاص پڑھنا چاہئے۔ عروج قمر میں تلاش معاش کے واسطے پڑھیں۔ اور نزول ماہ میں دافع اعداء کے واسطے۔ ایک ہفتہ مؤثر اور مجرب ہے۔

نیز اگر اس سورت کو نقش کی صورت میں بعد نمازِ صبح، قبل طلوع آفتاب سنیچر کے دن عروج ماہ ثابت کے مہینے میں لکھے اور خشک قلم سے نام دونوں فریق کا معہ ان کی والدہ کے ناموں کے لکھے اور اس کے بعد کہے "الٰہی! بہ برکت اس کلام پاک کے، ان میں موافقت ہو۔" پھر اس کو دھو کر مطلوب کو شیرینی میں کھلا دے۔ حلال جگہ کے سوا دوسری جگہ ہرگز ہرگز نہ کرے۔ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

برائی سے حفاظت

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ (سورۂ کافرون) روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھ لینا، ہر شر اور برائی سے محفوظ رکھتا ہے۔ ایک بار پڑھنا، چوتھائی کلام پاک کے برابر ہے۔

نوٹ: ان تمام اعمال کی عام اجازت ہے۔

برائے مئی ۲۰۲۲ سنہ

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

افسر کو مسخر کرنا

اگر کسی کا افسر اس کا جائز کام نہ کر رہا ہو تو اس کو مسخر کر کے کام کروانے کے لیے خاص وظیفہ حاصل کریں۔

شوہر کی نگاہ میں عزیز ہونا

اگر کوئی خاتون یہ چاہتی ہو کہ وہ اپنے شوہر کی نگاہ میں عزیز ہو جائے تو اپنا نام معہ والدہ اور شوہر کا نام معہ والدہ بتا کر، پاس رکھنے کے لیے یہ خاص تعویذ حاصل کریں۔

بواسیر سے نجات

بواسیر خونی ہو یا بادی، پینے اور غسل کرنے پر مشتمل روحانی علاج سے ان شاء اللہ ختم ہو جائے گی۔

روٹھے میاں بیوی کے لیے

اگر میاں بیوی میں سے کوئی روٹھ جائے اور مان نہ رہا ہو تو اس خاص عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل دیسی تالے پر کیا جاتا ہے۔ ایک عدد لوہے کا دیسی تالا ادارہ میں بھجوائیں یا اس کی قیمت ادا کر کے عمل حاصل کریں۔

ہر مرض سے نجات کا علاج

ہر مرض سے نجات کے لیے اس روحانی علاج سے فائدہ اٹھائیں۔ ان شاء اللہ، مریض کو واضح فرق پڑے گا۔ ساتھ جسمانی علاج جاری رکھیں۔

حمل قائم رہے

اگر کسی عورت کا حمل ٹھہر کر گر جاتا ہو تو اس کو قائم رکھنے کے لیے یہ عمل کریں، ان شاء اللہ، حمل قائم رہے گا۔ دورانِ حمل کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے گا اور عورت نارمل حالت میں رہے گی۔

خشک و تر خارش سے نجات

خارش خشک ہو یا تر، نئی ہو یا پرانی، الغرض ہر طرح کی خارش کے لیے ''روحانی آبِ شفاء برائے خارش'' حاصل کریں۔

غائب واپس آئے

اگر کسی کا کوئی عزیز، رشتہ دار، دوست یا جاننے والا غائب ہو جائے تو تین دن پر مشتمل یہ عمل کریں، ان شاء اللہ، بہت جلد غائب شخص واپس آئے گا یا اس کی کوئی نہ کوئی خبر آئے گی۔

سوتے میں ڈرتے بچوں کا علاج

اگر دودھ پیتے بچے سوتے میں ڈر جاتے ہوں اور خوفزدہ ہو کر رونے لگ جاتے ہوں تو اس کیفیت سے نجات کے لیے روحانی علاج حاصل کریں۔

کتاب چوری نہ ہو

اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کی کوئی خاص کتاب کبھی چوری نہ ہو تو یہ تعویذ منگوائیں اور کتاب چوری ہونے کی فکر سے آزاد ہو جائیں۔

....................*..........*..........*

نوٹ: یہ تمام روحانی خدمات صرف مئی ۲۰۲۲ سنہ کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحب معاملہ ہی رابطہ فرمائیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0342-7772772
0324-7772772 042-35420586
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah

تعویذ، حقیقت اور احتیاط

مولانا محمد عظیم معین

احادیث کا ایک بڑا خزانہ معوّذات پر بھی مشتمل ہے کہ جن کے ذریعے انسان ہر طرح کے شیطانی اثرات سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ لفظِ تعویذ مشتق ہے "عاذَ یعوذُ" سے، جس کے معنی ہیں "پناہ لینا"۔ اگر پناہ کلمات اللہ سے لی جائے، جو قرآن وسنت میں وارد ہوئے ہیں یا وہ ایسے کلمات ہیں جو شریعت سے متضاد نہیں ہیں تو ان میں کوئی حرج نہیں، بلکہ سنت ہے۔ لیکن اگر غیر اللہ سے پناہ لی جائے یا غیر شرعی کلمات سے پناہ لی جائے یا ایسے کلمات سے پناہ حاصل کی جائے جو مبہم الفاظ پر مشتمل ہوں تو ایسے کلمات سے پناہ لینا جائز نہیں۔

ظاہری آفات ومصائب کا شکار تو آج کل ہر دوسرا شخص ہے ہی اور اس کے علاج کے لیے مختلف حل کی تلاش میں لگا ہوا ہے۔ لیکن شیطانی اثرات اور باطنی امراض جن کے اسباب انتہائی خفیہ ہوتے ہیں اور بعض اوقات انجام کار کے اعتبار سے انتہائی مہلک بھی ہوتے ہیں ان کے شکار ہونے والوں کی تعداد بھی کچھ کم نہیں۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شیطانیت کا جال روز بروز انسانیت کے اوپر تنگ ہوتا جا رہا ہے۔ اس کی ایک وجہ تو انسانوں کی بد کرداری ہے، جو مسلسل بڑھتی ہی جا رہی ہے، نورانی اعمال یعنی عبادات، تقویٰ، طہارت، پاکیزگی وغیرہ جتنا ختم ہوتے جا رہے ہیں اتنے ہی شیطانی اثرات دنیا میں بڑھتے جا رہے ہیں اور دوسری وجہ کالے جادو، گندے تعویذ گنڈے اور عملیات کرنے اور کرانے والوں کی کثرت ہے، معمولی معمولی بات پر کسی پر جادو کرا دینا آج کل معمول بن گیا ہے۔ حسد، بغض، کینہ اور دشمنی کی آگ اتنی بھڑک چکی ہے کہ انسان اپنی نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لیے ہر قسم کے گھناؤنے کام کرنے پر بھی تیار ہے۔ کسی کی دولت بُری لگتی ہے، کسی کی عزت سے چڑ ہو جاتی ہے، کسی کی عقل ودانش کے چرچے پر خون کے گھونٹ پینے لگتے ہیں، تو کہیں محبت واتفاق کو ختم کرنے کے درپے ہو جاتے ہیں اور جوشِ انتقام میں اللہ اور اللہ کے رسول کی شریعت کو پسِ پشت ڈال کر اللہ کے حرام کردہ کام کر کے شیطانوں کو خوش کیا جاتا ہے اور ان سے التجا ودرخواست کر کے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جادو کے وجود کا منکر تو اس وقت شاید دنیا میں کوئی بھی مذہب نہیں۔ یہود ونصاریٰ کا ایک بڑا طبقہ تو اس کے سیکھنے اور سکھانے میں انتہائی سرگرم ہے۔ یہود نے تو ہاروت وماروت سے سیکھ کر اُسی وقت سے اس کا غلط استعمال شروع کر دیا تھا، جیسا کہ قرآن کریم میں مذکور ہے: فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ (البقرۃ:۱۰۲)، "تو وہ سیکھتے تھے ان دونوں سے وہ چیز (جادو) جس کے ذریعے وہ پھوٹ ڈال دیں شوہر اور بیوی کے درمیان۔" اور اس وقت بھی یہود اپنے شرم ناک مقاصد کو پورا کرنے کے لیے جادو سے بھرپور مدد لیتے ہیں اور یہ بات کسی پر بھی مخفی نہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کا اثر ہونا

لبید بن اصم نامی یہودی کی بیٹیوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا اور جادو کو ایک دھاگے کی صورت میں گیارہ (11) گرہیں لگا کر اس کو ایک کنویں میں ڈال دیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ دن اس کے اثرات بھی رہے، جس کی وجہ سے آپ کو بہت پریشانی کا سامنا ہوا۔ بالآخر رحمت خداوندی دست گیر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں وہ کنواں دکھا دیا گیا جس میں سحر کر کے گرہوں کو باندھا گیا تھا اور ساتھ ساتھ اس کا توڑ یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس بھی سکھا دی گئیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کنویں کے پاس تشریف لے گئے اور اس دھاگے کو نکال کر قرآن کریم کی ایک آیت پڑھتے جاتے اور ایک گرہ کھولتے جاتے، یہاں تک کہ تمام آیتوں کے ختم ہوتے ہی سب گرہیں کھل گئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سے سحر کا اثر بالکل ختم ہو گیا۔

اللہ علیہ وسلم جب بیمار ہوتے تو معوذتین (سورۃ الفلق والناس) اپنے اوپر دَم کرتے اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم شدید بیمار ہوتے تو میں خود معوذتین پڑھتی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر دَم کرکے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم پر پھیر دیتی۔ معوذتین کا ترجمہ اگر بغور پڑھا جائے تو اس میں ہر قسم کے شیطانی اثرات سے اللہ کی پناہ لینے کا ہی ذکر ہے اور آسیب زدہ شخص کے لیے اس کا پڑھنا انتہائی مفید ہے۔ عام حالات میں بھی ہمیں چاہیے کہ ان کو روزانہ پڑھنے کا اہتمام کریں۔

حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ نے "منزل" نامی کتاب شیطانی اثرات سے حفاظت کی تدبیر کے لیے ہی مرتب فرمائی ہے، جس کو صبح شام پڑھنے کا معمول بنانے سے انسان ہر قسم کے شیطانی اثرات سے بالکل محفوظ رہتا ہے۔ اسی طرح بعض بزرگانِ دین نے صبح وشام سات (7) مرتبہ الحمد شریف، آیۃ الکرسی، سورۃ حشر کی آخری تین (3) آیات اور چاروں قل کے صبح شام پڑھنے کو سحر سے حفاظت کے لیے انتہائی مفید فرمایا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا اپنے بچوں کے گلے میں تعویذ لٹکانا

جس طرح معوذات کا پڑھنا جائز ہے اسی طرح ان کو کسی چمڑے وغیرہ میں رکھ کر گلے میں لٹکانا یا بازو وغیرہ پر باندھنا بھی جائز ہے۔ جیسا کہ حضرت عمرو بن شعیب کی سند سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی گھبراہٹ (شیطانی اثر) کے لیے یہ کلمات سکھایا کرتے تھے: "اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ" اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ان کلمات کو اپنے بچوں کو یاد کرایا کرتے تھے اور جو چھوٹے ہوتے تھے ان کے گلے میں بطور تعویذ کے لٹکا دیا کرتے تھے۔ (سنن ابی داوٗد)

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ پر شیطانی اثر

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں گیا کہ مجھے شدید تکلیف تھی اور ایسا لگتا کہ یہ تکلیف میری جان لے لے گی۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے جسم پر سات (7) مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر پھیرو "اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ۔" حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے جیسے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق کیا تو فوراً ہی وہ تکلیف ختم ہوگئی۔ اس واقعہ کے بعد سے میں مسلسل اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی اس دعا کے پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔ (سنن ابی داوٗد)

سورۃ فاتحہ سے جنونی شخص کا علاج کرنا

حضرت خارجہ بن صلت رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ جب اسلام لے آئے تو ایک دفعہ مدینہ منورہ سے واپس اپنے شہر جاتے وقت ایک قوم کے پاس سے گزرے، جن کے پاس ایک مجنون شخص تھا اور اس کے جنون کی وجہ سے لوگوں نے اسے زنجیروں سے باندھا ہوا تھا۔ تو اس قوم کے لوگوں نے مجھ سے کہا کہ ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ تم اس شخص (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس سے آئے ہو جو خیر (نبوت) لے کر آیا ہے؟ کیا تمہارے پاس کوئی ایسا عمل ہے جس کے ذریعے تم اس جنونی شخص کا علاج کردو؟ تو وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس پر سورۂ فاتحہ (سات بار) پڑھ کر دم کیا تو وہ شخص بالکل ٹھیک ہوگیا اور اس کام کے بدلہ ان لوگوں نے مجھے سو (100) بکریاں دیں۔ میں وہ بکریاں لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور پورا واقعہ سنایا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تم نے سورۂ فاتحہ کے علاوہ کچھ اور بھی پڑھا تھا؟ میں نے کہا: نہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم! لوگ تو باطل منتر پڑھ کر کما کر کھاتے ہیں، لیکن تم نے بالکل درست پڑھا ہے۔

کعب احبار رحمہ اللہ سے یہود کی دشمنی

حضرت کعب احبار رحمہ اللہ جو یہود کے بہت بڑے عالم تھے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں اسلام لے آئے تھے اور حضرت عمر رضی

اللہ تعالیٰ عنہ ان سے اہل یہود کے بارے میں دریافت فرماتے رہتے تھے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس چند کلمات ہیں جن کو میں اگر نہ پڑھوں تو یہود مجھ کو گدھا بنا دیں۔ ان سے پوچھا گیا کہ وہ کلمات کیا ہیں؟ تو انہوں نے بتایا: "اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ، الَّذِىْ لَيْسَ اَعْظَمَ مِنْهُ، وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ، وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ، مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ۔"

معلوم ہوا کہ انسان جادو کی وجہ سے بڑے بڑے خطرات سے دوچار ہو سکتا ہے، اس لیے کسی بھی دن معوذات اور مسنون دعاؤں سے سستی اور کاہلی نہ برتی جائے، حتیٰ کہ بعض اوقات انسان کو جادو کے ذریعے قتل تک کر دیا جاتا ہے۔ کالے جادو کرنے والے ایسے بھی ہوتے ہیں جو جیتے جاگتے انسان کو موت کی نیند سلا دیتے ہیں۔ یہ بات یقینی ہے کہ موت کا ایک وقت مقرر ہے اور وہ اسی وقت مقررہ پر ہی آئے گی لیکن جس طرح ظاہری طور پر انسان کا قتل ہو جانا سبب کا درجہ رکھتا ہے، اسی طرح جادو کے ذریعے سے بھی سبب کے درجہ میں قتل کیا جا سکتا ہے۔

جادو کرنا یا کرانا کفر ہے

واضح رہے کہ کسی پر جادو کرنا یا کرانا کفر ہے۔ اور اس کا کرنے والا اور کرانے والا دونوں دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ اگر کسی مسلمان نے یہ عمل کیا یا کرایا تو اس کو چاہیے کہ فوراً اپنے ایمان کی تجدید کرے اور اگر وہ شادی شدہ ہے تو اپنے نکاح کی بھی تجدید کرے۔

جادو کے کارگر ہونے کے قرائن

زوجین کے درمیان محبت کا اچانک نفرت سے تبدیل ہو جانا، تجارت میں مسلسل خسارہ کا ہونا، گھر والوں میں اتفاق و اتحاد کا جھگڑے اور فساد سے بدل جانا، ہنستے بستے گھر کا ویرانے میں تبدیل ہو جانا، شکل و صورت میں ایک دم تغیر آ کر بدصورتی سے بدل جانا، صحت مندی کا اچانک کمزوری اور لاغری میں تبدیل ہو جانا، بچے مسلسل ضائع ہونا، مسلسل بیمار رہنا، بچیوں یا بچوں کے رشتہ نہ ہونا یا ہر بار رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا، مال داری کا فقر سے تبدیل ہو جانا وغیرہ۔ یہ سب وہ وجوہات ہیں جو جادو کے کارگر ہونے کا ایک قرینہ ہیں۔

جادو ہونے کی صورت میں کیا کیا جائے؟

اگر کسی کو قرائن سے اپنے اوپر جادو ہونے کا قوی شبہ ہو اور اسے یہ محسوس ہو کہ اس پر جادو ہوا ہے تو اس کو چاہیے کہ کسی ایسے عامل کو تلاش کرے جو متقی ہو اور اس فن کا ماہر ہو۔ اس بات کو اچھی طرح مدنظر رکھیے کہ اس راہ میں راہ زن بہت ہیں۔ پیسے کمانے والے اور جھوٹ بول کر لڑوانے والے بہت ملتے ہیں جو اس فن سے ناواقف ہوتے ہیں، مگر علاج معالجہ کا دعویٰ کر کے لوگوں کو گمراہ کن چیزوں میں مبتلا کر دیتے ہیں اور لوگ اپنی سادگی کی وجہ سے ان کے کہے ہوئے بے وقوفانہ افعال کو خاموشی سے کرتے چلے جاتے ہیں۔ اس لیے چند باتیں اس کے متعلق بھی عرض ہیں کہ اولاً تو عامل ایسا شخص ہو جو انتہائی با اعتماد ہو اور اس فن کا ماہر ہو۔ عام طور پر جو اس فن کے ماہرین ہیں وہ یہ کام فی سبیل اللہ ہی کیا کرتے ہیں، اس پر کسی معاوضہ کے طالب نہیں ہوتے، لیکن اگر کوئی شخص معاوضہ لے کر بھی یہ کام کرتا ہو تو بہرحال جائز ہے۔

روحانی علاج میں بھی غیر شرعی امور سے احتراز ضروری ہے

دوسری بات یہ کہ ہر وہ طریقہ علاج جو کسی بھی شرعی حکم کے خلاف ہو تو ہرگز اس پر عمل نہ کیا جائے، کیوں کہ ایسا عامل جعلی اور دھوکہ باز ہے، اگرچہ بظاہر اس کے علاج سے کچھ وقتی نفع بھی محسوس ہوتا ہو۔ ایک شیطانی اثر کو ختم کرنے کے لیے دوسرے شیطانی ہتھکنڈوں کو استعمال کر کے انسان کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔ عامل ایسا ہو جو شریعت کا پاس دار ہو، علماء راسخین سے محبت کرنے والا یا ان کے حلقہ احباب میں رہنے والا ہو، ایسا عامل جو گناہ کے کاموں کا حکم دے یا کفریہ و شرکیہ افعال یا اقوال کا حکم دے یا وہ نامحرم

عورتوں سے خلوت میں ملتا ہو، ایسا عامل بذاتِ خود شیطان ہے، اس سے علاج ہرگز نہ کرایا جائے۔ ایک دفعہ پھر یاددہانی کے لیے عرض ہے کہ اس راہ میں راہ زن اور گم راہ کرنے والے بہت ہیں۔ ہر کس و ناکس جس کے بارے میں دو چار نے تعریفی کلمات کہہ دیے ان پر اعتماد نہ کرنا چاہیے، بلکہ ایسا شخص ہو جس کے اوپر بزرگانِ دین یا علماء کا اعتماد ہو، بس اسی سے علاج کرایا جائے۔

ایک اہم بات

مذکورہ بالا تمام معوذات کو ابھی سے اپنا معمول بنا لیجیے۔ اگر سب کے سب نہ پڑھ سکیں تو مذکورہ تعویذات میں چند کا تو ضرور ہی اہتمام فرمائیں، کیوں کہ اس سے آپ تمام عمر جادو، ساحرانہ عملیات اور شیطانی اثرات سے محفوظ رہیں گے، کیوں کہ عام حالات میں ان کا پڑھنا پورا پورا فائدہ دیتا ہے۔ زیرِ اثر آجانے کے بعد پھر باقاعدہ مستند عاملین سے روحانی علاج ہی کرانا پڑتا ہے، فقط دعاؤں سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔

حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہ سے کسی نے اشکال کیا، حضرت! کیا بات ہے کہ مسنون تعویذات عام حالات میں تو فائدہ دیتے ہیں، لیکن اگر کسی پر جادو یا شیطانی اثر ہو جائے پھر ان کا پڑھنا پورے طور پر فائدہ نہیں دیتا، اس کی کیا وجہ ہے؟ حالاں کہ ہمارے علاجوں کی بہ نسبت مسنون دعائیں تو بھرپور قوت و طاقت رکھتی ہیں؟ تو حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہ نے انتہائی عمدہ مثال سے اس اشکال کو بڑی آسانی سے حل کردیا۔ حضرت نے فرمایا: اصل میں بات یہ ہے کہ مسنون تعویذات اور قرآنی آیات جن سے انسان اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجائے ان کی مثال مقویات کی سی ہے کہ جس طرح طاقت کی دوائیں اسی شخص کو فائدہ دیتی ہیں جو تن درست اور صحت مند ہو، بیمار شخص اگر مقوی دواؤں کا استعمال کرے تو اسے فائدہ نہیں ہوتا۔ اسی طرح یہ مسنون تعویذات اپنے اندر بھرپور طاقت رکھتے ہیں اور انسان کے گرد ایک مضبوط حفاظتی حصار قائم رکھتے ہیں جس کی وجہ سے وہ کسی بھی شیطانی اثر سے متاثر نہیں ہوتا، لیکن جو شخص پہلے سے ہی اثرانداز ہو تو وہ مثل بیمار شخص کے ہے کہ اس کو طاقت کی دوائیں فائدہ نہیں دیتیں، بلکہ اس کا تو مکمل علاج کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہماری اور سب مسلمانوں کی جادو، سحر اور ہر قسم کے شیطانی اثرات سے حفاظت فرمائے اور ہمیں مسنون دعاؤں کا اہتمام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین

اللّٰھم انا نجعلك فی نحورھم ونعوذبك من شرورھم

بقیہ (ص 45): عاملین کے مسائل ا ان کا حل

والے ہفتہ اور منگل۔ کل چار (4) بار۔

اگر خاتون کا معلوم نہیں تو پھر حروفِ صوامت کی بندش لگادیں۔

● مشکل سے نجات کے کا عمل۔

تجویز: آدھی رات کو کم از کم ساڑھے بارہ، ایک بجے اٹھ کر غسل کرے اور لکڑی کی چوکی پر بیٹھ کر اول وآخر ایک سو (100) مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور ایک سو (100) مرتبہ سورۂ اخلاص بمعہ موکلات ورد کرے تو ان شاء اللہ پہلے ہی دن مشکل حل ہو جائے گی لیکن پرہیز جلالی جمالی ضرور رکھے اور روزہ بھی رکھے۔ اگر روزہ نہ رکھ سکے تو پھر عمل کو کام میں نہ لائے۔ پہلے دن سو (100) مرتبہ درود ابراہیمی، پھر سو (100) مرتبہ سورۂ اخلاص۔ دوسرے دن پھر دو سو (200) مرتبہ سورۂ اخلاص اور دو سو (200) بار درود ابراہیمی اول آخر پڑھے۔ تین (3) دن اسی طرح ہی عمل کرے۔ ان شاء اللہ تین (3) دن کے اندر کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۂ اخلاص کو اضافی کلام کے ساتھ اس طرح پڑھنا ہے: یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَلِكُ عَبْدُ الصَّمَدُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

یہ عمل نوچندی یا اس سے اگلی شبِ بدھ کو شروع کرے اور صرف تین (3) شب میں مکمل کرے۔ اگر تین (3) شب میں فائدہ حاصل نہ ہو تو پھر آئندہ بدھ پھر سے عمل شروع کرنے سے پہلے کوئی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کرے، پھر عمل شروع کرے۔

یہ چاروں عمل اکٹھے شروع کیے جائیں۔ آپ اپنے سیکھے گئے اعمال میں جو بہتر سمجھتے ہیں اور آپ کے تجربہ میں ہے، اس کا اضافہ کرسکتے ہیں یا میرے تجویز کیے ہوئے کی جگہ اپنا مجرب عمل استعمال کروالیں۔

اس جواب میں دیگر عاملین کی بھی رہنمائی ہے کہ کس طرح ایسے کیس کا لائحہ عمل طے کریں اور علاج تجویز کریں۔

نورانی پیالے

روحانی علاج میں استعمال ہونے والے خاص نورانی پیالے جن کو ہر کوئی استعمال کر کے فیض اٹھا سکتا ہے۔کسی اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی۔طریقہ استعمال بھی بہت آسان۔شرط صرف باوضو ہاتھ لگانا ہے۔مختلف مقاصد کے لیے مختلف کلاموں کے نورانی پیالے مختلف سائز میں دستیاب ہیں۔

16cm	12cm	10cm	8cm
240روپے	120روپے	100روپے	50روپے

یاقوت (روبی)

1000روپے فی کیرٹ

یہ نگینہ سب سے عمدہ ہے جو اپنے پہننے والے کی بزرگی اور زینت کو ظاہر کرتا ہے۔یہ سرخ رنگ کا بہت خوشنما نگینہ ہے جس کیلئے امام ابن موسیٰ الرضاؒ کا ارشاد ہے کہ یاقوت کی انگوٹھی پہننے سے پریشانی دور ہوتی ہے۔بزرگی اور زینت میں اضافہ ہوتا ہے۔فقیری امیری میں بدل جاتی ہے۔حضرت ابوعبداللہؒ کا ارشاد ہے کہ یاقوت بچوں کے گلے میں پہنانے سے بچوں کو مرض ام الصبیان نہیں ہوتا۔اس نگینہ کا اثر ازدواجی زندگی پر اچھا پڑتا ہے۔اس نگینہ کو وفاداری، رفاقت اور دوست کا معاون سمجھا جاتا ہے۔ترقی روزگار اور امور معاش کیلئے اچھا نگینہ ہے۔اس کی انگوٹھی امراض قلب کے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔حاملہ عورت کے باندھنے سے اسقاط حمل کا ڈر نہیں رہتا، درد دور کرتا ہے، پانی میں غرقابی اور بجلی کے نقصانات سے محفوظ رکھتا ہے۔

زعفران گلچین ہرات

Super Nageen

The best quality of Saffron

100% Natural بہترین زعفران ہرات

افغانی زعفران۔بہترین رنگ دیتا ہے۔لکھائی لاجواب۔عاملین کا پسندیدہ۔

خواص: ضد سرطان۔تقویت کنندہ جنسی۔

کاہش دہندہ چربی خون۔آرام بخش ونشاط آور

Redices Blood Fat _ Sexual Boster _ Anticancer

Relaxing & Uplifting

وزن خالص 1 گرام-420 روپے (خوبصورت پیکنگ)

وزن خالص 2 گرام-820 روپے (خوبصورت پیکنگ)

ایک تولہ لینے والے کو ہول سیل ریٹ لگایا جائے گا۔

1 مشک نافہ

مشک نافہ کا استعمال روحانی علاج اور چلہ کشی میں بہت ہوتا ہے

مشک نافہ کے ریٹس روزانہ تبدیل ہوتے ہیں۔آرڈر دیتے وقت دوبارہ ریٹ کنفرم کرلیں۔آرڈر دیتے وقت جو ریٹ ہوگا، اسی کے مطابق بل بنایا جائے گا۔

2 ہرن کی جھلی

ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ، وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔

قیمت: 60روپے

3 بھوج پتر

بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔

قیمت: 100روپے

روحانی ڈوری برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

اس ڈوری پر روحانی علاج گاہ کے عاملین نے کئی ایسے کلاموں کے دم کیے ہیں، جو جادو اور جنات وشیاطین کے بداثرات دور کرنے میں بہت مفید ہیں۔ تمام دم کرنے والے افراد ان اعمال کے خود بھی عامل ہیں جن کی وجہ سے ڈوری کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس ڈوری کا استعمال بہت مفید ہے۔

شریر جنات، چڑیل، ڈائن، چلاونس، دیو پری وغیرہ منفی قوتوں کے اثرات سے متاثر مریض کو یہ ڈوری پہنا دی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عزوجل جنات بھاگ جائیں گے اور جب تک وہ ڈوری مریض کے پاس رہے، مریض منفی قوتوں کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ

ہدیہ: 300 روپے

تعویذِ خیر و برکت

جگہ پر لگانے کا بڑے سائز (A4) کا تعویذ۔ قرآنی سورتوں اور آیات، احادیث کی دعاؤں، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف اور عاملین کے خاص اعمال سے تیار کردہ ایک خاص تعویذ۔ جس جگہ پر لگایا جاتا ہے، وہاں خیر و برکت ہوتی ہے، نحوست کے اثرات دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں، شیاطین جگہ چھوڑ دیتے ہیں، جادو اور جنات سے نجات میں بھرپور معاونت ہوگی، ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق اس جگہ آنے سے گھبراتی ہے، مختلف نقصانات ہونا بند یا کم ہو جائیں گے، آپس کے لڑائی جھگڑوں میں واضح کمی آئے گی، ہر وقت کسی نہ کسی کی بیمار رہنے والی علامت ختم ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

تعویذ کا ہدیہ: 750 روپے

ڈاک خرچ بذمہ خریدار

روحانی گوگل برائے دھونی

جادو۔ آسیب۔ جنات۔ شیاطین۔ نظر بد

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: (250 گرام) 250 روپے

- ......جادو کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......جنات کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......آسیب کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......بدروحوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......شیاطین کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......گندی مخلوق کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......ارواح خبیثہ کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......غلط تعویذات کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......نظر بد کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات کو ختم کرتا ہے۔
- ......روحانی گوگل ہر طرح کے اثرات کو ختم کرنے میں بے مثال ہے۔

روحانی لوبان برائے دھونی

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: (250 گرام) 350 روپے

- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی کچے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی بھنے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی جانوروں کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گوبر کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی پاخانے کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی عجیب وغریب بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گندی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی خون کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی منی کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔

روحانی لوبان کی دھونی سے ہر طرح کی سخت بدبو، پرانی بدبو فوری ختم ہو جاتی ہے۔

جسمانی بیماریوں کے لیے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

بچوں کا زندہ نہ رہنا

اگر کسی عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو یہ کرے۔ دوشنبہ کے دن ٹھیک دوپہر کو اجوائن اور سیاہ مرچ پر چالیس (40) بار سورۂ والشّمس پڑھے۔ اول وآخر ایک ایک بار درود شریف پڑھنا چاہئے، پھر دم کرے۔ جب تک بچہ دودھ نہ چھوڑے، روزانہ چند دانہ سیاہ مرچ اور اجوائن کے کھاتا رہے۔ بحمد اللہ تجربہ شدہ ہے۔ موافق قاعدہ کے عمل کرنا چاہئے۔ ہمیشہ بزرگان دین کا اسی کا معمول ہے۔

دردِ زہ کی تکلیف

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝١ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٢ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝٣ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝٤ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٥ تک لکھے۔ آگے اس کے اھیا اِشْرَاھِیا لکھ دے۔ پھر اس تعویذ کو باندھ دیں اور بچہ ہوتے ہی فوراً کھول دیں۔ بآسانی ولادت ہوگی۔

لاعلاج مرض کا علاج

سورۂ فاتحہ۔ کسی قسم کا لاعلاج مرض ہو روزانہ سات (7) مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے شفاء عاجل ہوگی۔ اس طرح جو شخص سورۂ فاتحہ پڑھ کر کسی پر دم کرے گا، ازالہ مرض ہوگا۔ ہر مرض کی دوا اور ہر مرض کی شفاء ہے۔

چیچک سے بچہ کی حفاظت

چیت کے زمانہ میں اکثر بچوں کے چیچک نکلتی ہے۔ عمل یہ ہے کہ ایک نیلا دھاگہ لیا جائے اور سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کریں۔ جب فَبِاَیِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچیں، دھاگے میں گرہ لگا دیں۔ اسی طرح جتنی فَبِاَیِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ آئے، برابر گرہ لگاتے جائیں۔ بعد ختم گلے میں ڈالیں۔ چیچک سے بچہ محفوظ رہے گا۔

دہشت اور گھبراہٹ کے وقت کی دعا

جو شخص دہشت اور گھبراہٹ محسوس کرے، وہ یہ دعا پڑھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔

ترجمہ: میں اللہ کے نام ہمہ گیر کلمات کی پناہ لیتا ہوں اللہ کے غضب وغصہ سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے کچوکوں سے (وسوسوں سے) اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔

پیشاب بند ہو جانے اور پتھری کے لیے دعا

جب پیشاب بند ہو جائے یا پتھری ہو تو یہ دعا پڑھے:

رَبُّنَا اللهُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَ خَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ۔

ترجمہ: ہمارا رب اللہ ہے جو آسمان میں ہے، (اے ہمارے رب) تیرا نام پاک ہے، تیرا حکم آسمان وزمین میں یکساں ہے، تیری رحمت جس طرح آسمان میں ہے، ایسے ہی زمین میں بھی عام کردے، ہمارے گناہ اور خطائیں معاف کردے، تو پاک لوگوں کا پروردگار ہے، پس تو اپنے خزانہ شفا اور خزانہ رحمت سے رحمت نازل فرمادے اس بیماری پر (کہ یہ جاتی رہے)۔

پاؤں (ہاتھ) سُن ہو جانے کے لیے دعا

جب پاؤں یا ہاتھ سُن ہو جائیں تو جس سے سب سے زیادہ محبت ہو، اس کا نام لے۔ (حصن حصین عن ابن عباسؓ مرفوعا، ابن سُنّی)

رشتہ/شادی کے مجرب اعمال

حضرت مولانا غلام یاسین مدظلہٗ (جلالپور پیروالا)

رشتے میں رکاوٹ دور

بزرگانِ دین فرماتے ہیں کہ اگر رشتے میں رکاوٹ ہو یا کاروبار رُکا ہوا ہو، ہر نماز کے بعد تین (3) دفعہ توجہ کے ساتھ پڑھو۔ ''یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَالَطِیْفُ''۔ نہ نماز چھوڑے، نہ وظیفہ چھوڑے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ ان ناموں کی برکت سے رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے نام برکت والے ہیں۔

(ذخیرۃ الجنان ج ۱۲ ص ۳۲۱)

لڑکی کے رشتہ کیلئے

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ سے پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار (11000) مرتبہ بعد نمازِ عشاء، گیارہ (11) روز تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے۔ پھر دیکھے پردۂ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ وہ لفظ یہ ہے ''یَامُعْطِیُ''۔ اول آخر نماز والا درود شریف گیارہ (11) بار پڑھ کر دعا مانگ لیا کرے، مقصد کا نام لے کر۔ اللہ تعالیٰ نیک صالح خاوند عطا فرمائیں گے۔

آسانی کے ساتھ شادی یا رشتہ ہونا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یہ چاہتا ہے کہ اس کی شادی جلدی ہو جائے اور شادی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو تو اس کیلئے روزانہ بعد نمازِ عشاء باوضو اول آخر تین (3) بار درود شریف نماز والا اور اکیس (21) مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر اپنی جلدی شادی ہونے کی دعا مانگ لیا کریں۔ شادی ہونے تک یہ عمل پابندی سے کرنا ہے۔ آیت یہ ہے:

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾ (القصص: ۲۴)

اولاد کے رشتہ کیلئے مجرب عمل

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ نہیں ہے اور نہ رشتہ ہوتا ہے، باوضو بعد نمازِ عشاء قبلہ رخ بیٹھ کر گیارہ سو (1100) بار اس آیت کو پڑھیں۔ اول آخر گیارہ (11) بار درود شریف۔ رشتہ ہونے تک عمل جاری رکھیں۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ (النمل: ۶۲)

بسم اللہ شریف ایک بار شروع کے وقت پڑھیں۔

رشتہ/شادی آسانی سے ہو جائے

اگر گھر میں لڑکا یا لڑکی جوان ہو اور شادی میں طرح طرح کی رکاوٹیں حائل ہوں تو ایسی صورت میں روزانہ بعد نمازِ فجر پارہ 16 سورۃ طٰہٰ پڑھا کریں۔ سورۃ ختم ہونے کے بعد دعا گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر شادی کی بابت یہ دعا کریں کہ رشتہ کسی نیک بندے سے ہو جائے۔ دعا یہ ہے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ان شاءاللہ تعالیٰ جلد ہی صحیح اور خیر و برکت والا رشتہ مل جائے گا۔ بہت ہی مجرب عمل ہے۔ بار بار آزمایا ہوا ہے۔

لڑکی جس کی شادی نہ ہوتی ہو

اس لڑکی کیلئے جس کی شادی نہ ہوتی ہو اور اس کو کوئی قبول نہ کرتا ہو، اس نقش کو لکھ کر اوپر کنگھی کے باندھے۔ اس کو وہ کنگھی دی جائے تاکہ وہ لڑکی ہر روز اس سے کنگھی کرے۔ ان شاءاللہ، اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کا بخت کھل جائے گا اور جلد ہی اس کا رشتہ ہو جائے گا۔

بقیہ (ص 17): اعمال حروفِ صوامت

بقیہ (ص 17)

جس کسی کو بواسیر کی تکلیف ہو تو ''خواہ بادی ہو یا خونی ہو''، پیتل کے لوٹے میں پانی بھر کر اس پر منتر ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مٹی کے اکیس (21) ڈھیلے لیں۔ ہر ایک پر گیارہ گیارہ (11) مرتبہ منتر پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں۔ سات (7) ڈھیلوں سے بعد فراغت آب دست کرے اور بعد میں اس پانی سے بھی آب دست کرے۔ اس طرح تین (3) یوم کرے تو ہر طرح کی بواسیر ختم ہو جائے گی۔ منتر یہ ہے:

''ہیلی ہیلی، جب جبورا، خراسان کی بیٹی، ٹینی شاہ خونی بادی دونوں جا۔''

جدول قاضی الحاجات

حکیم فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دھلوی رحمۃ اللہ علیہ

یہ جدول سورۃ التوبہ شریفہ کی آخری دو آیات (لقد جاء کم رسول سے العرش العظیم تک) سے مرکب ہے۔ اس کے ہزار ہا فوائد وثمرات ہیں۔ چند از الیشان زیب قرطاس ہیں:

1. جو شخص صبح کو یہ آیات سات (7) مرتبہ تلاوت کرے، شام تک ہر صدمہ و ہر قسم ہتھیار، تیز تلوار، بندوق وغیرہ حتیٰ کہ موت سے بھی مامون رہے۔ اگر شام کو تلاوت کرے تو تا صبح تک یہی حال رہے۔ اگر موت آئے بھی تو شہید ہو۔ جملہ بزرگان دین اور فقراء عظام وصوفیاء کرام اس مسئلہ پر متفق ہیں۔ اور عمل ہزار بار تجربہ شدہ خود فقیر سید محبوب الٰہی نور اللہ بانوا کا ہے۔
2. اگر تسخیر عام یا خاص مطلوب ہو تو شب جمعہ اول وآخر درود پاک دس دس (10) مرتبہ اور آیات سو (100) مرتبہ پڑھے۔ ہر دس (10) مرتبہ کے بعد تین (3) مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ اَنْتَ حَسْبِیْ عَلٰی فلاں بن فلاں یَاجَمِیْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ اِعْطِفْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ

پس مطلوب جلد تر حاضر ہوگا یا خلق کا اِزدحام عظیم ہوگا۔ ان شاء اللہ العزیز۔

3. جو شخص قمر در عقرب میں لکھ کر پاس رکھے، ہتھیار کسی قسم بھی اس پر اثر انداز نہ ہو اور مرگِ ناگہانی سے بھی مامون رہے۔
4. جو شخص جمعۃ المبارک کو لکھ کر پاس رکھے، جملہ تکالیف سے ایمن رہے اور روزی اس کی کشادہ ہو۔
5. مکان کے بالا خانہ میں لکھ کر لٹکائے، چوری وآتشزدگی وغرق سے مامون رہے۔
6. سوداگری کے مال میں رکھے، ہر قسم خیر وبرکت اور چور وڈاکو سے مامون ہو۔
7. ابن السبیل کے پاس ہو تو سلامت لوٹے۔
8. دکان میں ہو تو بکری خوب ہو، خیر وبرکت ہو۔
9. رکابی میں لکھ کر دھو کر فصل کو پانی دے تو فصل فراوان ہو۔
10. کشتی یا جہاز میں ہو تو غرق نہ ہو۔
11. لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر چھڑکے تو باغ کے پھل نہ گریں اور بکثرت ہوں۔
12. پاس رکھ کر جنگ میں جائے، لوگوں میں ہیبت اور فتح ہو۔
13. خطرناک مقام میں پاس ہو تو محفوظ وسلامت رہے۔
14. پاس رکھے تو مخلوق کی زبانیں بند ہوں اور غیبت سے باز آئیں۔
15. پاس ہو تو رنج والم، جادوٹونہ سحر وگنڈہ تعویذ وموٹھ وہانڈی وغیرہ سے محفوظ رہے۔
16. پاس ہو تو مخلوق میں مقبول ومعروف ومعزز رہے۔
17. محبوس کے پاس ہو تو حبس سے آزاد کراوے۔
18. دکان، مکان، کاروبار، وغیرہ بندھا ہوا پر لکھ کر دھو کر چھڑک دے تو مکان، دکان کھل جائے۔ نیز آسیب زدہ جگہ سے آسیب بھی دفع ہو۔
19. زہر خوردہ کو پلانے سے شفاء ہو۔
20. جس کو پلائے، وہ زنا، شراب وبدکاری سے باز آ کر نیکی کی طرف مائل ہو۔
21. پتھری والے کو پلاتا رہے تو خارج ہو جائے۔
22. جس عورت کا نفاس رک گیا ہو، دھو کر پلائیں، صحت ہوگی۔
23. بانجھ کر لکھ کر باندھے اور پلائے تو اٹھراء، عقرہ اور دیگر آسیبی امراض سے بھی نجات ہو۔ بچے مرجاتے ہوں تو تندرست رہیں۔ حمل خشک ہو گیا ہو تو شفاء ہو۔ ناف پر باندھنے سے اسقاط کا احتمال دفع ہو۔
24. مرد ناراض ہو تو دھو کر پلائے تاکہ مہربان ہو۔
25. لکھ کر سر میں سامنے کی طرف رکھ کر جابر وظالم حاکم کے پاس جائے، مہربان ہو۔

۲۶ اگر کسی عورت سے نکاح مسنونہ کی خاطر لکھے مع اسماء طالب ومطلوب اور ایک لکھ کر آگ میں دفنادے، دوسرا ہوا میں لٹکا دے، تیسرا پانی میں بہادے، چوتھا وزن کے نیچے رکھے، پانچواں طالب اپنے پاس رکھے۔ پس ایک ماہ کے اندراندر مستورہ مطلوبہ نکاح میں آجائے۔

۲۷ یہ نقش مبارک ومسعود پاس ہوتو ہر وقت، ہر حال اور ہر امر میں خدام نقش مبارک ہذا کے مُمِد ومعاون ہوں۔

۲۸ مقامِ درد پر لکھ کر باندھے تو درد موقوف ہو۔

۲۹ آسیب زدہ مکان وغیرہ میں لکھ کر چاروں گوشوں میں لٹکائے تو آسیب دور ہو۔

۳۰ آسیب زدہ کے گلے میں لٹکائے اور دھوکر پلائے تو صحت ہو۔

الغرض اس آیت مبارکہ کہ بہت سے فضائل وفوائد اور برکات ہیں۔ عامل حسبِ حال اور وقت کی نزاکت کے مطابق جو کچھ نقش کی پشت پر یا نیچے لکھ دے گا، ان شاء اللہ ہوکر رہے گا۔ مگر ظالم یاد رکھے کہ ظلم کا بدلہ ظلم ہی ہے۔ لہٰذا خدا سے ڈرتا رہے۔ ناجائز مت کرے۔ نقش مبارک یہ ہے:

یاجبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یامیکائیل

لقد جاء کم رسول	من انفسکم عزیز علیه	ماعنتم حریص علیکم	باالمؤمنین رؤف رحیم
من انفسکم عزیز علیه	ماعنتم حریص علیکم	باالمؤمنین رؤف رحیم	فان تولو فقل حسبی الله
ماعنتم حریص علیکم	باالمؤمنین رؤف رحیم	فان تولو فقل حسبی الله	لا اله الا هو علیه توکلت
باالمؤمنین رؤف رحیم	فان تولو فقل حسبی الله	لا اله الا هو علیه توکلت	وهو الرب العرش العظیم

اقیاہم غضبان برطا کبکیل سرتاع عرشال عربودقوسج

یاصبرصًا یاابرصًا یاسعرصًا

یا اسرافیل — یا شیخ مشیخا فشلاموں — یاعزرائیل

یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق ہذا الآیات ''کذا و کذا''

ختم خرچہ بے خرچان

حکیم فقیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

یہ دس اسم ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اعصا پر لکھے تھے۔ بزرگانِ دین ان دس (10) اسموں کو خرچ بے خرچان کہتے ہیں۔ سیاحان متوکل اور درویشوں کے لیے جنگلوں اور منزلوں میں نافع ہیں۔ ان دس (10) اسماء کو روزانہ پڑھا کرے تو قدرتِ کاملہ غیب سے روزی عطاء کرتی ہے۔ تعلیم ان دس (10) اسماء کی سلسلہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا میں جاری وساری ہے۔

ترکیب عمل: جب خواب سے بیدار ہو تو بغیر کسی سے کلام کیے ''یَابَاسِطُ'' کو دس (10) بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے منہ پر ملے۔ پھر صبح کی سنت وفرض کے درمیان اکتالیس (41) بار پڑھے یَااِسْرَافِیْلُ یَاطَاطَائِیْلُ یَادَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ یَااِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِیْعِ جَلَالُهٗ یَااِلٰهُ۔ پھر بعد فرض ''یَابَاسِطُ'' سو (100) مرتبہ، ''یَاعَزِیْزُ'' اکتالیس (41) مرتبہ، سورۂ نصر پچیس (25) مرتبہ، دس (10) اسماء بہتر (72) مرتبہ، ''یَارَزَّاقُ'' تین سو آٹھ (308) مرتبہ پڑھے۔ پھر آٹھ (8) نقش لکھ کر ہفتہ عشرہ میں آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اسی طرح روزانہ معمول رکھیں تو خداوند عالم ایسی جگہ سے رزق دے گا، جہاں سے کبھی گمان بھی نہیں ہوسکتا۔ یہ طریقہ اہل فقراء کے مجرب ہے۔ وہ نام یہ ہیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَرَایُو لِذَرِعِیْ جُوْسًا مَنُوْعًا عَالِمًا طُیُوْسُوْنًا سَلِیْخًا مَلِیْخًا مَلْقُوْمًا یَاقَیُّوْمًا بِحَقِّ كٓهٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ اور نقش مذکور یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۳۶	۱۰۵۰	۱۰۴۷	۱۰۴۳
۱۰۴۸	۱۰۴۲	۱۰۳۷	۱۰۴۹
۱۰۴۱	۱۰۴۵	۱۰۵۲	۱۰۳۸
۱۰۵۱	۱۰۳۹	۱۰۴۰	۱۰۴۶

اس کی پشت پر لکھے اَجِبْ یَاجِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَابَاسِطُ

علاج بذریعہ جنتر منتر

قیصر احمد بی اے (کراچی)

تعریف منتر

منتر کسے کہتے ہیں؟ ایسے الفاظ کی بندش کو جو تاثیر ظاہر کرے۔ یہ ہندی لفظ ہے۔ دراصل الفاظ کی بندش ایک خاص اثر رکھتی ہے۔ ردھم (RYTHEM) اس سے پیدا ہوتا ہے۔ شعر بھی الفاظ کی بندش ہے۔ ایک خیال جب شعر کی بندش میں آتا ہے تو اس میں ایک خاص لطف اور زور پیدا ہو جاتا ہے۔ وہی قوت ہوتی ہے۔ منتر کا سحری اثر اسی صورت میں ممکن ہے جب عمل میں گڑ بڑ نہ ہو، منتر صحیح ہوں۔ ان میں خرابی پیدا ہو جائے تو مطلوبہ نتیجہ حاصل نہ ہوگا۔ منتر یعنی الفاظ کی بندش دنیا کی ہر زبان میں کی جا سکتی ہے۔ منتر کے الفاظ کی درست ادائیگی ضروری ہے۔ جس طرح شعر وزن سے گر کر ناموزونیت واضح کر دیتا ہے اور اس کو گرفت میں لایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ الفاظ کی مخفی قوتوں کا علم جانتے ہیں، ان کو ہی منتر اور افسون کے الفاظ کی بندش کی قوت کا علم ہوتا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ دلی خیالات کے اظہار بذریعہ الفاظ کہ جس سے مطلوب کے دل پر اثر پڑتا ہے۔ پس ان تاثیر ظاہر کرنے والے الفاظ کو "منتر" کہتے ہیں۔ منتروں کا علم بہت قدیم علم ہے۔ منتر میں ایک خاص ردھم ہوتا ہے۔ علوم مخفیات وطلسمات کی تاریخ اور ان کے حقائق ودقائق کا مطالعہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عصر قدیم میں منتروں کا علم بہت سے آدمیوں کو حاصل تھا۔ منتروں کے متعلق بہت سے تواریخی نوشتے آج بھی شام، مصر، ایران و عراق کے عجائب گھروں میں ملتے ہیں۔

علاج بذریعہ جنتر منتر
عقرب (بچھو) کو بلاخوف وخطر پکڑنا

اس منتر کو سات (7) بار پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے اور بلاخوف وخطر بچھو کو پکڑ لے۔ منتر یہ ہے۔:

کاٹھ کی منڈیا مونج کے بان بندھ جا بچھو علیؑ کی آن۔

آنکھ کی پھلی کا منتر

اُوتر کُول کا چھ۔ سن جوگی کی باچھ۔ اسمعیل جوگی کے دو بیٹے۔ ایک پاتھے چولہا ایک کاٹھے پُھلی۔ پھولی کا کاچھ۔

ترکیب: لوہے کی چھری سے اکیس (21) بار زمین پر کاٹے۔ سات (7) دن میں آنکھ پھول کٹ جائے گا۔

ناف ٹلنے کا علاج

ایک پولا بانس لیں جس میں کچھ گانٹھیں ہوں۔ ناف والے کو زمین پر لٹا کر اس کی ناف کے اوپر بانس کھڑا کر کے اس منتر کو پڑھتے ہوئے بانس کے سوراخ میں زور زور سے پھونک مارتے جائیں تو اس طرح عمل کرنے سے ٹلی ہوئی ناف ٹھیک ہو جائے گی۔

منتر: اوم نمو ناڑی ناڑی، نوسے ناڑی، بہتر کوٹھ چلے اگاڑی، ڈگے نہ کوٹھ، چلے ناڑی، رکشا کرے نیتی ہنومنت کی آن، شبد سانچا پنڈ کانچا، پُھرے منتر ایشور واچا۔

جانوروں کے کیڑے وخارش ختم کرنے کا منتر

منتر: کھارے سمندر وندے وچ او چا ٹبہ اوندے نے اوتے بیٹھا راحہ گُو کر (فلاں نام) لے کراُو گُو بن کیڑے ونج چک لائے۔

سات (7) دفعہ دم کریں۔ دو یا تین دن کافی ہیں۔

بیماری لگانے کا منتر

مندرجہ ذیل منتر گیارہ (11) مرتبہ تصویر پر یا اس کا نام بمعہ والدہ لے کر دم کرے یا تصور کر کے پڑھے۔ فلاں بن فلاں بیمار ہو۔

منتر: کالی چڑے کالے بن سے آئے۔ ایک نہ چھوڑے ہزار لائے۔ یسوع یسوع جپتا جائے۔ فلاں بن فلاں کو فلاں بیماری لگ جائے۔

نوٹ: بغیر اجازت کوئی منتر استعمال نہ کریں۔

روحانی علاج کرنے والے عاملین متوجہ ہوں

''سات سلام اور چہل کاف'' ایک ایسا خاص اور بابرکت عمل ہے، جس کی اجازت جاری ہوتے ہی، بغیر چلہ کشی کیے، اجازت یافتہ کو اس عمل کا فیض ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں، اس عمل کی غیبی مخلوق کی باقاعدہ معاونت اجازت یافتہ کے ساتھ ہو جاتی ہے۔

عاملین اور روحانی معالجین کا معاملہ تو الگ ہے۔ وہ چلہ کشی بھی کرتے ہیں اور ایک نہیں، کئی اعمال کے عامل ہوتے ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ انہوں نے جادوگروں اور جنات، آسیب و شیاطین سے لڑنا ہوتا ہے۔ اس لڑائی کے نتیجے میں بد اثرات عامل، عامل کے گھر والوں، عامل کے کاروبار اور دیگر معاملات پر بھی پڑتے ہیں۔ مگر بہت ہی کم عامل اس بات پر توجہ دیتے ہیں جس کی وجہ سے جلد یا دیر، وہ اثرات میں جکڑے جاتے ہیں۔ ان کے عمل بھی چلنا بند ہو جاتے ہیں اور دیگر معاملات میں بھی بہت خرابی آ جاتی ہے۔

عامل اپنی اہلیہ یا گھر والوں کو اجازت دلوائیں: جب کہ اس کا آسان حل یہ ہے کہ عامل اپنا اور باہر کے تمام مریضوں کے معاملات دیکھے۔ اگر وہ خود اپنی اہلیہ، بچوں اور دیگر گھر والوں کے معاملات دیکھ سکتا ہے تو یہ سب سے بہتر ہے ورنہ وہ اس عمل کی اجازت اپنی اہلیہ کو لازمی دلوائیں۔ اگر اہلیہ نہ ہو تو پھر گھر میں کوئی بھی ایک ذمہ دار فرد ہو جو اس عمل کو پابندی سے کرے۔ آج تک جتنے عاملین نے اپنی اہلیہ اور گھر والوں کو اس عمل کی اجازت دلوائی ہے، ان کے گھر اثرات بھی نہیں آتے، معاملات بھی خوب سے خوب تر ہوتے چلے جاتے ہیں، مریضوں کو بھی بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے کیونکہ عامل خود بھی روحانی طور پر صاف، اس کے گھر کا روحانی ماحول بھی صاف، اس سے عامل کے تمام روحانی اعمال کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

عامل اپنے روحانی مریضوں کو اجازت دلوائیں: آج کل کثرت سے ایک معاملہ سامنے آ رہا ہے اور وہ یہ ہے کہ جادو یا جنات کے اثرات ختم تو ہو جاتے ہیں مگر جلد یا دیر، دوبارہ ہو جاتے ہیں۔ حفاظتی اعمال کے باوجود ایسا ہوتا ہے۔ سحرِ مسلسل کے مریضوں کی جان ہی نہیں چھوٹتی۔ عاملین کے پاس بھی اثرات کے بار بار آنے کا مستقل کوئی حل نہیں ہے۔ جو مریض دور ہوتے ہیں، شہر سے باہر یا ملک سے باہر یا پھر ایسے مریض جس کو کوئی علاج نہ دیا جا سکتا ہو، ان کا علاج اکثر عاملین سے نہیں ہوتا۔ بار بار عمل کروانے سے مریض عامل سے متنفر ہو جاتا ہے۔ خود عمل کرنے سے بھی متنفر ہو جاتا ہے۔ کئی مریض بار بار علاج کے اخراجات برداشت نہیں کر پاتے۔ ان سب معاملات کا حل اپنے مریض کو اس عمل کی اجازت دلوانا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل مریض سے خود معاملات طے کرے، اس کی رہنمائی بھی خود کرے، بس ادارے کو اجازت کا ھدیہ ادا کرے۔ مریض سے جو مناسب سمجھے، پیسے لے۔ اس سے ادارے کا کوئی تعلق نہیں۔ مریض کو اجازت جاری کر دی جائے گی۔ عامل کی شہرت الگ ہوگی کہ دور دور کے مریضوں کا علاج باآسانی کرے گا جب کہ محنت ساری مریض کی ہوگی، عامل کا کام رہنمائی کرنا ہوگا۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں۔

نوٹ: اجازت دلوانے والے کو کس طرح مریض نے اس عمل سے کام لینا ہے؟ جنات کی معاونت کیسے لینی ہے؟ سب بتایا جائے گا۔

اضافی اعمال

مصنف: حکیم محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی

صفحات: 141

اصلی طلسماتی دنیا

قیمت: 1600 روپے

2022ء

اپنے مطلب کا تصور کر کے وظیفہ کریں یا ہر بار آخر میں کہتے رہیں فلاں کاروبار کریں یا نہ کریں؟ فلاں سے شراکت بہتر ہے یا نہیں ہے؟ غیب سے بھرپور مدد ملے گی۔ عمل کرنے کے بعد کسی سے بات نہ کریں۔ سونے کے بعد جب جاگ جائیں تو بات کر سکتے ہیں۔ جہاں جانا چاہیں، جا سکتے ہیں۔ سب باتیں لکھ دی ہیں۔

مستند فضائل سورۂ فاتحہ

الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ

سورۂ فاتحہ سے بیماری کا علاج

حضرت جابر بن عبداللہ ؓ فرماتے ہیں:

فِیۡ فَاتِحَةِ الۡكِتَابِ شِفَاءٌ مِّنۡ كُلِّ دَاءٍ (بیہقی)

ترجمہ:...... ''سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری کی شفا ہے۔''

* ..... * ..... * ..... *

سورۂ فاتحہ موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے

حضرت جابر بن عبداللہ ؓ فرماتے ہیں:

فَاتِحَةُ الۡكِتَابِ شِفَاءٌ مِّنۡ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامُ. وَالسَّامُ: اَلۡمَوۡتُ

ترجمہ:...... ''سورۂ فاتحہ موت کے علاوہ ہر بیماری کا علاج ہے۔''

* ..... * ..... * ..... *

سورۂ فاتحہ زہر کا علاج بھی ہے

حضرت ابوسعید خدری ؓ سے مروی ہے کہ:

فَاتِحَةُ الۡكِتَابِ شِفَاءٌ مِّنَ السُّمِّ (سعید بن منصور والبیہقی)

ترجمہ:...... ''سورۂ فاتحہ زہر کا علاج بھی ہے۔''

* ..... * ..... * ..... *

زہریلے جانور کے ڈسے ہوئے کیلئے ایک مجرب عمل

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

ترجمہ:...... ''صحابہ کرام ؓ کی ایک جماعت سفر پر گئی۔ راستے میں انہوں نے ایک بستی کے پاس پڑاؤ ڈالا اور بستی والوں سے کھانا مانگا لیکن انہوں نے دینے سے انکار کیا۔ اسی اثناء میں اس بستی کے سردار کو کسی زہریلے جانور نے ڈسا تو بستی والوں نے ہر ممکن علاج کیا لیکن اس کو کچھ افاقہ نہ ہوا۔ آخر ان میں سے کسی نے بستی والوں سے کہا کہ تم ان لوگوں کے پاس بھی تو جاؤ جنہوں نے ہمارے گاؤں کے قریب پڑاؤ ڈالا ہے۔ شاید ان میں سے کسی کے پاس کوئی علاج ہو۔ تو بستی والے صحابہ کرام ؓ کے پاس آئے اور ان سے کہنے لگے ''اے جماعت والو! ہمارے سردار کو کسی زہریلے جانور نے ڈس لیا اور ہم نے ہر ممکن علاج کیا لیکن کچھ افاقہ نہ ہوا۔ تو کیا تم میں سے کسی کے پاس کوئی علاج ہے؟'' تو ایک صحابی ؓ نے فرمایا کہ ''ہاں، اللہ کی قسم! میں دم کرتا ہوں لیکن ہم نے تم سے کھانا مانگا تو تم نے کھانا دینے سے انکار کیا۔ لہٰذا اب میں اس وقت تک دم نہیں کروں گا، جب تک تم لوگ میری اجرت مقرر نہ کر دو۔'' تو بستی والوں نے ان سے بکریوں کے ریوڑ پر بات طے کی تو وہ صحابی ان کے ساتھ گئے اور اس سردار پر:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝١ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝٢ مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝٣ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝٤ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝٧ (الفاتحہ:۱-۷)

پڑھ کر دم فرمایا تو تھوڑی دیر کے بعد وہ ایسا ہو گیا گویا کہ اس کو رسیوں سے کھول دیا گیا ہو (یعنی تکلیف ختم ہوگئی) اور وہ چلنے پھرنے لگا، گویا کہ اس کو کوئی تکلیف لاحق ہی نہیں ہوئی تھی۔ راوی فرماتے ہیں کہ بستی والوں نے جتنی بکریاں دینے کا وعدہ کیا تھا، وہ حوالہ کر دیں۔

تو بعض صحابہ کرام ؓ نے اس صحابی ؓ سے کہا کہ اس کو ہم پر تقسیم کر دو تو انہوں نے کہا کہ ایسا ہرگز نہیں کروں گا، جب تک کہ ہم آپ علیہ السلام کے پاس جا کر اس بارے میں معلوم نہ کر لیں۔ پھر جو حکم آپ ﷺ دیں گے ہم ویسا ہی کریں گے۔

تو وہ سارے آپ ﷺ کے پاس آئے اور سارا واقعہ بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تمہیں کیا معلوم تھا کہ یہ دم ہے؟'' پھر فرمایا کہ ''تم نے صحیح کام کیا ہے۔ لہٰذا اس کو آپس میں تقسیم کر دو اور میرے لیے بھی ایک حصہ رکھو۔'' (بخاری، کتاب الطب و مسلم ۲۲۰۱)

مجرب روحانی اعمال برائے حل المشکلات وقضائے حاجات

حکیم پیر عبدالرؤف نظامی قادری چشتی (رینالہ خورد)

● یہ ہمارا مجرب عمل ہے۔ جب کوئی مشکل خدانخواستہ پیش آئے یا الجھن پریشانی لاحق ہو، معاملات سدھرتے نظر نہ آتے ہوں تو یہ رباعی ایک سو اٹھائیس (128) مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء، تنہائی میں، سکون سے پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگتے ہوئے اپنے مسئلہ کو ذہن میں رکھیں۔ ان شاء اللہ ایک چلہ پورا نہ ہوگا کہ آپ کا کام پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ کسی ناجائز کام کے لیے اس عمل کو نہ کریں۔

"میرے مولا! قل ھواللہ احد کے واسطے۔ اسم اعظم اور اللہ الصمد کے واسطے۔ اپنی ماں کے باپ کے بھائی کے جد کے واسطے۔ یاحسینؓ ابن علی پہنچو مدد کے واسطے۔"

● قضائے حاجت کے لیے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب بعد نماز عشاء بارہ ہزار (12000) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ دو رکعت نفل پڑھ کر ایک ہزار (1000) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اس طرح چوبیس (24) نفل میں بارہ ہزار (12000) مرتبہ پورا کرلیں۔ دعا صرف ۲۔۴۔۶۔۸۔۱۰۔۱۲ نفل کے بعد مانگنی ہے۔ ۱۔۳۔۵۔۷۔۹۔۱۱ کے بعد دعائیں نہیں مانگنی۔ عمل ختم کرکے صبح کی اذان کا انتظار کریں۔ وہیں پھرتے رہیں۔ اذان ہوتے ہی صبح کی نماز پڑھ کر وہیں سوجائیں۔ خواب میں پورا جواب مل جائے گا۔

اگر وہ کام نہ ہو، آئندہ جمعرات کو پھر اس عمل کو کرو۔ ضرور کامیاب ہو گے۔ لیکن پہلے عمل کے بعد روزانہ سات سو چھیاسی (786) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ضرور پڑھا کرے۔ عمل والے دن سوکر اٹھنے کے بعد دوپہر کے کھانے تک کوئی نمک مرچ کی چیز نہ کھائیں، صرف میٹھا ہی کھائیں۔ شام کو سب کچھ کھا سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رات بھر کے جاگنے سے بے انتہا گرمی جسم میں پیدا ہوجاتی ہے اور نمک مرچ کھانے سے متلی ہو کہ قے تک کی نوبت آجاتی ہے اور جنسی جذبات میں شدت ہونے لگتی ہے۔ عمل سے تین (3) روز پہلے جماع اور گوشت سے پرہیز کریں۔

③ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام: قضائے حاجت، کاروبار اور رزق کی ترقی کے لیے پڑھنا عظیم فوائد رکھتا ہے۔

کسی بڑے کام کی پریشانی ہو تو ننگے سر، باوضو، زیر آسمان، گیارہ سو (1100) بار پڑھنا فوری فائدہ پہنچاتا ہے۔

④ قضائے حاجت کے لئے نوچندی جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب رات 10 بجے علیحدہ کمرے میں داخل ہوجائیں اور دو رکعت نماز نفل برائے قضائے حاجت یا اپنے کاروبار اور رزق میں کشادگی اور عزت وآبرو کی ترقی کیلئے پڑھیں۔ سلام کے فوراً بعد صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام گیارہ سو (1100) بار پڑھیں۔ پھر دو رکعت پہلے کی طرح پڑھیں اور سلام کے بعد گیارہ سو (1100) بار پھر پڑھیں۔ اسی طرح صبح کی اذان تک پڑھیں۔ اگر اذان ہونے والی ہو تو شروع نہ کریں۔ رات 10 بجے کمرے میں داخل ہوجائیں۔ اندھیرا رکھیں۔ یہ ایک رات کا بڑا زبردست عمل ہے۔ اللہ بڑی خیر کرے گا۔ روزانہ کا ورد تین سو تیرہ (313) بار ہے۔

رات کمرے میں داخل ہونے کے بعد سے نماز فجر کی ادائیگی تک کسی سے بات نہ کریں۔ گیارہ سو (1100) بار پڑھ کر دعا مانگیں یعنی کوئی حاجت ہو یا پھر عزت آبرو، رزق اور کاروبار کی کشادگی کی دعا۔ پھر دوبارہ نفل پڑھیں، پھر دعا کریں۔ پیشاب وغیرہ کی حاجت ہے تو ختم کرکے کریں لیکن دوسرے کپڑے پہن کر جائیں اور فراغت کے بعد عمل والے کپڑے پہن لیں۔ عطر ضرور لگائیں۔ اگربتی بھی جلا سکتے ہیں۔

⑤ کیمیائے درویشاں: صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ يَاوَهَّابَ مِنْ كُلِّ وَهَّابٍ بِحَقِّ يَاوَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

ہر بار یہی درود شریف کے ساتھ پڑھنا ہے۔ ہر نماز کے بعد چودہ (14) بار اسی طرح پڑھا کرے۔ اگر رات کو سونے سے (بقیہ ص 54)

تشخیص پر توجہ دیں

تحریر و تحقیق: اظہر عنایت شاہ، (کوہاٹ شہر)

مبتدی حضرات عام طور پر و متوسط درجہ کے عاملین خاص طور متوجہ ہوں

تشخیص کی بنیاد پر علاج کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ بنیاد درست ہوگی تو عمارت بھی درست واقع ہوگی۔ یہ ایک عام و سادہ سی بات ہے۔

اگر آپ کی تشخیص جادو ہے یا نہ جنات ہیں یا نہ آسیب ہے یا نہ نظر بد ہے یا 'نہ' کے گرد ہی گھومتی ہے تو سمجھ لیں کہ آپ کی تشخیص کا دائرہ ابھی بہت محدود ہے، آپ کی تشخیص کی لیبارٹری ابھی ادھوری ہے۔ کیونکہ ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں۔

مثلاً ایک شخص جو مختلف پریشانیوں، مصیبتوں، تکالیف و امراض میں بتلا ہے۔ جس کی وجہ اس شخص کی بداعمالیاں، سود، ظلم و زیادتی، لوگوں کی آہیں اور بددعائیں ہیں۔ وہ شخص آپ کے پاس اپنے دکھوں کا مداوا اور ان کی وجہ جاننے کے لئے آتا ہے۔ آپ نے عملیاتی طریقے کے مطابق جادو، جنات، آسیب و نظر بد چیک کیا، تشخیص میں جادو ظاہر ہوتا ہے۔ اور واقعی اس شخص پر جادو ہے بھی۔ آپ نے مریض کو کہا کہ بھائی آپ کی تمام پریشانیاں، تکالیف، مصائب جادو کی وجہ سے ہیں۔ آپ نے مریض کو علاج دیا اور علاج ختم ہونے پر دوبارہ آنے کو کہا۔

مریض علاج ختم ہونے پر آپ کے پاس دوبارہ آتا ہے۔ آپ نے قاعدہ کے مطابق چیک کیا اور مریض کو اثرات کے ختم ہونے کا مژدہ سنایا، لیکن مریض یہ کہتا ہے کہ میری پریشانیاں، تکالیف، غم، مصائب، امراض، حالات جوں کے توں ہیں۔

اب آپ مریض کو مزید تسلی دیتے ہیں کہ جادو کو ختم کرنا پہلا مرحلہ تھا، اب حالات بہتر ہوں، تکالیف، پریشانیاں ختم ہوں یہ دوسرا مرحلہ ہے۔ اور اُس کے لئے مزید تعویذات اور وظائف منتخب کرتے ہیں۔ وہ سب کچھ بھی ہو گیا، لیکن مسئلہ جوں کا توں، وہی ڈھاک کے تین پات۔

اب اِس کا نتیجہ کیا نکلا؟...... کہ مریض بھی غیر مُطمئن، آپ سے بدظن اور آپ بھی حیران و پریشان و غیر مُطمئن۔

یہ سب اس لئے ہوا کہ آپ کی تشخیص ہی ادُھوری رہی۔ حالانکہ آپ نے کوئی دھوکہ، فریب نہیں کیا۔

یا مثلاً ایک شخص جو پریشانیوں، مصیبتوں، دُکھوں، تکلیفوں، غموں سے دوچار ہے اور وجہ آزمائش ہے کوئی پکڑ نہیں، آپ کے پاس آتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اُس پر جادو کے اثرات بھی ہیں۔ لیکن جادو قریبی دنوں میں ہُوا ہے اور اُس کی پریشانیاں کئی سالوں سے ہیں۔ آپ نے قاعدہ کے مطابق چیک کیا، جادو کا اثر ظاہر ہُوا۔ مریض کو بتایا گیا کہ تمام پریشانیوں جادو کی وجہ سے ہیں۔ علاج دیا گیا، مریض دوبارہ آیا۔ آپ نے چیک کیا، مریض کو جادو ختم ہونے کی خوشخبری سنائی۔ لیکن مریض کی پریشانیاں اُسی طرح، حالات جوں کے توں، نتیجہ کیا نکلا؟...... کہ مریض بھی آپ سے غیر مُطمئن اور آپ بھی غیر مطمئن اور پریشان۔

یہ سب اس وجہ سے ہُوا کہ آپ کی تشخیص ہی ادُھوری رہی کیونکہ اُپ کی تشخیص یہ نہ بتا سکی کہ جادو کتنے عرصے سے ہُوا ہے۔

آپ ان دو مثالوں پر بہت ساری مثالوں کو محمول کرلیں، جن کا ذکر کرنا طوالت کا باعث ہوگا۔

اب اصل نتیجے تک کس طرح پہنچا جائے؟ اس کے لئے مختلف علوم ہیں۔ جن میں علم رمل، علم جفر، علم الحاضرات، ایسے اعمال جن کے کرنے سے درست بات ذہن میں آجائے، کشف، تشخیص بذریعہ جنات، اس کے علاوہ بھی اور بہت سارے علوم ہیں۔ علم رمل و علم جفر سے اصل نتیجہ پر پہنچا جا سکتا ہے بشرطیکہ ان پر اچھی خاصی گرفت ہو۔

اسی طرح علم الحاضرات کو بھی سمجھ لیں۔ رہا کشف تو وہ شاذ و نادر ہی ہے۔ رہ گئی تشخیص بذریعہ جنات، اگر یہ صلاحیت عامل کو حاصل ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ عامل کے لئے اللہ کی طرف سے بڑی نعمت ہے۔ کیونکہ عملیاتی طریقے سے تو یہ

معلوم ہو جائے گا کہ جادو ہے۔ اب جادو کس قسم کا ہے؟ کب سے ہوا ہے؟ دفنایا گیا ہے؟ یا کھلایا پلایا گیا ہے؟ یا اُڑایا گیا ہے؟ یا جلایا گیا ہے؟ کتنے پیسوں میں ہوا ہے؟ کرنے والا کون ہے؟ کروانے والا کون ہے؟ علاج کس طرح ہوگا؟ کتنے دنوں میں ہوگا؟ مریض کے لئے پرہیز کیا ہوگا؟ عامل کے لئے پرہیز کیا ہوگا؟ صدقہ کیا ہوگا؟ وغیرہ وغیرہ۔

یہ سب باتیں جادو کے علاج سے متعلق ہیں۔ اِس کو آپ ایک کامل تشخیص کہہ سکتے ہیں جو تشخیص بذریعہ جنات کے بہت آسانی سے معلوم ہو سکتی ہیں۔ لیکن اگر واقعی یہ نعمت حاصل ہو کیونکہ دعویدران اس کے بہت ہیں، لیکن حقائق کچھ اور ہی ہیں۔ اِس پر دو واقعات آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

واقعہ نمبر ۱: کچھ سال قبل مُجھے ایک عامل کے پاس ایک دُوسرے شہر میں جانا پڑا، ایک عمل اُن کی زیرِ نگرانی تین (3) دن کرنا تھا۔ رات کا لمبا سفر کر کے صُبح اُن کی جگہ پر پہنچا، وُہ صاحب ایک مسجد میں پیش امام بھی تھے اور خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ مسجد کے اندر ہی عمل کروانا تھا۔

جس جگہ اُن کی مسجد واقع تھی، وُہ ایک بہت تنگ و تاریک سے علاقے میں تھی۔ بندے عاجز کا مزاج کچھ لطیف واقع ہوا ہے۔ ایک تو شہر نیا دوسرا جگہ کی تنگی و تاریکی، تو اُس سے طبیعت میں کافی انقباض و گھٹن کی سی کیفیت پیدا ہوئی۔

خیر مولانا صاحب سے ملاقات ہُوئی۔ بہت اچھے اور خوش اخلاق انسان تھے۔ کُچھ دیر گفتگو کے بعد میں نے عرض کی کہ میں نے آج رات کو واپسی کرنی ہے۔ تو اُن کو انتہائی حیرت ہوئی۔ کہنے لگے کہ آپ تو تین (3) دن کے عمل کے لئے اتنی دُور سے آئے ہیں اور بغیر عمل کئے واپس جا رہے ہیں۔ ہم آپ کو جانے نہیں دیتے، تو میں نے کچھ عذر پیش کئے تو کہنے لگے کہ آپ کے ساتھ جنات کا مسئلہ ہے جو آپ کو عمل کرنے کے لئے نہیں چھوڑ رہے۔ میں چپ ہو گیا۔ اچھا اِن صاحب کا دعویٰ عاملِ جنات اور کچھ تشخیص بذریعہ جنات کا تھا۔

اِس دوران ایک صاحب جو مولانا صاحب کے جاننے والے تھے اپنی بیوی کے کسی مسئلہ کے بارے میں آئے۔ مولانا صاحب نے موبائل نکال کر سائل سے بیوی کا نام مع والدہ پوچھ کر علم الاعداد کے ذریعے حساب کر کے اُن صاحب کو کہا کہ آپ کی بیوی پر کالے جادو کا اثر ہے۔

خیر کچھ دیر بعد وہ صاحب چلے گئے، تو میں نے عرض کی کہ جی فلاں عامل (ایک بڑے عامل کا نام لے کر جن کو مولانا صاحب بھی اچھی طرح جانتے تھے) تو کہتے ہیں کہ علم الاعداد کے ذریعے تشخیص معتبر نہیں ہوتی، (یہ بات صرف ان عامل کی نہیں اور صاحبِ فن حضرات کا بھی یہی خیال ہے) تو مولانا صاحب کہنے لگے کہ وُہ خود بھی معتبر نہیں، کچھ غصے میں، پھر کہنے لگے کیوں معتبر نہیں ہوتی؟ پھر میرا نام مع والدہ کا نام پوچھ کر ایک کاپی جو میں اپنے ساتھ لے کر گیا تھا، اُس میں بغیر موبائل کے حساب کرنے لگے۔ حساب کر کے کہنے لگے کہ تقسیم سے دو باقی بچے جو نتیجہ ہے اس بات کا آپ پر جنات کا اثر ہے (اُن کے قاعدہ کے مطابق) تو کہنے لگے میں نے تو کہا تھا کہ آپ پر جنات کا اثر ہے۔ جو آپ کو یہاں رہنے کے لئے نہیں چھوڑ رہے۔ جبکہ میرا معاملہ تو کچھ اور تھا جو اُن صاحب سے کہہ نہیں سکتا تھا۔

خیر اس دوران ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا مولانا صاحب نماز کی تیاری کیلئے وضو بنانے لگے تو میں نے وہی اپنی کاپی اُٹھائی اور جو حساب مولانا صاحب نے کیا تھا اُس کی جانچ پڑتال کرنے لگ گیا۔ اس حساب میں مولانا صاحب سے غلطی واقع ہوئی تھی، تقسیم کے بعد دو کے بجائے ایک بچتا تھا اور ایک بچنے کا نتیجہ نا جنات تھا اور نا جادو۔

نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں نے عرض کی حضرت تقسیم میں غلطی واقع ہوئی ہے۔ تقسیم کے بعد دو کے بجائے ایک بچتا ہے۔ کہنے لگے کیسے؟ میں نے کاپی میں اس غلطی کی نشان دہی کی۔ انہوں نے خود دوبارہ جانچ پڑتال کی تو کہنے لگے ہاں واقعی غلطی ہوئی ہے۔ پھر مُجھ سے کہنے لگے مزید اپنی تسلی کے لئے، کہ آپ میں فلاں فلاں علامات ہیں، جو اکثر جنات کے مریضوں کی ہوتی ہیں۔ انہوں نے ایک ایک کر کے علامات پوچھیں میں سب کی نفی کرتا رہا اور واقعی ایک علامت بھی میرے اندر نہیں تھی۔ الحمدللہ۔ تو دعویٰ تھا عامل جنات ہونے کا تشخیص

ہو رہی تھی علم الاعداد کے ذریعے اور وہ بھی غلط۔

واقعہ نمبر ۲ : کافی عرصہ قبل ایک عامل صاحب کے ساتھ کچھ مراسم تھے جو کوہاٹ شہر ہی میں رہتے ہیں۔ میرا آنا جانا ان کے پاس رہتا تھا۔ میرا گمان اُن کے بارے میں بہت ارفع تھا۔ اُن صاحب کا دعویٰ تسخیر جنات کا تھا اور کہتے تھے کہ میرا پاس بہت جنات ہیں، بقول اُن کے جنات کے لشکر ہیں۔

موصوف عملیات کے ساتھ ساتھ حکمت بھی کرتے تھے، اپنا مطب تھا۔ اُن کے ایک دوست جو ایلو پیتھک کی پریکٹس کرتے تھے۔ ایک ہی جگہ دونوں ساتھ کام کرتے تھے۔ عامل و حکیم صاحب گرمیوں میں گھر کچھ دور ہونے کی وجہ سے ظہر کی نماز کے بعد مطب میں ہی سوتے تھے۔ ان کے یہ دوست ان کے سونے کے دوران ان کی جیب سے موبائل چوری کر لیتے تھے، اس طرح دو یا تین موبائل ان سے چوری کئے۔ موصوف لوگوں کو کہتے کہ جنات جیب سے موبائل نکال لیتے ہیں، لوگوں کو مرعوب کرنے کے لئے کہ میرے پاس جنات ہیں۔

بعد میں ان کو پتہ چلا کہ یہی دوست چوری کر رہا ہے۔ پھر ان کے ایک رشتہ دار نے بطور طعنہ کے ان کو کہا کہ آپ تو عامل جنات ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور آپ کو اپنے حال کی خبر نہیں کہ موبائل آپ کی جیب سے کون چوری کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان بڑے دعویٰ کرنے والوں کو اسی طرح ذلیل کرتا ہے۔

قارئین کرام! شعبہ عملیات میں عامل جنات و تسخیر جنات کا باب اسی طرح تلخ حقائق لئے ہوئے ہے، جس طرح علم جفر اخبار میں خصوصی قواعد کا باب......!!!

خیر اصل بات کی طرف آتا ہوں وہ یہ کہ مضمون کے ابتداء میں ہم نے جو یہ کہا کہ اگر آپ کی تشخیص صرف جادو، جنات، آسیب و نظر بد تک محدود ہے تو آپ کی تشخیص ابھی ادھوری ہے۔ اس سے مُراد آپ کو مایوس کرنا ہرگز ہرگز نہیں، بلکہ اس سے مُراد آپ کو مزید کے لئے محنت، تگ و دو، جذبہ، شوق و لگن پیدا کرنا ہے۔ کیونکہ ابتداء تو یہی جادو، جنات، آسیب و نظر بد کی تشخیص تک ہی محدود ہوتی ہے۔ پھر آگے چل کر اس میں رفتہ رفتہ ترقی ہوتی رہتی ہے، بشرطیکہ سچی محنت، طلب و جستجو بدستور جاری رہے۔

کام کی بات : محنت، ریاضت، مجاہدہ یہ ظاہر ہے۔ باطن میں اللہ تعالیٰ کے حضور متوجہ رہنا، اس سے منزل آسان ہو جاتی ہے اور گوہر مُراد جلد مل جاتا ہے۔ بفضلِ تعالیٰ

بقیہ (ص 51): مجرب روحانی اعمال

پہلے کم از کم ایک سو چھیانوے (196) بار ورنہ تین سو تیرہ (313) بار روزانہ پڑھا کریں۔ ہر قسم کی حاجت کی تکمیل ہوتی رہے گی اور اس کے ذکر سے ان شاء اللہ دین اور دنیا دونوں سنور جائیں گے۔

خاص نوٹ : درجہ بالا وظائف اس نیت سے پڑھا کریں کہ اے اللہ میرے گناہوں کو بخش دے، مجھے غموں اور پریشانیوں سے نجات دے۔ مصائب و بلیات، حادثات و آفات اور حاسدوں اور دشمنوں کے شر سے بال بال محفوظ رکھ۔ مجھے رزق فراخ دے اور میری دنیا و دین دونوں سنوار دے۔

خاص روحانی خدمات

کامیابی امتحان کا خاص تعویذ

جو بچے/افراد محنت کے باوجود امتحان میں کامیاب نہیں ہوتے، ان کے لیے ہر طرح کے امتحان میں کامیابی کا خاص تعویذ۔ تعویذ پہن کر امتحان دیں، ان شاء اللہ، کامیاب ہوں گے۔ ہر ماہ ایک خاص دن میں یہ تعویذ تیار کیا جاتا ہے۔ ہدیہ: 600 روپے

حصولِ ملازمت کا خاص تعویذ

اگر قابل ہونے کے باوجود ملازمت نہ مل رہی ہو تو اس تعویذ کو پہنیں۔ ان شاء اللہ، جلد ملازمت مل جائے گی۔ ہر ماہ ایک خاص دن میں یہ تعویذ تیار کیا جاتا ہے۔ ہدیہ: 800 روپے

بھاگے ہوئے بچے کی واپسی کا خاص تعویذ

اگر کوئی بچہ گھر سے بھاگ جائے اور کسی طرح واپس آنے پر راضی نہ ہو یا پتہ نہ لگ رہا ہو تو اس تعویذ کو استعمال کریں۔ ان شاء اللہ، بچہ واپس آجائے گا۔ ہدیہ: 500 روپے

دکان کی خیر و برکت کا خاص تعویذ

دکان میں خیر و برکت، آمدن میں اضافہ، مال جلد اور زیادہ فروخت ہونے کے لیے دکان میں لٹکانے کا تعویذ۔ جس دکان میں بھی لٹکایا جائے، اس میں حلال کاروبار کا ہونا شرط ہے۔ ہر ماہ ایک خاص دن میں یہ تعویذ تیار کیا جاتا ہے۔ ہدیہ: 1100 روپے

تدبیر ہماری، نتیجہ اللہ جل جلالہ کو جو منظور ہو۔ دل مطمئن نہ ہو تو پہلے استخارہ کریں، پھر اطمینان ہو تو رجوع فرمائیں۔ جو ہدیہ لیا جائے گا، وہ ناقابلِ واپسی ہو گا۔ بغیر ہدیہ تمام خدمات صرف صاحب معاملہ ہی منگوا سکتا ہے۔

گھر کی روحانی صفائی کب ضروری ہوتی ہے

جادو جنات نظر بد کے نحس اثرات کی وجہ سے گھر جہنم بنے ہوئے ہیں۔ خوشیوں کی جگہ غموں، صحتوں کی جگہ بیماریوں، محبتوں کی جگہ نفرتوں نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ اس طرح کی بہت ساری دیگر علامات سخت اور شدید اثرات کی نشانیاں ہیں اگر آپ کے گھر میں یہ مسائل ہیں تو اپنے گھر کو روحانی طور پر چیک کروایئے اور صاف کروایئے۔ اپنے گھر، اپنی رہائش کی روحانی صفائی، روحانی حفاظت، روحانی حصار کیلئے رابطہ کیجئے۔ گھر میں اثرات ہونے کی چند علامات درج ذیل ہیں:

گھر میں بے سکونی	گھر میں بے چینی	گھر میں غصہ آنا	گھر میں بے آرامی	گھر میں نا اتفاقی	گھر میں لڑائی جھگڑے	گھر میں بے برکتی
گھر میں نقصانات	گھر میں نحوست	گھر میں خوف آنا	گھر میں وحشت	گھر میں دباؤ	گھر میں بدبو	گھر میں خون کے چھینٹے
گھر میں پانی کے چھینٹے	گھر میں تیل کے چھینٹے	گھر میں کیڑے زیادہ ہونا	گھر میں زہریلے جانور	گھر سے چیزیں غائب	گھر سے چیزیں گم	گھر میں کچا گوشت ملنا
گھر سے تعویذ نکلنا	گھر سے سوئیاں نکلنا	گھر سے ہڈیاں نکلنا	گھر میں پتھر گرنا	گھر میں کپڑے کٹنا	گھر میں چیزیں خراب ہونا	گھر سے مختلف آوازیں آنا
گھر سے ہنسنے کی آواز آنا	گھر سے رونے کی آواز آنا	گھر میں چلنے کی آواز آنا	گھر میں دروازے بجنا	گھر میں لائٹ خود بند ہونا	گھر کا فروخت نہ ہونا	اور بہت سی علامات

اہل لاہور اور اس کے مضافات کے لئے دار العمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ نے گھروں کی روحانی صفائی کیلئے باقاعدہ روحانی علاج کے ماہرین کی ٹیم تشکیل دے دی ہے۔ جو ہر ہفتے میں 2 دن (ہفتہ اور اتوار) اسی خدمت پر مامور رہیں گے۔ اگر خدانخواستہ آپ کے گھر یا رہائش میں اثرات ہیں تو آپ پورے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔ تاکہ آپ لوگوں کو مشکلات سے نجات مل سکے۔

چار (4) عام نفسیاتی مسائل اور ادویات کے سائڈ افیکٹس

سعدیہ اویس

اکثر لوگوں کو کئی طرح کے نفسیاتی مسائل کا سامنا ہوتا ہے اور یہ مسائل براہ راست انسانی شخصیت، اس کی سوچ اور معاشرتی تعلقات پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ نفسیاتی امراض کی کئی اقسام ہوتی ہیں لیکن کچھ عام نفسیاتی بیماریاں ایسی ہیں جن سے ہر عمر کے لوگ متاثر ہو سکتے ہیں۔

1۔ اے ڈی ایچ ڈی

اس میں مریض کسی ایک چیز پر توجہ مرکوز نہیں کر پاتا، بے چین طبیعت ہونا یا مستقل حرکت کرتے رہنا اور ساکن نہ بیٹھ پانا عام طور پر یہ مسئلہ بچوں میں ہوتا ہے لیکن اکثر بڑے بھی اس کا شکار ہوتے ہیں۔

2۔ انزائٹی یا خوف زدہ ہونا

اس میں بار بار کسی چیز کا خوف یا کچھ برا ہونے کا ڈر ہوتا ہے۔

3۔ بائی پولر

اس میں دو طرح کی کیفیات ہوتی ہیں کبھی مریض بہت زیادہ ایکٹو اور جذباتی ہو جاتا ہے اور کبھی بہت افسردہ اور پریشان ہو جاتا ہے۔

4۔ ڈپریشن

ڈپریشن میں مختلف کیفیات ہو سکتی ہیں جس میں کمزوری اور غفلت شامل ہیں۔

نفسیاتی بیماری کی وجوہات

* ...... جن لوگوں کی فیملی ہسٹری میں یہ بیماری ہو وہ زندگی کے کسی بھی حصے میں اس کا شکار ہو سکتے ہیں۔
* ...... غلط دواؤں یا غذاؤں کے استعمال سے ذہنی صحت پر اثر پڑتا ہے اور ان بیماریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
* ...... ماحولیاتی اثرات جو نفسیات پر اثر انداز ہو کر غلط سوچ پیدا کر دیں ذہنی بیماری کا باعث بنتے ہیں۔

ذہنی بیماری کی علامات:

ذہنی سوچ اور رویے میں اچانک تبدیلی اہم اور قابل توجہ ہے۔ اس کے علاوہ نیچے دی گئی علامات میں سے کوئی بھی علامت ہوں تو نفسیاتی مسئلے کو ظاہر کرتی ہیں۔

* ...... غلط سوچ پیدا ہونا
* ...... لمبے عرصے تک ڈپریشن یا اداسی رہنا
* ...... بہت زیادہ خوف، تفکرات اور پریشانیاں
* ...... سماجی تعلقات ختم کر لینا
* ...... کھانے یا سونے کی عادات میں ڈرامائی تبدیلی آجانا
* ...... شدید غصہ آنا
* ...... عجیب و غریب خیالات آنا یا وہم ہونا
* ...... ایسی چیزیں دکھائی یا سنائی دینا جو وہاں موجود نہ ہوں
* ...... روزمرہ کاموں سے دل اچاٹ ہو جانا
* ...... خودکشی کے خیالات آنا
* ...... لاتعداد جسمانی تکالیف محسوس ہونا

علاج اور سائڈ افیکٹ

مریض کی مختلف کیفیات کی بناء پر اس کا علاج کیا جاتا ہے اور دوائیں دی جاتی ہیں۔ ان دواؤں کے سائڈ افیکٹ میں متلی، سر درد، بھوک میں تبدیلی، بہت زیادہ پیشاب آنا، بے چینی، دھندلا نظر آنا اور غنودگی شامل ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے سائڈ افیکٹ جسمانی اور ذہنی ساخت کی بنیاد پر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ کہنا بھی مشکل ہے کہ یہ دوائیں کس حد تک مریض پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ جن لوگوں کو یہ دوائیں دی جاتی ہیں ان کے لیے ضروری ہے کہ علاج کے دوران ڈاکٹر سے رابطہ رکھیں اور جو بھی سائڈ افیکٹ ہوں وہ ڈاکٹر کو ضرور بتائیں۔

السر: علامات، پرہیز اور علاج

مرتب: اراکین مطب العارف

صحت مند معدہ ہر چیز کو جزوِ بدن بنانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے مگر افسوس کہ مسلسل روغنی اشیاء، چٹ پٹی مرچ مسالے والی غذائیں اور بازاری کھانوں نے معدے کا بیڑہ غرق کردیا ہے جس کی وجہ سے معدہ کئی بیماریوں کا مجموعہ بن جاتا ہے۔ مثلاً تیزابیت، معدے کے زخم اور معدے کے السر وغیرہ۔ معدہ ہمارے جسم کا انتہائی اہم عضو ہے جس کی خرابی سے پورے جسم کے اعضاء متاثر ہوتے ہیں۔

معدہ ہی ہضم شدہ خوراک کے ذریعے ہمارے جسم کو قوت اور توانائی فراہم کرتا ہے۔ لہٰذا اگر معدہ ہی خراب ہوجائے تو پھر جسم کو قوت اور توانائی کس طرح ملے گی؟ معدے کی خرابی میں سب سے اہم کردار غذائی بے اعتدالی کا ہے یعنی متوازن خوراک کا نہ ہونا۔

اس کے ساتھ ساتھ جو لوگ کھائے چلے جاتے ہیں اور اس کے مطابق جسمانی کام کاج نہیں کرتے ان کا معدہ خراب ہوجاتا ہے۔ اس مرض کی مندرجہ ذیل علامتیں ہیں۔

درد

زخمِ معدہ کا درد غذا کھانے کے فوری بعد یا بعض مریضوں میں زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ رات کے وقت کبھی درد نہیں ہوتا ہے۔ اس کے برعکس زخمِ اثنیٰ عشر مریضوں کو رات (دو بجے) کو درد ہوتا ہے اور غذا کھانے کے بعد درد میں نمایاں کمی ہوتی ہے۔

جسمانی اور ذہنی دباؤ

زخمِ اثنیٰ عشر کی شرح دماغی کام کرنے والے افراد (جیسے کہ ڈاکٹروں، لیڈروں، بنک ملازموں، ادیبوں، فن کاروں، صحافیوں، قلمکاروں) میں بہت زیادہ ہوتی ہے جبکہ زخمِ معدہ کی شرح جسمانی کام کرنے والے افراد میں زیادہ ہوتی ہے۔

اُلٹی

اگر مریض کو اُلٹی کے بعد درد میں نمایاں کمی محسوس ہوتی ہے تو یہ زخمِ معدہ کی طرف واضح اشارہ ہے۔ زخمِ اثنیٰ عشر کے مریض کو اُلٹی کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔ اس کے بجائے وہ ''دل جلنے'' کی شکایت کرتے ہیں۔ وہ اکثر چھاتی کے بائیں جانب پستان کے نیچے درد محسوس کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ قدرے بے چینی محسوس کرتے ہیں۔

پرہیز

السر کے مرض میں علاج اور پرہیز دونوں ضروری ہے۔ اس لیے مریض ایسی غذائیں استعمال کریں جو معدے کو مزید تکلیف سے محفوظ رکھ سکیں۔

* جو چیز بھی کھانے سے معدہ مزاحمت کرے، ہاضمے میں مشکل ہو یا تکلیف بڑھ جائے اسے کھانے سے گریز کریں۔

* اگر السر دواؤں کی وجہ سے ہو تو اس صورت میں ان ادویات سے گریز کریں۔

* جلدی جلدی کھانے اور مرغن مسالے دار کھانے، اچار، بہت زیادہ نمکین یا سرخ مرچ کی چٹ پٹی چیزوں کو استعمال نہ کریں بلکہ غذائیں ہلکی پھلکی استعمال کریں۔

* السر کے مریضوں کو لیموں یا مالٹے اور سوڈا وغیرہ استعمال نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اس میں قدرتی تیزابیت موجود ہوتی ہے جس سے السر کی تکلیف بڑھ سکتی ہے۔

* دودھ کے استعمال سے السر کے مریضوں کو عارضی راحت پہنچتی ہے۔ دودھ معدے کی تیزابیت کو عارضی طور پر غیر موثر کردیتا ہے۔ اس لیے دودھ سے السر کے مریضوں کو آرام محسوس ہوتا ہے، لیکن بعد میں دودھ میں موجود کیلشیم کے باعث تیزابیت بڑھ جاتی ہے۔ تیزابیت کی پیداوار بڑھ جانے سے تکلیف میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ * ذہنی دباؤ اور پریشانیوں سے نجات

حاصل کرنے کی کوششیں کریں۔

٭ ماحول کو پُرسکون اور صاف ستھرا بنائیں۔ غذا اور پانی کی صفائی کا خصوصی خیال رکھیں۔

٭ کھانا کھانے کا ٹائم بنالیں اور اپنی غذا میں سبز پتوں والی سبزیوں کا عام استعمال کریں۔

٭ سونے اور جاگنے کا وقت متعین کرلیں۔ پیدل چہل قدمی کا وقت نکالیں، ہلکی ورزش کریں۔

٭ مناسب مقدار میں بند گوبھی کھائیں۔ اس کی وجہ سے گیس اور السر دونوں کو قابو کرنے میں مدد ملتی ہے۔

ہومیوپیتھی علاج

٭ اکونائٹ Aconite: خوف و پریشانی کی حالت میں ذکی الحس معدہ، درد، تناؤ، چھونا برداشت نہ ہو، پانی کے سوا ہر چیز کڑوی لگے، قے کردے، بلغم یا خون ملے مواد کی قے، معدے میں دباؤ، معدے سے خوراک کی نالی کے منہ تک جلن ہو۔

٭ ایتھوزا Aethusa: معدہ میں تکلیف اور کھنچاوٹ کے ساتھ درد، قے اور زبردست کمزوری کا احساس، جلن اور معدے میں چیرنے پھاڑنے جیسا درد، معدہ ذکی الحس۔

٭ آرنیکا Arnica: معدہ بھاری جیسے پتھر رکھا ہوا ہو، سڑی ہوئی قے، کھانا کھاتے وقت درد ہو، کھانے سے نفرت، ایسی علامات میں صرف ایک ڈوز دے کر انتظار کریں۔

٭ برائی اونیا Bryonia: پیٹ ذکی الحس، پیٹ کے بالائی حصہ ذکی الحس، معدہ کا درد، کھانے پینے کے بعد قے کردے، ذائقہ کی حس ختم ہوجاتی ہے، جلن کے ساتھ درد، سوئی گڑنے جیسا درد ہو، قبض اور معدہ کی خرابیوں میں دیں۔

دیگر تمام ادویات میں کیلنڈولا، کلکیر یا کارب، کاربوویج، کالوسنتھ، گریفائٹس، ہیپر کیم، کالی بائی کروم، لائیکوپوڈیم نکس وامیکا، پلساٹیلا، رسٹاکس، تھوجا وغیرہ ہومیوپیتھی کی قابل ذکر ادویات ہیں، جنھیں السر Ulcer کے مریضوں کو فوری طبی امداد کے طور پر بھی دی جاسکتی ہے تاکہ مریض مزید تکلیف سے راحت پاسکے اور علاماتی طور پر لگنے والی ادویات مستقل استعمال کرکے مریض کو السر سے مستقل طور پر آسانی فراہم کی جاسکتی ہے۔

نوٹ: 'السر' اور ہر طرح کی بیماریوں کا طب یونانی اور ہومیوپیتھی سے علاج کروانے کے لیے مطب العارف سے رابطہ کریں۔ طب یونانی: مولانا حکیم سلیم اللہ صاحب 03047772772۔ ہومیوپیتھی: ہومیولیڈی ڈاکٹر امّ نافع 03464435862 (صرف خواتین)

علمِ سیمیا کے نوادرات

تحریر و تحقیق: صوفی غلام سرور شباب علوی (حویلی لکھا)

یہ ایسے نوادرات ہیں جنہیں علم کے ''دُرہائے ناسفتہ'' کہوں تو بے جا نہ ہوگا۔ اگر آپ ان کو محفوظ رکھیں گے تو زندگی کے کسی بھی لمحے یہ چیزیں معجزہ نما اثرات کے ساتھ آپ کے کام آئیں گی۔

۱ اگر نکسیر کے خون اس شدت سے پھوٹ پڑے کہ ڈاکٹر اور حکیم بند کرنے میں عاجز آجائیں اور مریض موت کے قریب پہنچ جائے تو آپ یہ کرامت نما ٹوٹکہ آزمائیں۔ ان شاء اللہ کبھی ناکام ثابت نہ ہوگا۔

خود نکسیر کے خون کے ساتھ انگشت شہادت کی مدد سے مریض کا نام سفید کاغذ پر لکھیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں یا پھر مریض کی پیشانی پر لکھ دیں۔ بس نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔

۲ وضع حمل کے وقت جو کپڑا عورت نے پہن رکھا ہو، شلوار، قمیض، دوپٹہ یا چادر غیرہ۔ جب کسی کو تپ چوتھیا شروع ہو تو کچھ دیر پہلے اس کا کوئی سا کپڑا مریض پہن لے۔ بس بخار یک دم رک جائے گا۔

۳ عورت کی آنول بقدر نصف انچ کاٹ کر سکھا کر انگشتری بنوالیں اور نگینے کی جگہ آنول کا یہ ٹکڑا نصب کر دیں۔ تولنج ہر قسم کے لیے اس سے بہتر دوا اور دعا نہ ہوگی۔ مریض ادھر انگشتری انگلی میں ڈالے گا، ادھر قولنج کا درد غائب ہوگا۔

۴ اگر کسی شیر خوار بچے کا دانت اکھڑ جائے اور زمین پر گرنے سے پہلے اسے محفوظ رکھ دیا جائے۔ اس دانت کو چاندی کے خول میں بند کر کے جو عورت اپنے پاس رکھے گی، حمل سے محفوظ رہے گی۔ جب تک دانت پاس رہے گا، برتھ کنٹرول رہے گا۔

۵ گھوڑے کا پسینہ جس جگہ بھی لگایا جائے تو اس جگہ بال پیدا نہ ہوں گے۔

۶ ہاتھی کی ہڈی کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا تعویذ کی صورت گلے میں ڈال دیا جائے تو مرگی کا عارضہ دور ہو جائے گا۔

۷ اونٹ کی چربی جس کمرے میں موجود ہو، اس کمرے میں سانپ ہرگز داخل نہ ہوگا۔

۸ مسلسل البول اور بول فی الفراش...... دونوں امراض کے لیے اونٹ کی پشم تعویذ کی صورت بنا کر مریض بازو پر باندھ لے۔ مرض سے نجات ملے۔

۹ گدھے کا کوئی سا دانت بے خوابی کے مریض کے سرہانے کے نیچے رکھ دیں، اس پر نیند کا غلبہ ہوگا۔

۱۰ خچر کے کان کی میل بقدر ایک چاول کیپسول میں بند کر کے ایک ہی بار جو عورت کھالے گی، ہمیشہ کے لیے برتھ کنٹرول ہوگا۔

۱۱ خچر کا دانت تعویذ کی صورت بازو پر باندھنا۔ تسخیر دولت اور رزق کے لیے اکثر حکماء اور عاملین نے مفید تسلیم کیا ہے۔

۱۲ جو شیر خوار بچہ رات کو زیادہ روتا ہو تو بکری کی چار مینگنیاں بچہ کے سرہانے رکھ دیں، بچہ آرام کی نیند سو جائے گا۔

۱۳ ٹیڈی بکری (پہاڑی بکری) کا ایک سینگ کسی سوتے ہوئے شخص کے سرہانے رکھ دیں اور اس پر سوال کریں۔ وہ ہر سوال کا جواب ایک ہپناٹائزڈ آدمی کی طرح بالکل صحیح دے گا۔ اور نیند کے عالم میں اسے مطلقاً خبر نہ ہوگی کہ وہ کیا بول رہا ہے۔

۱۴ دیوانے کتے کا دانت پاس رکھنے سے اگر کسی دیوانے کتے کا آمنا سامنا ہو جائے تو کتا ہرگز آپ کو تکلیف نہ دے گا اور کترا کر راستہ چھوڑ دے گا۔

۱۵ کہا جاتا ہے کہ بلی کی آنول کا ایک ٹکڑا جس شخص کے پاس ہوگا، دولت اس شخص کے دروازے توڑ کر پہنچے گی۔

۱۶ شیر کی پیشانی کے چمڑے کو ٹوپی میں محفوظ رکھ دیا جائے۔ تو ہر شخص پر اس کا رعب ہوگا۔ سب لوگ بے ساختہ سلام کریں گے۔

۱۷ بھیڑیئے کے سر کو چونا بنانے والی بھٹی میں رکھ دیں۔ تین (3) دنوں کے

بعد نکالیں۔ اور سرمہ کی طرح باریک پیس کر نسوار بنالیں۔ مرگی والے مریض کے لیے یہ نسوار بمنزلہ اکسیر موثر ہے۔ ایک ہفتہ بھر نسوار صبح شام لینے کے بعد مرگی کا دورہ پھر نہ پڑے گا۔

۱۸ بارہ سنگھے کی داہنی آنکھ تعویذ کی صورت جس شخص کے پاس ہوگی، اس پر کوئی درندہ، شیر، چیتا وغیرہ حملہ نہ کرے گا۔

۱۹ ہرن کی بائیں آنکھ پاس رکھنا تسخیر خلائق کے لیے مجرب ومفید فارمولہ سمجھا جاتا ہے۔

۲۰ نیولے کا خون، خنازیر پر ضماد کرنا شفا کی گارنٹی ہے۔

۲۱ جب دو مرغ باہم لڑ رہے ہوں تو ان کی ٹوپی سے جو خون نکلے، اگر یہ خون کسی چیز میں ملا کر دو دوستوں کو کھلا دیں گے تو زندگی بھر ایک دوسرے سے جدا رہیں گے۔ مگر گناہ کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے۔

۲۲ کرکناتھ مرغ کی چربی سرمہ کی طرح دونوں آنکھوں میں لگائیں۔ رات کے وقت دفینہ جہاں ہوگا، نظر آئے گا۔

۲۳ مور کا تاج پاس رکھنا ہر دل عزیزی کے لیے مفید ہے۔

۲۴ لنگور کا خون صرف ایک گھونٹ پینے یا پلانے سے انسان فوراً گونگا ہوجائے گا۔

۲۵ پاگل کتے کے کاٹے پر (جھاہ) جنگلی چوہے کا خون لگادیں تو اثر زہر فوراً ختم ہوجائے گا۔ اور انسان ہلاکو جیسے موذی مرض سے صاف بچ جائے گا۔

۲۶ کہا جاتا ہے کہ پکھ نچھتر یعنی منزل نثرہ میں کوے کے دائیں پاؤں کے ناخن اگر حاصل کر کے انسان اپنے بٹوے میں رکھ لے تو یہ بٹوہ روپوں سے کبھی خالی نہ ہوگا۔

۲۷ کہا جاتا ہے کہ الو کی آنکھ (داہنی) چاندی کے خول میں بند کردیں۔ اور اس تعویذ کو منہ میں رکھیں تو ہر شخص کا ضمیر خود بخود کشف ہوگا۔ ہر سوال کا جواب صحیح القا ہوگا۔

۲۸ ابابیل کے گھونسلے کی گھاس کے چند تنکے پانی میں ابال کر وضع حمل کے وقت عورت کو پلادیں تو فوراً بچہ پیدا ہوجائے گا۔

۲۹ ہڑتال، تخم کرنجوہ اور سہاگہ ہم وزن لے کر کمہار کے آوے میں چٹکی بھر ڈال دیں۔ تو سب برتن ٹوٹ جائیں گے۔

۳۰ آدمی، بھیڑ اور سانپ...... ہر سہ کی استخوان لے کر اتوار کے دن زیر زمین گاڑ دیں۔ چالیس (40) یوم گزرنے کے بعد نکال لیں۔ سفوف کر کے جس درخت کے نیچے ایک چٹکی بھر ڈال دیں گے، اس درخت کی تمام شاخیں زمین کی طرف جھک جائیں گی۔

۳۱ سورج مکھی کے پھولوں کا عرق، سفید سرسوں میں گھس کر بطور سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگائیں اور دوپہر کے وقت ایک برتن میں پانی بھر کے اس میں دیکھیں تو آسمان کے تارے واضح طور پر نظر آئیں گے۔

۳۲ اتوار کے دن دوپہر کے وقت چیل اور کوے کے گھونسلوں کو اتاریں۔ پھر گوگل کی دھونی دیں اور قبرستان میں جا کر ان کو جلا کر راکھ حاصل کریں۔ یہ خاکستر ایک چٹکی بھر جس بند قفل پر لگائیں گے، وہ قفل خود بخود کھل جائے گا۔ اس بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ برہنہ ہو کر گھونسلے اتارے جائیں۔

۳۳ بچھو کا ڈنگ، کوے کا ناخن، کتے کا ناخن، ان تینوں کو اونٹ کے چمڑے میں بطور تعویذ بنائیں۔ کسی پاگل کے گلے میں ڈال دیں۔ فوراً ہوش وحواس درست ہوں گے۔ انتہائی مفید علاج ہے۔

۳۴ سوسمار کی پشت کی ہڈی پاس رکھنا مردانہ کمزوری کا مستند علاج ہے۔

۳۵ فیروزہ کی انگشتری پہننا بجلی کے ضرر سے بچاتا ہے۔

۳۶ گینڈے کے چمڑے کی انگشتری یا چھلہ بنا کر پہننا، بواسیر سے عمر بھر کے لیے نجات دلاتا ہے۔

۳۷ مجیٹھ کا گانٹھ سر پر باندھنے سے سر درد کو ضرور آرام آئے گا۔

نوٹ: درج بالا تمام ٹوٹکے جو بھی استعمال کریں، اپنی ذمہ داری پر استعمال کریں۔ ادارہ یا مصنف ذمہ دار نہ ہوں گے۔

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے مفت میں عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ آپ بغیر کسی فیس کے درج ذیل اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

سورج گرہن آغاز 30 اپریل رات 23:45 ۔ اختتام یکم مئی رات 03:37 ۔

چاند گرہن آغاز 16 مئی صبح 06:32 ۔ اختتام 16 مئی دوپہر 11:50 ۔

عوام کے لیے اعمال

آیت الکرسی (بنیادی): جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور تمام قسم بد اثرات و کئی بیماریوں کا علاج۔

بنیادی حصار: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

معوذتین (بنیادی): ہر قسم بد اثرات و مختلف بیماریوں کا علاج و حفاظت۔

نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (بنیادی): انسانی نظر بد کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل۔ ہر گھر کی ضرورت۔ خصوصاً خواتین کے لیے انتہائی مفید۔

سورۂ فاتحہ (بنیادی): ہر قسم کی بیماری کا علاج اور حاجت کے لیے۔

عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ": جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔ خصوصاً خواتین کے لیے تا کہ وہ خاص ایام میں بھی پڑھ سکیں۔

درود ابراهیمی: حصول برکت اور حاجات کے پورا ہونے میں مفید۔

درود تنجینا: مشکلات و پریشانیوں سے نجات میں مجرب۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ہر جائز مقصد کے حصول میں مفید۔

سلم قولا من رب رحیم: حب و تسخیر اور ہر جائز مقصد کے لیے۔

لاعلاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل: لاعلاج اور مہلک امراض کے علاج کا خاص اور مجرب قرآنی عمل۔

خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے اعمال

آیات شفا: ہر قسم کی چھوٹی اور بڑی بیماری کا علاج۔

حصار کا خاص عمل: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حزب البحر: ہر جائز مقصد کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

حزب النصر: دشمنوں کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

لاحول ولاقوۃ الا باللہ: ہر جائز مقصد اور شیاطین سے حفاظت کا خاص عمل۔

آیت کریمہ: سخت سے سخت مشکل کے حل اور حصول حاجات کے لیے مجرب۔

علمائے کرام کے لیے اعمال

عمل تہدیدی نامہ مبارک: جنات کے علاج کا مجرب ترین عمل۔

جادو اور جنات کے علاج اور حفاظت کا خاص عمل: ہر قسم کے جنات، جادو کو ختم کرنے اور حفاظت کے لیے مجرب عمل۔

خواتین کے لیے اعمال

زبان بندی کا عمل: خلاف بولنے والے کی زبان بندی۔ خاص کر سسرال میں ساس، نند، جٹھانی، دیورانی یا شوہر کی زبان بندی کے لیے۔

محبت کا عمل: شوہر، سسرالی رشتے، اولاد کی محبت کے لیے۔

روحانی درسگاہ کے شاگردوں کے لیے اعمال

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا خاص عمل: ہر قسم کی بندش، چاہے وہ جادو، جنات یا نظرِ بد کی وجہ سے ہو، کا مجرب ترین توڑ۔

دشمن لے لئے عظیم دعا کا عمل: دشمن سے نجات اور اس کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورة مزمل کا خاص عمل: ہر جائز مقصد، تسخیر، سحر و آسیب کا علاج۔

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال ہیں جو گرھن کے اوقات میں بغیر کسی فیس کے کروائے جاتے ہیں۔ اعمال منگوانے کے لئے روحانی درسگاہ میں کم از کم ایک ہفتہ پہلے اطلاع کرنا ضروری ہے۔ ان کی تفصیلات کے لیے ویب سائٹ وزٹ کریں:

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/suraj_girhan.htm
http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/chand_girhan.htm

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0309-7772775
0333-7772775 042-35420586
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah

جادو جنات کورس

جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیرپا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بد اثرات سے نجات پائیں۔

یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے جن پر ایک عرصہ سے یہ بد اثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروا لیا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔

ذیل میں چند علامات درج کی جا رہی ہیں۔ یہ علامات سحر و جنات سے متاثرہ معمولی اثرات کے مریض سے لے کر سخت سے سخت سحری و جناتی اثرات کے مریضوں میں پائی جاتی ہیں۔ معمولی اثرات میں ان کی شدت کم ہوتی ہے جب کہ سخت اثرات میں شدت زیادہ ہوتی ہے۔

جسمانی علامات

● پورے جسم یا کسی خاص حصے خاص کر سر، کندھے، کمر، ٹانگوں اور گردوں میں درد ہونا ● جسم کا کوئی خاص حصہ گرم رہنا ● جسم میں آگ کی تپش محسوس ہونا ● جسمانی رنگت کا تبدیل ہو جانا، خصوصاً چہرے کا رنگ سیاہ پڑ جائے ● ہر وقت بخار کی کیفیت رہنا ● کسی سبب کے بغیر سر درد ہونا یا کنپٹیوں پر بوجھ رہنا ● آنکھیں لال رہنا یا آنکھوں کا انگاروں کی طرح سرخ ہو جانا ● ناک اور منہ سے گرم ہوا یا خون نکلنا ● کندھوں پر بوجھ رہنا ● دل کی دھڑکن کا تیز یا کم ہو جانا ● گھبراہٹ محسوس کرنا ● سانس مشکل سے آنا اور سینے میں درد ہونا ● عورتوں کی ماہواری میں بے قاعدگی ● ہمبستری کے وقت عورت کا انتہائی گھٹن محسوس کرنا ● شوہر یا بیوی میں ہمبستری کی خواہش کا ختم ہو جانا وغیرہ

گھر کی علامات

● زمین، دیوار یا چیزوں پر خون، تیل، پانی، رنگدار پانی کے چھینٹیں آنا ● چیزوں کا اِدھر اُدھر ہونا (یعنی اپنی جگہ نہ ملنا بلکہ کہیں اور رکھے ہوئے ملنا) ● زہریلے جانوروں کا نکلنا مثلاً سانپ، بچھو، کنکھجورے وغیرہ ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر دال/ چاول/ انڈے وغیرہ پڑے ملنا ● تعویز/ سوئیاں/ بال/ دھاگہ/ مٹی/ ریت/ راکھ وغیرہ پڑے ملنا ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر جانور کا سر/ کچا گوشت/ ہڈیاں/ پتھر/ کنکر پڑے ملنا ● الماری/ بند بکس میں، باہر رکھے ہوئے یا پہنے ہوئے کپڑوں کا کٹنا ● چارپائی، بستر، دروازوں، کھڑکیوں، برتنوں وغیرہ کا ہلنا یا کھڑکنا ● چھت پر چلنے یا دوڑنے کی آوازیں آنا (خصوصاً رات کو) ● بتی (لائٹ) کا خود بخود جلنا بجھنا ● گھر میں کسی کے چلنے پھرنے کی آوازیں آنا۔

اگر درج بالا حالات کسی کے ساتھ ہوں تو یہ کورس ایسے ہی فرد کے لیے پیغامِ شفاء ہے۔ اس کورس میں روحانی دکان کی بہت سی مجرب تیار شدہ اشیاء کو بھی شامل کیا گیا ہے جس سے اس کورس کی افادیت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کورس میں روحانی اگربتی، روحانی آبِ شفاء، روحانی پھکی، روحانی عرق گلاب، روحانی شہد، روحانی تیل، روحانی نمک، روحانی چینی، روحانی صابن اور بہت سی چیزیں بھی اس میں مریض کو استعمال کروائی جاتی ہیں۔

اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن/ جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے ادارے کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔

ھدیہ فی کورس (40 یوم)

ابتدائی (4500) درمیانہ (6500) انتہائی (8500)

ھدیہ فی کورس (21 یوم)

ابتدائی (2300) درمیانہ (3300) انتہائی (4300)

کنڈالنی شکتی کورس

کنڈالنی شکتی کیا ہے؟ پانچ ہزار سال قبل ماہرینِ یوگ سائنس نے سراغ لگایا کہ ہماری ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے میں ایک ناگن کنڈلی مارے پڑی سو رہی ہے۔ اس ناگن کی شکل مثلثی بتائی جاتی ہے۔ یوگ کی مختلف ریاضتوں اور مشقوں کے ذریعے جب اس پر ضرب لگائی جاتی ہے تو وہ جاگ اُٹھتی ہے اور جاگنے کے بعد وہ نروز Nerves کے ذریعے ریڑھ کی ہڈی کے راستے دماغ کی طرف ''سہرار چکرا'' سے ملاپ کے لئے محوسفر ہوجاتی ہے۔ یہی ناگن دراصل وہ پُراسرار قوت ہے جو یوگ سائنس کی اصطلاح میں ''کنڈالنی شکتی'' کہلاتی ہے۔ کنڈالنی جب سہرار چکرا تک پہنچ جاتی ہے۔ تو یوگی کے قلب کا دروازہ کھل جاتا ہے اور اس میں مشاہدے اور معائنے کی قوت بڑھ جاتی ہے۔ جدید سائنسی ریسرچ اس بارے میں ہمیں بتاتی ہے کہ ہر انسان کی ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے میں منفی بجلی کا ذخیرہ ہوتا ہے اور دماغ کے بالائی حصے Cerebral Region میں مثبت بجلی Positive Electricity مقیم ہوتی ہے۔ یوگ کی مختلف ریاضتوں اور مشقوں کے ذریعے ان دونوں مرکز کو اعصاب کے ذریعے ملا دیا جاتا ہے جس سے ایک پُراسرار برقی توانائی پیدا ہوتی ہے بالکل اسی طرح جیسے بجلی کی منفی اور مثبت رو کو ایک خاص ترتیب سے ملا کر بجلی کے بلب کو روشن کیا جاتا ہے۔ سائنسدانوں نے اس برقی توانائی کو پیزو الیکٹریسٹی Piezo Elctricity کا نام دیا ہے۔ یہی وہ توانائی ہے جو قوت کا خزانہ ہے۔ اسی توانائی سے استفادہ کرکے انسان سپر یچوئل پاورز ماسٹر اور برتر انسان بن جاتا ہے۔

کنڈالنی شکتی: ہندو مت کے ہٹ یوگ اور راجیہ یوگا کے تمام آسنوں اور مشقوں کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ انسان کی ریڑھ کی ہڈی کی جڑ میں رُوحِ حیات ''کنڈالنی شکتی'' سرپنٹ پاور یا شعلہ روح کا گھر تسلیم کیا گیا ہے۔ جو عظیم طاقتور ناگ کی طرح کنڈلی مارے بیٹھی ہے۔ انسان کی ریڑھ کی ہڈی اور حرام مغز کا حصہ جذبات، جبلت اور لاشعور کی حیرت انگیز قوتوں کا خزانہ ہے۔ ریڑھ کی ہڈی کی نلی میں بہت سے چکر ''اعصابی گچھے'' پائے جاتے ہیں۔ ان گچھوں یا چکراز میں رُوحِ حیات مسلسل گردش کرتی رہتی ہے لیکن اس رُوحِ حیات کا بہت بڑا حصہ پشت کے نچلے حصے میں محفوظ اور غیر مستعمل حالات میں پایا جاتا ہے۔ راجیہ یوگا اور مابعد النفسیات کے نظریہ کے مطابق اگر ہم ارتکازِ توجہ، مراقبہ، ریاضت اور سانس کی مشقوں ''پرانایام'' یا ''متبادل طرزِ تنفس'' کے ذریعے اپنی رُوحِ حیات یعنی کنڈالنی شکتی کو جگالیں تو اپنے نورانی جسم ''ہمزاد'' نادیدہ پیکر کو شعوری طور پر تابع فرمان بنا سکتے ہیں۔ کنڈالنی شکتی کو بیدار کرلیا جائے تو یہ پھن پھیلائے ناگ کی طرح ہوجاتی ہے۔

اگر کوئی فرد کنڈالنی شکتی کو بیدار کرلے تو اُس کے لیے سپر نیچرل یعنی خارق العادات آسان ہوجاتیں ہیں۔ اور اُسے مزید ریاضت کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ کنڈالنی کی بیداری کے بعد یوگی حسبِ منشاء اپنے اوپر جو بھی کیفیت چاہے آن واحد میں طاری کرلیتا ہے۔ چنانچہ اُس کے لیے بیداریٔ نفس کی کیفیت پیدا کرنا کوئی مشکل کام نہیں۔ مزید براں کنڈالنی کی بیداری کے بعد یوگی جب چاہے اپنے جسم سے الگ ہوجاتا ہے اور جسم مثالی (آسٹرل باڈی) کے ذریعے دُوردراز مقامات کا سفر چند لمحوں میں طے کرلیتا ہے۔

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو مؤثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دار العمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جا رہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پُرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہو سکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے | مکمل حصہ: 1000 روپے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کا 23 واں خاص نمبر

اثرات بد نمبر

صفحات 106 | اپریل 2022

قیمت: 120 روپے

3 عدد خاص نمبر خریدنے پر اب 30% ڈسکاؤنٹ حاصل کیجئے یعنی فی خاص نمبر صرف 84 روپے میں

اثراتِ بد سے نجات کے اعمال۔ جادو اور شیطانی چالوں کا توڑ۔ حضرت مولانا حسن الہاشمیؒ کے اثراتِ بد سے نجات کے اعمال۔ اثراتِ بد سے نجات کے قرآنی عملیات۔ اثراتِ بد سے نجات کے نورانی عملیات۔ اثراتِ بد کے مجرب روحانی علاج۔ خواتین کے لیے جادو اور جنات سے نجات کا خاص عمل۔ مجموعہ وظائف برائے سحر و آسیب۔ دفیعہ رجعت و آسیب وجنون جادو ٹونہ۔ عاملین و کاملین کے اثراتِ بد سے نجات کے مجرب اعمال۔ لوح مبارک برائے روحانی حفاظت۔ اثراتِ بد کی تشخیص کے روحانی اعمال۔ سخت سے سخت جادو اور جن سے نجات کا تعویذ۔ وظائف حصار و برکت، نجات از شرِ سحر و جنات۔ مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ کے اثراتِ بد سے نجات کے اعمال۔ مولانا خواجہ محمد یٰسین مدظلہ کے اثراتِ بد سے نجات کے اعمال۔

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

مئی 2022ء

تاریخ ________

نام ________ والد ________

والدہ ________ مکمل پتہ ________

____

موبائل نمبر ________

Email (اگر ہو) ________

مطلوبہ اعمال ________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

مئی 2022ء

تاریخ ________

نام ________ والد ________

والدہ ________ مکمل پتہ ________

____

موبائل نمبر ________

Email (اگر ہو) ________

مطلوبہ علاج ________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35410586